۷۰ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ○ وَهُوَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ

جانتا ہی جو چھپ رہا ہی اُنکے سینون مین اور جو جتاتے ہین * اور وہی اللہ ہی کسیکی

إِلَّا هُوَ ۖ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُولَىٰ وَالْآخِرَةِ ۖ وَلَهُ الْحُكْمُ

بندگی نہین اُسکے سواے * اُسی کی تعریف ہی پہلے مین اور پچھلے مین • اور اُسی کے ہاتھ حکم ہی

۷۱ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ○ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَ

اور اُسی پاس پھیرے جاؤ گے * تو کہہ دیکھو تو اگر اللہ رکھ دے تم پر رات

سَرْمَدًا إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُمْ

ہمیشہ کو قیامت کے دن تک کون حاکم ہی اللہ کے سواے کہ لا دے تمکو کہین

ف • یہہ شیطان بولین گے • بہکایا تو ہی اُنھون نے پر نام لیکر نیکون کا • اِسی سے کہا کہ ہمکو نہ پوجتے تھے

ف • یعنے اُسوقت یہہ آرزو کرینگے

جن نیکون کو پوجتے تھے وے جواب نہ دینگے کہ وے راضی نتھے یا خبر نرکھتے تھے

ف • یعنے جواب نہ آویگا کسیکو

٧٢ بِضِيَاءٍ ط اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ۝ قُلْ اَرَاَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

روشنی * پھر کیا تم سنتے نہیں * تو کہہ دیکھو تو اگر رکھ دے الله تم پر

النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ

دن ہمیشہ کو قیامت کے دن تک کون حاکم ہی الله کے سوا سے لا دے

٧٣ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ط اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ

تمکو رات جس میں چین پکڑو * کیا تم نہیں دیکھتے * اور اپنی مہر سے بنا دیا

لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ

تمکو رات اور دن کہ اُس میں چین بھی پکڑو اور تلاش بھی کرو کچھ اُس کا فضل

٧٤ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

اور شاید تم شکر کرو * اور جس دن اُنکو پکاریگا تو کہیگا کہاں ہیں میرے شریک جنکا

٧٥ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا

تم دعوی کرتے تھے * اور جدا کرینگے ہم ہر فرقے میں سے ایک احوال بتانیوالا پھر

بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

کہینگے لاؤ اپنی سند تب جانینگے کہ سچ بات ہی الله کی اور کھوئی گئیں اُن سے جو باتیں

٧٦ يَفْتَرُوْنَ ۝ اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ص

١١ع وے جوڑتے تھے * ف * قارون جو تھا سو موسی کی قوم سے پھر شرارت کرنے لگا

وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓءُ بِالْعُصْبَةِ اُولِى الْقُوَّةِ ص

اُنپر اور ہم نے دئے تھے اُسکو خزانے اتنے کہ اُسکی کنجیوں سے تھکتے کئی مرد زور آور *

٧٧ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ۝ وَابْتَغِ

جب کہا اُسکو اُسکی قوم نے اِترا مت الله کو نہیں بہاتے اِترانیوالے * ف * اور جو

فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا

تجکو الله نے دیا اُس سے پیدا کر پچھلا گھر اور نہ بھول اپنا حصہ دنیا سے

ف * احوال بتانیوالا پیغمبر اُنکے
نایب یا جو نیک بخت تھے

ف * قارون حضرت موسی کی
جد کی اولاد میں تھا فرعون کی
سرکار میں پیش ہو گیا تھا *
بنی اسرائیل پر کاد بیگار بھی پہنچاتا
اور مزدوری اُسی کے ہاتھ سے
ملتی اِس کام میں مال بہت کمایا *
جب بنی اسرائیل کام میں آئے
حضرت موسی کے اور فرعون غرق
ہوا اِسکی روزی موقوف
ہوئی اور سرداری نرہی *

وَأَحْسِن كَمَا أَحْسَنَ اللّٰهُ إِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ ط
اور بھلائی کر جیسے اللہ نے بھلائی کی تجھسے اور نہ چاہ خرابی ڈالنی ملک میں
٧٨ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ ۝ قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ
اللہ کو نہیں بھاتے خرابی ڈالنے والے • ف۲ * بولا یہہ تو مجکو ملا ہی ایک ہنر سے
عِنْدِي ط أَوَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهِ مِنَ
جو میرے پاس ہی * کیا یہہ نجانا کہ اللہ کھپا چکا ہی اُس سے پہلے کتنی
الْقُرُونِ مَنْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَأَكْثَرُ جَمْعًا ط وَلَا
سنگتیں جو اُس سے زیادہ رکھتے تھے زور اور زیادہ مال کی جمع * اور
٧٩ يُسْأَلُ عَنْ ذُنُوبِهِمُ الْمُجْرِمُونَ ۝ فَخَرَجَ عَلَىٰ قَوْمِهِ فِي
پوچھے نہ جائیں گنہگاروں سے اُنکے گناہ * ف * پھر نکلا اپنی قوم کے سامنے
زِينَتِهِ ط قَالَ الَّذِينَ يُرِيدُونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا
اپنی طیاری سے * کہنے لگے جو طالب تھے دنیا کی زندگی کے ای کسی طرح ہمکو ملے
٨٠ مِثْلَ مَا أُوتِيَ قَارُونُ إِنَّهُ لَذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ۝ وَقَالَ الَّذِينَ
جیسا کچھ ملا ہی قارون کو بیشک اُسکی بڑی قسمت ہی • اور بولے جنکو ملی تھی
أُوتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِمَنْ آمَنَ وَعَمِلَ
بوجھ ای خرابی تمھاری اللہ کا دیا ثواب بہتر ہی اُنکو جو یقین لائے اور کیا بھلا
٨١ صَالِحًا ج وَلَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الصَّابِرُونَ ۝ فَخَسَفْنَا بِهِ
کام * اور یہہ بات اُنہیں کے دل میں پڑتی ہی جو سہنے والے ہیں • ف * پھر دھسا دیا ہمنے اُسکو
وَبِدَارِهِ الْأَرْضَ قف فَمَا كَانَ لَهُ مِنْ فِئَةٍ يَنْصُرُونَهُ مِنْ
اور اُسکے گھر کو زمین میں * پھر نہ ہوئی اُسکی کوئی جماعت جو مدد کرتی
٨٢ دُونِ اللّٰهِ ق وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِينَ ۝ وَأَصْبَحَ الَّذِينَ تَمَنَّوْا
اُسکی اللہ کے سوا سے اور نہ وہ مدد لا سکا • اور فجر کو لگے کہنے جو کل

دل میں ضد رکھتا موسیٰ سے منافق ہیں کر مجھے عیب دیا اور تہمتیں لگاتا • ایک روز ایک عورت کو تہمت کی بات سکھا کر دوبر لایا اُس عورت نے خدا سے ڈر کر سچ کہہ دیا کہ اسنے مجکو سکھایا تھا * تب حضرت موسیٰ کی بددعا سے زمین میں غرق ہوا اور اُسکا گھر اور خزانہ بھی غرق ہوا

ف۲ • خرابی نہ ڈال یعنے حضرت موسیٰ سے ضد نہ کر اور اپنا حصہ نہ بھول دنیا سے * یعنے حصے کے موافق کھا پہن اور زیادہ مال سے آخرت کما

ف * ایک ہنر سے مجکو ملا ہی * یعنے دنیا کمانے کا سلیقہ * اور پوچھے نہ جائیں گناہ * یعنے گنہگار کی سمجھ درست ہو تو گناہ کیوں کرے جب سمجھ اُلٹی پڑی الزام دینے کا کیا فایدہ کہ یہہ بُرا کام کیوں کرتا ہی اُسکی برائی کا عین سمجھتا

ف ۳ یعنے دنیا سے آخرت کو بہتر وہی جانتے ہیں جو محنت سہی جاتی ہی • اور بے صبر لوگ حرص کے مارے دنیا کی آرزو کر رہے ہیں * نادان آدمی دنیا دار

مَكَانَهُ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ
شام منانے تھے اسکا سا درجہ ارے خرابی یہہ تو اللہ کھولتا ہی روزی جسکو
يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ج لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ
چاہے اپنے بندون مین اور وکتا ہی * اگر نہ احسان کرتا ہم پر اللہ تو ہمکو دھسا
٨٣ ع ١٤ بِنَا ط وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ
دیتا * ارے خرابی یہہ تو بھلا نہیں پاتے منکر * وہ گھر پچھلا ہی
نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ط
ہم دینگے وہ انکو جو نہیں چاہتے چڑھنا ملک مین اور نہ بگاڑ ڈالنا *
٨٤ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ج
اور آخر بھلا ہی ڈر والونکا * ف * جو کوئی لایا بھلائی اُسکو ملتا ہی بہتر اُس سے *
وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ
اور جو کوئی لایا بُرائی سو بُرائیان کرنیوالے وہی سزا پاوینگے
٨٥ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ
جو کرتے تھے * ف * جس شخص نے حکم بھیجا تجھ پر قرآن کا
لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ط قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ
وہ پھیر لانیوالا ہی تجکو پہلی جگہہ * تو کہہ میرا رب خوب جانتا ہی کون لایا ہی
٨٦ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَمَا كُنْتَ
راہ کی سوجھہ اور کون پڑا ہی صریح بھٹکاوے مین * ف * اور تو توقع
تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ
نہ رکھتا تھا کہ اُتاری جاوے تجھ پر کتاب مگر مہر ہوکر تیرے رب کی طرف سے
٨٧ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ
سو تو نہ ہو مددگار کافرون کا * ف * اور نہ ہو کہ وے تجکو روک دین

کہ آسودہ کی کوجانا ہی اُسکی بڑی قسمت ہی اُسکی فکر کو اور آخرت کی ذلت کو اور سو جگہہ خوشامد کرنے کو نہین دیکھتا * اور یہہ نہیں دیکھتا کہ دنیا مین آرام ہی تو دس بیس برس اور مرنے کے بعد کاٹنے تین ہزارون برس

ف * یعنے قارون کی دولت کو نادانون نے کہا اُسکی بڑی قسمت ہی * بڑی قسمت یہہ نہین آخرت کا ملنا بڑی قسمت ہی * سو وہ انکو ہی جو دنیا کا عروج نہین چاہتے

ف * نیکی پر وعدہ دیا نیکی کا دہ ملتا ہی مقرر * اور برائی پر برائی کا وعدہ نہیں فرمایا کہ شاید معاف ہو * مگر یہہ فرمایا اپنے کئے سے زیادہ سزا انہین ملتی

ف * پھیر لاویگا پہلی جگہہ * یہہ آیت اُتری ہجرت کے وقت یہہ تسلی فرمائی کہ پھر مکے مین آوگے * سو خوب طرح آئے پورے غالب ہو کر

ف * یعنے اپنی قوم کو اپنا نہ سمجھ جنھون نے تجھے یہہ بدی کی اب جو تیرا ساتھہ دے وہی اپنا

اللهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ
اسہ کے حکموں سے جب اُتر چکے تیری طرف اور بلا اپنے رب کی طرف اور نہ ہو شریک
۸۸ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
والوں میں • ف • اور مت پکار اسہ کے سوائے اور حاکم • کسی کی بندگی نہیں اُسکے سوائے
كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝
ہر چیز فنا ہی مگر اُسکا مُنہہ • اُسیکا حکم ہی اور اُسیکی طرف پھر جاوگے • ف •

ف • یعنے اپنی قوم کی خاطر نہ کر دین کے کام میں • اور آپ کو انہیں نمکین کو کہ اپنے قرابتی ہوں

ف • اِس سے معلوم ہوا کہ ہر چیز فنا ہوتی ہی کبھی ہو • مگر اُسکا مُنہہ یعنے وہ آپ

کلمات	سورة العنكبوت مكية وهي تسع وستون آية	حروف
۹۸۰	سورت عنکبوت مکی ہی اُنہتر آیت کی	۴۱۹۵

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

العنکبوت ۲ ع ۱۳

الٓمّٓ ۝ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا
کیا یہہ سمجھتے ہیں لوگ کہ چھوٹ جاوینگے اِتنا کہہ کر کہ ہم ایمان لائے
۳ وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
اور اُنکو جانچ نہ لینگے • اور ہم نے جانچا ہی اُنکو جو اُن سے پہلے تھے
فَلَيَعْلَمَنَّ اللهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝
سو البتہ معلوم کریگا اسہ جو لوگ سچے ہیں اور البتہ معلوم کریگا جھوٹے *
۴ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ
کیا یہہ سمجھے ہیں جو لوگ کرتے ہیں بُرائیاں ہم سے چڑھ جاوینگے •
۵ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللهِ فَاِنَّ اَجَلَ
بُری بات چُکاتے ہیں • ف * جو کوئی توقع رکھتا ہو اسہ کی ملاقات کی

ف * پہلے وہ آتیں کہیں مسلمانوں کو جو گرفتار تھے کافروں کی ایذا میں

۶ اللَّهِ لَآتٍ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ وَمَن جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ
سو اللہ کا وعدہ آتا ہی* اور وہی ہی سنتا جانتا* اور جو کوئی محنت اٹھاوے سو اٹھاتا ہی
۷ لِنَفْسِهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا
اپنے ہی واسطے* اللہ کو پروا نہیں جہان والونکی* اور جو لوگ یقین لاسے
وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ
اور کئے بھلے کام ہم اتار دینگے ان سے برائیاں انکی
۸ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَوَصَّيْنَا
اور بدلا دینگے بہتر سے بہتر کاموں کا* ف* اور ہمنے تاکید کر دیا
الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۖ وَإِن جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ
انسان کو اپنے ماباپ سے بھلے رہنا* اور اگر تجھسے زور کریں کہ تو شریک کرے
لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۚ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝
میرا جسکی تجکو خبر نہیں تو انکا کہنا مان* مجھی تک پھر آنا ہی تمکو سو میں جتادونگا تمکو جو تم کرتے تھے*
۹ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ
اور جو لوگ یقین لاسے اور بھلے کام کئے ہم انکو داخل
۱۰ فِي الصَّالِحِينَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ
کرینگے نیک لوگوں میں* ف* اور ایک لوگ ہیں کہ کہتے ہیں یقین ہم لائے اللہ پر
فَإِذَا أُوذِيَ فِي اللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللَّهِ
پھر جب اسکو ایذا پہنچے اللہ کے واسطے ٹھہرا دے لوگوں کا ستانا برابر اللہ کی مار کے*
وَلَئِن جَاءَ نَصْرٌ مِّن رَّبِّكَ لَيَقُولُنَّ إِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۚ أَوَلَيْسَ
اور اگر آپہنچی مدد تیرے رب کی طرف سے کہنے لگیں ہم تو تمہارے ساتھ تھے* کیا یوں نہیں
۱۱ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ الْعَالَمِينَ ۝ وَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ
اللہ خوب خبردار ہی جو کچھ جیون میں ہی جہان والوں کے* اور البتہ معلوم کریگا اللہ جو

اور یہہ سب کافرونکو جو ستاتے تھے مسلمانوں کو

ف* یعنے ایمان کی برکت سے نیکیاں بڑھینگی اور برائیاں معاف ہونگی

ف* دنیا میں ماباپ سے زیادہ حق کسی کا نہیں پر اللہ کا حق اُنسے زیادہ ہی انکی خاطر دین نہ چھوڑے

اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ ١٢
ایک یقین لائے ہیں اور البتہ معلوم کریگا جو لوگ دغاباز ہیں * اور کہنے لگے منکر ایمان والوں کو
اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ
تم چلو ہماری راہ اور ہم اٹھا لیں تمہارے گناہ * اور وے کچھ نہ اٹھاوینگے
مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ ١٣
انکے گناہ وے جھوٹے ہیں * اور البتہ اٹھاوینگے اپنے بوجھ
وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ز وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝
اور کتنے بوجھ ساتھ اپنے بوجھ کے * اور البتہ انسے پوچھ ہوگی قیامت کے دن جو باتیں جھوٹ بناتے تھے * ف
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ ١٤ ع
اور ہمنے بھیجا نوح کو اسکی قوم پاس پھر رہا انمین ہزار برس پچاس برس کم
عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ ١٥
پھر پکڑا انکو طوفان نے اور وے گناہگار تھے * ف * پھر بچا دیا ہمنے اسکو اور
السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَا اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ ١٦
جہاز والوں کو اور رکھا ہمنے جہاز نشانی جہان والوں کو * ف * اور ابراہیم کو جب کہا
لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ
اپنی قوم کو بندگی کرو اللہ کی اور اسکا ڈر رکھو * یہ بہتر ہے تمکو اگر تم
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ١٧
سمجھ رکھتے ہو * تم جو پوجتے ہو اللہ کے سوائے یہی بتوں کے
وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ
تھان اور بناتے ہو جھوٹی باتیں بیشک جنکو پوجتے ہو اللہ کے سوائے مالک نہیں
لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ
تمہاری روزی کے سو تم ڈھونڈو اللہ کے یہاں روزی اور اسکی بندگی کرو

ف * کوئی چاہے کہ رفاقت کرکر کسی کے گناہ اپنے اوپر لیوے یہہ ہوتا نہیں * مگر جسکو گمراہ کیا اور آپ بہکاتے ہے اسنے گناہ کیا وہ گناہ اسپر بھی اور اسپر بھی

ف * کہتے ہیں طوفان سے پہلے اسا رہے اور پیچھے بھی ایک مدت رہے * ساری عمر ہوئی چودہ سو برس

ف * جس وقت یہہ سورت اتری ہی حضرت کے یار بہت سے کافروں کی ایذا سے جہاز پر بیٹھکر حبشہ کے ملک گئے تھے * جب حضرت مدینہ کو ہجرت کر آئے تب وے بھی سلامتی سے آئے * ف * اور جہاز نشانی رکھا لوگونکو * یعنے دنیا میں ناو سے بڑے کام چلتے ہیں اور قدرتیں اللہ کی نظر آتی ہیں

۱۸ وَاشْكُرُوا لَهُ ۚ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝ وَإِنْ تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ
اور اُسکا حق مانو • اُسی کی طرف پھر جاوگے • اور اگر تم جھٹلاؤگے تو جھٹلا چکے ہیں
أُمَمٌ مِنْ قَبْلِكُمْ ۖ وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝
بہت فرقے تم سے پہلے • اور رسول کا ذمہ یہی ہی پہنچا دینا کھول کر • ف
۱۹ أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللَّهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ
کیا دیکھتے نہیں کیونکر شروع کرتا ہی اللہ پیدایش کو پھر اُسکو دوہرا دیگا • یہہ
۲۰ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ۝ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ
اللہ پر آسان ہی • ف • تو کہہ ملک میں پھرو پھر دیکھو کیونکر شروع کی ہی پیدایش
ثُمَّ اللَّهُ يُنْشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝
پھر اللہ اُٹھاویگا پچھلا اُٹھان • بیشک اللہ ہر چیز کر سکتا ہی •
۲۱ يُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ ۝ وَمَا
۲۲ دُکھ دیگا جسکو چاہے اور رحم کریگا جسپر چاہے • اور اُسیکی طرف پھر جاوگے •
أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۖ وَمَا لَكُمْ مِنْ
اور تم عاجز کرنیوالے نہیں زمین میں نہ آسمان میں اور کوئی نہیں تمھارا
۲۳ دُونِ اللَّهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ
ع ۱۵ اللہ سے ورے حمایتی نہ مددگار • اور جو لوگ منکر ہوے اللہ کی باتوں سے
وَلِقَائِهِ أُولَٰئِكَ يَئِسُوا مِنْ رَحْمَتِي وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ
اور اُسکے ملنے سے وے ناامید ہوے میری مہر سے اور اُنکو دکھ کی مار
۲۴ أَلِيمٌ ۝ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا اقْتُلُوهُ أَوْ حَرِّقُوهُ
ہی • پھر کچھ جواب نہ تھا اُسکی قوم کا مگر یہی کہ بولے اُسکو مار ڈالو یا جلا دو
فَأَنْجَاهُ اللَّهُ مِنَ النَّارِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝
پھر اُسکو بچا دیا اللہ نے آگ سے • اسمیں بڑے پتے ہیں اُن لوگوں کو جو یقین لاتے ہیں • ف

ف • روزی د فرمایا اکثر خلق روزی کے پیچھے ایمان دیتے ہیں • سو جان رکھو کہ اللہ کے سواے روزی کوئی نہیں دیتا • وہی دیتا ہی اپنی خوشی کے موافق

ف • یعنے شروع تو دیکھتے ہو دوہرانا اسی سے سمجھ لو

ف • اوپر سے حضرت ابراہیم کا کلام چلا تھا اسی کے موافق اللہ

٢٥ وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ
اور بولا جو ٹھہرائے ہیں تم نے اللہ کے سوائے بتوں کے تھان* سو دوستی
فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ
کر کر آپس میں دنیا کی زندگی میں • پھر دن قیامت کے منکر ہو جاؤ گے ایک سے ایک
وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۡ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ
اور پھٹکارو گے ایک کو ایک • اور ٹھکانا تمھارا آگ ہی اور کوئی نہیں
٢٦ نّٰصِرِيْنَ ۙ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ؕ
تمھارا مددگار • ف • پھر مانا اُسکو لوط نے اور بولا میں وطن چھوڑتا ہوں اپنے رب کی طرف •
٢٧ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗ اِسْحٰقَ وَ
بیشک وہی ہی زبردست حکمت والا* ف • اور دیا ہمنے اُسکو اسحق اور
يَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ
یعقوب اور رکھی اُسکی اولاد میں پیغمبری اور کتاب اور دیا ہمنے اُسکو
اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝
اُسکا نیگ دنیا میں اور وہ آخرت میں نیکوں سے ہی • ف •
٢٨ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۡ مَا سَبَقَكُمْ
اور بھیجا لوط کو جب کہا اپنی قوم کو تم آتے ہو بے حیائی کے کام پر تم سے پہلے
٢٩ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ
نہیں کیا وہ کسی نے جہان میں • کیا تم دوڑتے ہو مردوں پر
وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ
اور راہ مارتے ہو اور کرتے ہو اپنی مجلس میں بُرا کام* پھر کچھ
جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ
جواب نہ تھا اُسکی قوم کا مگر یہی کہ بولے لے آ ہم پر آفت اللہ کی اگر تو

تعالی نے بیچ میں کئی باتیں فرمائیں پھر اُس قوم کا جواب ذکر کیا • نہ جلنے میں • یہہ کہ معلوم ہوا ہر چیز کی تاثیر اُسکے حکم سے ہی جب حکم نہ ہو تو آگ سی چیز نہ جلا سکے

ف • یعنی وے سب نام کے تھان ہیں اللہ کے روبرو منکر ہو نگے کہ ہمسے نہیں کہا کہ ہمکو پوجو • تب یہہ پوجنے والے اُنکو پھٹکار دینگے کہ ہمارے نذر و نیاز لیکر وقت پر پھر گئے

ف • حضرت لوط بھتیجے تھے حضرت ابراہیم کے اُس قوم میں کسی نے نہ مانا اِن کے سوائے • اِن کا وطن شہر بابل پھر نکلے خدا کے توکل پر اللہ نے ملک شام میں پہنچا کر بسایا

ف • دنیا میں حق تعالی نے مال اور عزت اور ہمیشہ کا نام نیک دیا • اور ملک شام ہمیشہ کو اُنکی اولاد کو دیا

٣٠ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِىْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
سچّا ہی * بولا اے رب میری مدد کر اِن شریر لوگوں پر * ف
٣١ ع١٦ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى لا قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا
اور جب پہنچے ہمارے بھیجے ابراہیم پاس خوشخبری لیکر بولے ہمکو کھپانی ہی
٣٢ اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ج اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ۝ قَالَ اِنَّ فِيْهَا
یہہ بستی • بیشک اُسکے لوگ ہو رہے ہیں گنہگار * بولا اُسمیں
لُوْطًا ط قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا لَنُنَجِّيَنَّهٗ
لوط ہی • وے بولے ہمکو خوب معلوم ہی جو کوئی اُسمیں ہی ہم بچا لینگے اُسکو
٣٣ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ زكَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ وَلَمَّآ اَنْ
اور اُسکے گھروالونکو مگر اُسکی عورت * رہی رہ جانیوالوں میں * اور جب
جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا
پہنچے ہمارے بھیجے لوط پاس ناخوش ہوا اُنکو دیکھکر اور خفہ ہوا دل سے
وَقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ قف اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا
اور وے بولے تو نہ ڈر اور غم نکھا • ہم بچا دینگے تجکو اور تیرے گھر کو مگر
٣٤ امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى
تیری عورت رہ گئی رہنے والوں میں * ف * ہمکو اُتارنی ہی اِس
اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا
بستی والوں پر ایک آفت آسمان سے اِسپر کہ وے بے حکم
٣٥ يَفْسُقُوْنَ ۝ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝
ہو رہے تھے * اور چھوڑ رکھا ہے اُسکا نشان نظر آتا بوجھتے لوگوں کو * ف
٣٦ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا لا فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا
اور بھیجا مدین پاس اُنکا بھائی شعیب پھر بولا اے قوم بندگی کرو اللہ کی اور توقع رکھو

ف • راہ مارنا بھی اُنمیں دستور تھا یعنی بدکاری سے مسافرونکی راہ مارنے تھے کہ اُس طرف ہوکر نہ نکلیں • اور مجلس میں بُرے کام شاید یہی بدکاری لوگوں میں کرتے ہونگے • اِس بات کی شرم بھی مر گئی * یا ٹھٹھا اور ہنسی اور چھیڑ کرتے ہونگے

ف * یہ خفہ ہوئے اِس سے کہ اِن مہمانوں کو کس طرح بچاؤنگا اپنی قوم کی بدی سے

ف * یعنے وے شہر اُلٹے راہ پر نظر آتے ہیں ۔

الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ ۳۷
پچھلے دن کی اور مت پھرو زمین میں خرابی مچاتے • ف • پھر اُسکو جھٹلایا
فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ وَعَادًا ۳۸
تو پکڑا اُنکو بھونچال نے صبح کو رہ گئے اپنے گھر دن میں اوندھے پڑے • اور عاد
وَّثَمُوْدَا۟ وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۣ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ
کو اور ثمود کو اور تم پر کھل چکی اُنکے گھر دن سے • اور رجھایا اُنکو شیطان
اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۝
نے اُنکے کاموں پر پھر روک دیا اُنکو راہ سے اور تھے ہوشیار • ف •
وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۣ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ۳۹
اور قارون اور فرعون اور ہامان کو اور اُن پاس پہنچا موسیٰ کھلے نشان لیکر
فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۝ فَكُلًّا اَخَذْنَا ۴۰
پھر بڑائی کرنے لگے ملک میں اور نہ تھے پھر جانیوالے • پھر سب کو پکڑا اپنے
بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ
اپنے گناہ پر • پھر کوئی تھا کہ اُسپر بھیجا پتھراؤ باد سے • اور کوئی تھا کہ اُسکو پکڑا
الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ
چنگھاڑ نے • اور کوئی تھا کہ اُسکو دھنسا دیا ہمنے زمین میں • اور کوئی تھا کہ اُسکو ڈبا دیا •
وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝
اور اللہ ایسا نہ تھا کہ اُنپر ظلم کرے پر تھے وے اپنا آپ برا کرتے •
مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ ۴۱
کہاوت اُنکی جنھوں نے پکڑے اللہ کو چھوڑ کر اور حمایتی جیسے کہاوت مکڑی کی •
اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ
بنا لیا اُسنے ایک گھر اور سب گھروں میں بودا سو مکڑی کا گھر •

ف • اِن میں عادت تھی دغابازی کی وہیں لینے میں مگر شاید راہ بھی لوٹتے تھے

ف • یعنے دنیا کے کام میں ہوشیار تھے اور اپنے نزدیک عقلمند تھے • پر شیطان کی بہکانے سے نہ بچ سکے

۴۲ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ مِنْ
اگر انکو سمجھ ہوتی ف ۱ اللہ جانتا ہی جس جسکو وے پکارتے ہیں اسکے سوا ے کوئی
۴۳ شَيْءٍ ط وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ج
چیز ہو تا ہی اور وہ زبردست ہی حکمتوں والا ف ۲ اور یہ کہاوتیں بیٹھاتے ہیں ہم لوگونکے واسطے
۴۴ وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ ۝ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ط إِنَّ
ع ۱۷ اور انکو بوجھتے ہیں وہی جنکو سمجھ ہی ف اللہ نے بنائے آسمان اور زمین جیسے چاہئیں
۴۵ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ اُتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ
اسمین نشانی ہی یقین لانیوالونکو ف ۳ تو پڑھ جو اتری تیری طرف کتاب
وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ ط إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ ط
اور کھڑی رکھ نماز ف بیشک نماز روکتی ہی بیحیائی سے اور بری بات سے ف
وَلَذِكْرُ اللّٰهِ أَكْبَرُ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ ۝ وَلَا
اور اللہ کی یاد ہی سب سے بڑی ف اور اللہ کو خبر ہی جو کرتے ہو ف ۴ ۲۱ اور
۴۶ تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ق
جھگڑا نہ کرو کتاب والوں سے مگر اس طرح پر جو بہتر ہو ف
إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ وَقُولُوا آمَنَّا بِالَّذِي أُنْزِلَ
مگر جو انمیں بے انصاف ہیں اور یوں کہو کہ ہم مانتے ہیں جو اترا ہمکو
إِلَيْنَا وَأُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَإِلٰهُنَا وَإِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَنَحْنُ لَهُ
اور اترا تمکو اور بندگی ہماری تمہاری ایک کو ہی اور ہم اسیکے
۴۷ مُسْلِمُونَ ۝ وَكَذٰلِكَ أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ ط فَالَّذِينَ
حکم پر ہیں ف اور ویسی ہی ہمنے اتاری تجھ پر کتاب ف سو جنکو
آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يُؤْمِنُونَ بِهِ ج وَمِنْ هٰؤُلَاءِ مَنْ
ہمنے کتاب دی ہی وے اسکو مانتے ہیں اور ان لوگوں میں

ف ۱ یعنے گمراہیوں اور شیطان کی کہاوت مکڑی کا جالا کو اس کے جھوٹے سے ٹوٹ پڑے ف ویسا ہی جو اللہ کے سوا کسی کو اپنا بچاو سمجھے

الجزء الحادي والعشرون ۲۱

ف ۲ یعنے کہیں سے والا تعجب کرے کہ سب کو ایک کہتی ایک ویا ف بعضے خلق بت پوجتے ہیں بعضے آگ پانی کو ف بعضے اولیا انبیا کو یا فرشتوں کو ف سو اللہ نے فرما دیا کہ اللہ کو سب معلوم ہیں اگر کوئی کچھ کرتا تو اللہ سب کو ایک قائم ہو تو نہ کرتا ف اور اللہ کو کسی کی رفاقت نہیں چاہئے زبردست ہی ف اور مشورت نہیں چاہئے حکمتیں اسی کو ہیں

ف ۳ یعنے اس کام میں کوئی مشاہد نہ تھا تو تھوڑے کاموں میں شریک ہونے کی کیا احتیاج

ف ۴ جتنی دیر نماز میں لگے اتنی دیر تو ہر گناہ سے بچے ف امید ہی کہ آگے بھی بچتا رہے ف اور اللہ کی یاد کو اس سے زیادہ اثر ہی ف یعنے گناہ سے بچے اور اعلی درجوں پر چڑھے

ف ۰ یعنے مشرکوں کا دین

يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ۝
سکتی یعنے ہین کہ اُسکو مانتے ہین • اور منکر وہی ہین ہماری باتون سے جو منکر ہین • ف
۴۸ وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ
اور تو پڑھتا نہ تھا اِسسے پہلے کوئی کتاب اور نہ لکھتا تھا
۴۹ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝ بَلْ هُوَ اٰيٰتٌ
اپنے داہنے ہاتھ سے تو البتہ شبہہ کہاتے یہ جھوٹھے • ف • بلکہ یہہ قرآن آیتین
بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا يَجْحَدُ
ہین صاف سینے مین اُنکے جنکو ملی ہی سمجھ • اور منکر نہین ہماری
۵۰ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ
باتون سے مگر وہی جو بے انصاف ہین * ف * اور کہتے ہین کیون نہ اُترین اِس پر
اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ
نشانیان اسکے رب سے • تو کہہ نشانیان تو ہین اختیار مین اللہ کے * اور مین تو یہی
۵۱ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
سنا دینے والا ہون کھول کر • کیا اُنکو بس نہین کہ ہمنے تجھ پر اُتاری کتاب
يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ
کہ اُنپر پڑھی جاتی ہی • بیشک اِس مین مہر ہی اور سمجھانا اُن لوگونکو
۵۲ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ
ع جو مانتے ہین * تو کہہ بس ہی اللہ میرے تمھارے بیچ گواہ • جانتا ہی
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ
جو کچھ ہی آسمان زمین مین * اور جو لوگ یقین لائے ہین جھوٹھ پر
۵۳ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ
اور منکر ہوے ہین اللہ سے اُنھین کا برا ہوا ہی • ف • اور شتاب مانگتے ہین

جو سے خاطی ہی • اور کتاب والونکا دین اصل مین سچ تھا تو اُنسے اُنکی طرح نہ جھگڑ و کہ جڑ سے اُنکی بات کاٹو • نرمی سے بات واجبی سمجھاؤ • مگر جو اُنمین بے انصافی پر آوے اُسکو سزا دینی ہی
ف • اِن لوگون مین • یعنے مشرکون مین * اور جن کتاب والون نے اپنی کتاب ٹھیک سمجھی وے اِسکو بھی مانین گے
ف * یعنے کچھہ نہی شبہہ کی کہ اگلی کتاب پڑھ کر یہہ باتین معلوم کین • حضرت تو کبھی نہ اُستاد پاس بیٹھے نہ ہاتھہ مین قلم پکڑا
ف • یعنے پیغمبر نے کسی سے نہین لکھا پڑھا مگر یہہ وحی جو اُسپر آئی ہمیشہ کو بن لکھے جاری رہیگی سینہ بسینہ * اور کتابین حفظ نہ ہوتی تھین یہہ کتاب حفظ ہی سے باقی ہی لکھا اترا دی

ف • اللہ کی گواہی ہی کہ پیغمبر کو دن بردن بڑھایا اور جھوٹھونکو مٹایا

بِالْعَذَابِ ط وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ط
تجھ سے آفت • اور اگر نہوتا ایک وعدہ ٹھہرا ہوا تو آپہنچتی اُن پر آفت اور
٥٤ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ط
اور آویگی اِن پر اچانک اور اُنکو خبر نہو گی • ف • شتاب مانگتے ہیں تجھسے عذاب
٥٥ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ يَوْمَ يَغْشٰهُمُ الْعَذَابُ
اور دوزخ گھیر رہی ہی منکروں کو • ف • جسدن گھیر لیگا اُنکو عذاب
مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ
اُن کے اُوپر سے اور پاؤن کے نیچے سے اور کہیگا چکھو جیسا کچھ
٥٦ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ
کرتے تھے • ف • اے بندو میرے جو یقین لائے سو میری زمین کشادہ ہی
٥٧ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ۝ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ قف
تو مجھی کو بندگی کرو • جو جی ہی سو چکھیگا موت •
٥٨ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
پھر ہماری طرف پھر آؤگے • ف • اور جو لوگ یقین لائے اور کئے بھلے کام
لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
اُنکو ہم جگہ دینگے بہشت میں جھروکھے نیچے بہتی نہریں
٥٩ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ط نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى
سدا رہیں اُنمیں • خوب نیگ ہی کام والوں کو • جو ٹھہرے رہیں اور اپنے
٦٠ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ق اللّٰهُ
رب پر بھروسا رکھا • ف • اور کتنے جانور ہیں جو اُٹھا نہیں رکھتے اپنی روزی • اللہ
٦١ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ صلے وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَلَئِنْ
روزی دیتا ہی اُنکو اور تمکو • اور وہی ہی سنتا جانتا • ف • اور جو تو

ف • اِس اُمت کا عذاب یہی تھا مسلمانون کے ہاتھ سے قتل ہونا مکہ سے جاتا • سو فتح کے دن مکے کے لوگ بے خبر تھے کہ حضرت کا لشکر سر پر آ ٹھہرا ہوا

ف • یعنے آخرت کا عذاب تو عبث مانگتے ہیں اِس عذاب میں تو پڑے ہی ہیں یہہ کفر اور یہہ برے کام مرے پر نظر آویگا کہ دوزخ کی آگ کیونکر جلاتی ہی

ف • یہہ اللہ کہیگا یا اُسکا عذاب ہی بولیگا جیسے زکواۃ نہ دینے والیکا مال سانپ ہو کر گلے میں پڑیگا اور کاٹے چیریگا اور کہیگا میں تیرا مال ہون تیرا خزانہ ہون

ف • جب کافرون نے تنگ کئے مسلمان بہت زور کیا تو حکم ہوا ہجرت کا • اُسی تر اپنی گھر اُٹھ گئے حبشہ کے ملک کو • فرمایا کہ کوئی دن کی زندگی جہان بنے جہان کاٹ دو پھر ہم پاس اکٹھے آوگے تو وطن چھوڑنا دل پر مشکل نہ کرے اور حضرت سے جدا ہونا

ف • یعنے اِس وطن کے بدلے وہ وطن ملیگا

ف • یہہ روزی کی خاطر جمع کر دی کہ اکثر جانور دن

کے گھر میں کل کا قوت نہیں ہوتا • نیا دن اور نئی روزی

٦١ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

لیکونسے پوچھے کن نے بنائے آسمان زمین اور کام لگائے سورج

٦٢ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ج فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

اور چاند تو کہیں اللہ * پھر کہاں سے اُلٹے جاتے ہیں • ف • اللہ پھیلاتا ہی روزی

لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

جسکے واسطے چاہے اپنے بندوں میں اور ماپ کر دیتا ہی جسکو چاہے • بیشک اللہ ہر چیز سے

٦٣ عَلِيْمٌ ۝ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

خبردار ہی * ف • اور جو تو پوچھے اُن سے کسنے اُتارا آسمان سے پانی

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ط قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ط

پھر جلا دیا اُس سے زمین کو اُسکے مرے پیچھے تو کہیں اللہ نے • تو کہہ سب خوبی اللہ کو ہی •

٦٤ ع٣ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ

پر بہت لوگ نہیں بوجھتے • ف * اور وہ دنیا کا جینا تو یہی ہی جی بہلانا

وَّلَعِبٌ ط وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ م لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

اور کھیلنا • اور پچھلا گھر جو ہی سو وہی ہی جینا • اگر یہ سمجھ رکھتے •

٦٥ فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ج

پھر جب سوار ہوے کشتی میں پکارنے لگے اللہ کو نرے اُسی پر رکھکر نیت •

٦٦ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ۝ لِيَكْفُرُوْا

پھر جب بچا لایا اُنکو زمین کی طرف اُسی وقت لگے شریک بنانے * کہ مکرتے رہیں ہمارے

٦٧ بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ج وَلِيَتَمَتَّعُوْا قف فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا

دئے سے • اور برتتے رہیں * اب آگے جان لینگے * کیا نہیں دیکھتے :

اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ط

کہ ہمنے رکھہ دی ہی پناہ کی جگہہ امن کی اور لوگ اُچکے جاتے ہیں اُنکے آس پاس سے •

ف • یعنے اسباب رزق کے اُسی نے بنائے سب جانتے ہیں * پھر اُسمیں بھر دینا نہیں کرتے وہی پہنچا بھی دیگا مگر جتنا وہ چاہے نہ جتنا تم چاہو یہہ آگے سمجھا دیا

ف • ماپ کر دیتا ہی یہہ نہیں کہ نہ دے

ف * یعنے مینہہ بھی ہر کسی پر برابر نہیں برستا اور اُسی طرح حال بدلے دیر نہیں لگی مفلس سے دولتمند کر دے

٦٨ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ
کیا جھوٹھ پر یقین رکھتے ہیں اور اللہ کا احسان نہیں مانتے ٭ ف ٭ اور اس سے بڑھ
مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ط
انصاف کون جو باندھے اللہ پر جھوٹھ یا جھٹلاوے سچی بات کو جب اس تک پہنچے ٭
٦٩ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ
کیا دوزخ میں بسنے کی جگہ نہیں منکروں کو ٭ اور جنھوں نے محنت کی
جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ط وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝
ہمارے واسطے ہم سمجھا وینگے انکو اپنی راہیں ٭ اور بیشک اللہ ساتھ ہی نیکی والونکے ف ٭

ف ٭ مکے کے لوگ اللہ کے گھر کے طفیل دشمنوں سے پناہ میں تھے ٭ اور سارے ملک عرب میں فساد تھا ٭ بتوں کے جھوٹھے احسان مانتے ہیں بہ سچا احسان اللہ کا نہیں مانتے

ف ٭ اپنی راہیں ٭ یعنے راہ قرب کی اور رضا کی جو بہشت ہی

حروف	سورة الروم مكية وهي ستون آية	كلمات
٣٥٣٤	سورت روم مکی ہی ساٹھ آیت کی	٨١٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٢ الٓمّٓ ۝ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝ فِيْۤ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ
٣ دب گئے ہیں روم ٭ لگتے ملک میں اور وے
ع مِنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ۝ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ط لِلّٰهِ
٤ اس دبنے پیچھے اب غالب ہونگے ٭ کئی برس میں ٭ ف ٭ اللہ کے
الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ط وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝
ہاتھ ہی کام پہلے اور پیچھے ٭ اور اسدن خوش ہونگے مسلمان ٭
٥ بِنَصْرِ اللّٰهِ ط يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ وَعْدَ اللّٰهِ ط
٦ اللہ کی مدد سے مدد کرتا ہے جسکی چاہے ٭ اور وہی ہے زبردست رحم والا ٭ ف ٭ اللہ کا وعدہ ہوا ٭

ف ٭ روم اور فارس کے بادشاہ ملک کی سرحد پر لڑتے تھے عرب سے لگی زمین پر یعنے عراق پر ٭ کافر مکے میں چاہتے کہ فارس جیتیں مسلمان چاہتے کہ روم اہل کتاب کے واسطے خبریں جو تھیں آتی تھیں ٭ حق تعالی نے نازل فرمایا کہ ابھو روم دب گئے پر کئی برس میں وے غالب ہونگے دس برس سے کم میں ٭ اسی طرح واقع ہوا

ف ٭ کئی برس پیچھے پھر دونو

لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

خلاف ف نہ کریگا اللہ اپنا وعدہ • لیکن بہت لوگ نہین جانتے • ف *

٧ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ

جانتے ہین اوپر اوپر دنیا کا جینا • اور وے لوگ آخرت سے خبر نہین

٨ غَافِلُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قف مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ

رکھتے * ف • کیا دھیان نہین کرتے اپنے جی مین اللہ نے بنائے آسمان

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا

زمین اور جو اُنکے بیچ ہی سو ٹھیک سادھکر اور ٹھہرے وعدے پر • اور بہت

٩ مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا

لوگ اپنے رب کا ملنا نہین مانتے * ف * کیا پھرے نہین

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

ملک مین جو دیکھین آخر کیسا ہوا اُنسے اگلونکا * زیادہ

كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ

تھے اُن سے زور مین اور زمین اُتھائی اور بسائی اُنکے بسانے

مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ

سے زیادہ اور پہنچے اُن پاس رسول اُنکے کھلے حکم لیکر * اور اللہ نہ تھا

١٠ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ۭ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ

اُنپر ظلم کرنیوالا لیکن وے اپنا آپ برا کرتے تھے • ف • پھر ہوا آخر

الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا السُّوْۗآٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا

برا کرنیوالونکا برا اسپر کہ جھٹلائین باتین اللہ کی اور اُنپر

١١ بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

ٹھٹھے کرتے تھے * ف • اللہ بناتا ہی پہلی بار پھر اُسکو دُہرا دیگا پھر اُسکی طرف پھر جاوگے •

ع٥

مین مقابلہ ہوا تو روم والے غالب ہوے اور یہہ خبر عرب مین پہنچی جسدن مسلمانون کو جنگ بدر فتح ہوئی اور آپکی خوشی تھی

ف • یعنے بیز ظاہر اسباب خدا پر بھروسا نہین رکھتے

ف • یعنے ظاہر دنیا مین جسکا غلبہ دیکھین کہین اللہ اسی سے خوش ہی

ف • یعنے ہر چیز کی ایک ابتدا ایک انتہا ہی انسان حیوان درخت کی تو نظر آتی ہی * آسمان مین ہر گردش کی ایک مدت ہی مہینے یا برس یا بارہ برس پر ختم ہی • جو ہر چیز مین صفت ہی سو سارے جہان مین ہی • اپنے وقت پر اُسکو فنا ہی • پھر یہہ ابتدا انتہا کھیل نہین * کچھ اس سے منظور ہی * وہی آخرت مین نظر آویگا

ف • یعنے بن رسول بھیجے اللہ نہ پکڑتا

ف * یعنے ایک قوم کو جن باتون پر سزا ملی سب کو وہی

۱۲ ۱۳ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ
اور جسدن اُٹھیگی قیامت آس توڑے رہجاوینگے گنہگار • اور نہونگے اِن کے
مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝
شریکون مین کوئی اِن کے سفارش والے اور یہہ ہوجاوینگے اپنے شریکون سے منکر • ف •
۱۴ ۱۵ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور جسدن اُٹھیگی قیامت اُسدن لوگ بہانت بہانت ہونگے * سو جو لوگ یقین لائے
۱٦ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ
اور کئے بھلے کام وے باغ مین ہین اُنکی آوبہگت ہوتی ہی • اور جو
كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ
منکر ہوئے اور جھٹلائین ہماری باتین اور ملنا پچھلے گھر کا سو وے عذاب مین پکڑے
۱۷ مُحْضَرُوْنَ ۝ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ۝
آئے ہین * سو پاک اللہ کی یاد ہی جب شام کرو اور صبح کرو •
۱۸ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ۝
اور اُسکی خوبی ہی آسمان وزمین مین اور پچھلے وقت اور جب دوپہر ہو • ف •
۱۹ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ
نکالتا ہی جیتا مردے سے اور نکالتا ہی مردہ جیتے سے
۲۰ وَيُحْيِي الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝ وَمِنْ
ع ٦ اور جلاتا ہی زمین کو اُسکے مرے پیچھے • اور اِسی طرح تم نکالے جاؤگے • ف • اور اُسکی
اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ۝
نشانیون سے یہہ کہ تمکو بنایا مٹی سے پھر اب تم انسان ہو پھیل پڑتے •
۲۱ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا
اور اُسکی نشانیون سے یہہ کہ بنا دئے تمکو تمہاری قسم سے جوڑے کہ چین پکڑو اُنکے پاس

ملتی ہی • سب کو فنا بعض ایک کی فنا سے سمجھو • اور سب کی سزا بھی ایک کی سزا سے بوجھو

ف • یعنے جن کو اللہ کا شریک بنائے ہے

ف • یعنے پاک اللہ کو یاد کرو • اور اُسکی خوبی آسمان وزمین مین ہورہی ہی • اِن چار وقتون پر یاد کرو صبح کی نماز اور شام کی آسمین مغرب اور عشا آچکین اور پچھلے وقت عصر اور دوپہر ظہر

ف • یعنے مٹی مُردے سے جیتے جاندار

وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَوَدَّةً وَرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اور رکھا تمھارے بیچ پیار اور مہر * اِس مین بہت پتے ہین اُنکو جو

يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ ۲۲

دھیان کرتے ہین ف۔ اور اُسکی نشانیون سے ایک آسمان زمین کا بنانا اور بھانت بھانت

اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ ۲۳

بولیان تمھاری اور رنگ اِس مین بہت پتے ہین بوجھنے والون کو ف۔ اور اُسکی نشانیون سے

مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ

ہی تمھارا سونا رات مین اور دن مین اور تلاش کرنا اُسکے فضل سے اِس مین

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ ۲۴

بہت پتے ہین اُنکو جو سنتے ہین * ف۔ اور اُسکی نشانیون سے یہہ کہ دکھاتا ہی تمکو بجلی

خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ

ڈر اور امید کے لئے اور اُتارتا ہی آسمان سے پانی پھر جلاتا ہی اُس سے زمین کو

بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَمِنْ ۲۵

مر گئے پیچھے ۔ اِس مین بہت پتے ہین اُنکو جو بوجھتے ہین * اور اُسکی

اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَاۗءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ۭ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ

نشانیون سے یہہ کہ کھڑا ہی آسمان زمین اُسکے حکم سے * پھر جب پکاریگا

دَعْوَةً ڰ مِّنَ الْاَرْضِ ڰ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۝ وَلَهٗ مَنْ ۲۶

تمکو ایک بار زمین سے تبھی تم نکل پڑوگے ۔ ف * اور اُسکا ہی جو

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ ۲۷

کوئی ہین آسمان و زمین مین * سب اُسکے حکم کے تابع ہین ۔ اور وہی ہی رکوع

يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ۭ وَلَهُ الْمَثَلُ

جو پہلی بار بناتا ہی پھر اُسکو دُہرا ویگا اور وہ آسان ہی اُسپر * اور اُسکی کہاوت

ف۔ حق تعالیٰ نے ورخت کی نسل ایک سے چلائی اور جانور کی دو سے ۔ پھر بعضے جانور کا جوڑا مقرر نہین اور بعضون کا مقرر ہی ۔ انسان کو جوڑا مقرر ٹھہرایا اِسمین نسل کے سوا ہے اُنست اور چین ہی اور پیار اور محبت تا جہان کی بستی ہو ۔ جو کوئی جوڑا مقرر نکرے یعنے زنا کرے نکاح نکرے وہ انسان سے حیوان ہوا

ف۔ سب انسان ایک ماں باپ سے بنائے پالکر بسائے پھر جدا بولیان کر دیں ۔ ایک ملک کا آدمی دوسرے ملک مین جیسے جانور

ف۔ وہ حالتین بدلتی ہین سو یا تو پتھر کی طرح اور تلاش مین لگو ایسا ہوشیار کوئی نہین ۔ اصل تو رات ہی سونے کو اور دن تلاش کو ۔ پھر دونون وقت دونون کام ہوتے ہین ف۔ نشانیاں ہین سننے والون کو کہ اپنے سونے کا حوال نظر نہین آتا سو لوگون کی زبانی سنتے ہین

ف۔ معلوم ہوتا ہی کہ آسمان کھڑا ہی اُسمین تارے چلتے ہین جسکو اور جگہہ فرمایا پھرتے ہین

الاعلى في السموات والارض ۚ وهو العزيز الحكيم ۝
سب سے اوپر آسمان زمین مین • اور وہی زبردست حکمتون والا ٭ ف •
٢٨ ع ٧ ضرب لكم مثلا من انفسكم ۖ هل لكم من ما ملكت
بتائی تمہارے لیے ایک کہاوت تمہارے اندر سے • تمہارے ہو اتہ کے مال ہین
ايمانكم من شركاء في ما رزقناكم فانتم فيه سواء تخافونهم
اُنمین ہی کوئی ساجھی تمہارا ہماری دی روزی مین کہ تم سب اُسمین برابر ہو خطرہ رکھو اُنکا
كخيفتكم انفسكم ۚ كذلك نفصل الايات لقوم يعقلون ۝
جیسے خطرہ رکھو اپنون کا یون کھولتے ہین ہم باتے اُن لوگون کو جو بوجھتے ہین ٭ ف •
٢٩ بل اتبع الذين ظلموا اهواءهم بغير علم ۚ فمن يهدي
بلکہ چلے ہین بے انصاف اپنی چاو پر بن سمجھے • سو کون سمجھا دے
٣٠ من اضل الله ۖ وما لهم من ناصرين ۝ فاقم وجهك
جسکو اللہ نے بھکایا • اور کوئی نہیں اُنکے مددگار ٭ سو تو سیدھا رکھ اپنا منہ
للدين حنيفا ۚ فطرت الله التي فطر الناس عليها ۚ لا
دین پر ایک طرف کا ہو • وہی تراش اللہ کی جسپر تراشا لوگون کو •
تبديل لخلق الله ۚ ذلك الدين القيم ۙ ولكن اكثر الناس
بدلنا نہین اللہ کے بنائے ٭ کو یہی ہی دین سیدھا • لیکن بہت لوگ
٣١ لا يعلمون ۝ منيبين اليه واتقوه واقيموا الصلوة ولا تكونوا
نہین سمجھتے • ف • سب رجوع ہوکر اُسکی طرف اور اُسی سے ڈرتے رہو اور کھڑی رکھو نماز اور مت ہو
٣٢ من المشركين ۝ من الذين فرقوا دينهم وكانوا
شریک والون مین • ف • نہ ہو اُنمین جنھون نے پھوٹ ڈالی اپنے دین مین اور ہو گئے
٣٣ شيعا ۖ كل حزب بما لديهم فرحون ۝ واذا مس الناس
بہت جتھے • ہر فرقہ جو اسکے پاس ہی اُسپر ریجھ رہے • اور جب لگے لوگون کو

ف ٭ یعنے آسمان کے لوگ نہ کھاوین نہ پیوین نہ حاجت بشری رکھین سواے بندگی کے کچھ کام نہین اور زمین کے لوگ سب چیز مین آلودہ ٭ پر اللہ کی صفت نہ ان سے نہ اُنسے • اور وہ پاک ذات ہی

ف • یعنے تم جو تھے مالک ہو لونڈی غلام کے سب روزی کھاتے سو اللہ کی • پھر بھی برابر ساجھی نہین ہوسکتے تمہارے جیسے اپنے بھائی بند ٭ اور انکو کچھ پروا نہین اُنکی کہ مرضی لے کر کام کرو تو وہ سچا مالک کیا پروا رکھے اپنے غلام کی جسکو اُسکا ساجھی کہتے ہو

ف • یعنے اللہ سب کا حاکم مالک سب سے نرالا کوئی اُسکے برابر نہین کسی کا زور اُسپر نہین • یہ باتین سب جانتے ہین اُسپر چلنا چاہیے • ایسا ہی کسی کی جان مال کو ستانا ناموس مین عیب لگانا ہر کوئی برا جانتا ہی • ایسا ہی اللہ کو یاد کرنا غریب پر ترس کھانا حق پورا دینا دغا نہ کرنی ہر کوئی اچھا جانتا ہی • اُسپر چلنا وہی دین سچا ہی • اِن چیزون کا بند وبست پیغمبرون کی زبان سے اللہ نے سکھایا

ف • یعنے اصل دین پر آوُ اُسکی طرف رجوع ہوکر اگر صلاح دنیا

ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيبِينَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً

کچھ سختی پکارین اپنے رب کو اُسکی طرف رجوع ہو کر پھر جہان چکھائی اُنکو اپنی طرف سے

اِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ۙ لِيَكْفُرُوا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ط ٣٤

کچھ مہر تبھی ایک لوگ اُنمین اپنے رب کا شریک لگے بتانے • ف • کہ منکر ہوجاوین ہمارے دئے سے •

فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۞ اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ ٣٥

سو کام چلا لو * اب آگے جان لوگے • کیا ہم نے اُنپر اُتاری ہی کوئی سند سو وہ

يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهٖ يُشْرِكُونَ ۞ وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ ٣٦

بولتی ہی جو یہہ شریک بتاتے ہین • اور جب چکھاوین ہم لوگون کو کچھ

رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا ط وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيهِمْ

مہر اُسپر ریجھنے لگین اور اگر آپڑے اُنپر کچھ بُرائی اپنے ہاتھون کے بھیجے

اِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ ۞ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ ٣٧

پر تبھی آس توڑ دیوین • کیا نہین دیکھہ چکے کہ اللہ پھیلاتا ہی روزی جسپر چاہے

وَيَقْدِرُ ط اِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُونَ ۞ فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى ٣٨

اور ماپ کر دیتا ہی • اِس مین پتے ہین اُن لوگونکو جو یقین رکھتے ہین • ف • سو دے ناتے والے کو

حَقَّهٗ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ ط ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ

اُسکا حق اور محتاج کو • اور مسافر کو یہہ بہتر بات ہی اُنکو جو لوگ

يُرِيدُونَ وَجْهَ اللّٰهِ ج وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۞ وَمَآ اٰتَيْتُمْ ٣٩

چاہتے ہین اللہ کا منہہ * اور وہی ہین جنکا بھلا ہی * اور جو دیتے ہو

مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا فِي اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوا عِنْدَ اللّٰهِ ج

بیاج پر کہ بڑھتا رہے لوگون کے مال مین وہ نہین بڑھتا اللہ کے یہان •

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيدُونَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ

اور جو دیتے ہو پاک دل سے چاہ کر منہہ اللہ کا • سو وہی ہین

کے واسطے یہہ کام کئے تو دین درست ہو

ف • یعنے جیسے بھلے کام ہر انسان کی جبلت پہچانتی ہی • اللہ کی طرف رجوع ہونا بھی ہر ایک کی جبلت جانتی ہی * ڈر کے وقت کھل جاتا ہی

ف • یعنے جسکو چاہے ماپ دے روزی جسکو چاہے بہلا دے

٤٠ هُمُ الْمُضْعِفُونَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ
جنکے دونے ہوئے ❊ اللہ وہی ہے جسنے تمکو بنایا پھر تمکو روزی دی پھر تمکو مارتا ہے
ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۖ هَلْ مِنْ شُرَكَائِكُمْ مَنْ يَفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ
پھر تمکو جلا دیگا ❊ کوئی ہی تمہارے شریکوں میں جو کر سکے ان کاموں
٤١ ع٨ مِنْ شَيْءٍ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ ظَهَرَ الْفَسَادُ
میں ایک ❊ وہ نرالا ہی اور بہت اوپر ہی اس سے جو شریک بناتے ہیں ❊ کھل پڑی ہی
فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ
خرابی جنگل میں اور دریا میں لوگوں کے ہاتھ کی کمائی سے چکھایا چاہیے
٤٢ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ قُلْ سِيرُوا فِي الْاَرْضِ
انکو کچھ مزہ انکے کام کا کہ شاید وے پھر آویں ● ف ● تو کہہ پھرو ملک میں
فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلُ ۚ كَانَ اَكْثَرُهُمْ
تو دیکھو آخر کیسا ہوا پہلوں کا ❊ بہت ان میں تھے
٤٣ مُشْرِكِينَ ۝ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ
شریک والے ● سو تو سیدھا کر اپنا منہ سیدھی راہ پر اس سے پہلے کہ
٤٤ يَاْتِيَ يَوْمٌ لَا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ۝ مَنْ كَفَرَ
آپہنچے ایک دن جسکو پھرنا نہیں اللہ کی طرف سے اسدن لوگ جدا جدا ہونگے ❊ ف ❊ جو منکر ہوا
فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُونَ ۝
سو اس پر پڑے اس کا منکر ہونا اور جو کرے بھلے کام سو اپنی راہ سنوارتے ہیں ❊
٤٥ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْ فَضْلِهِ ۚ اِنَّهُ
کہ وہ بدلا دے انکو جو یقین لاے اور بھلے کام کیے اپنے فضل سے ● یقینا
٤٦ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ ۝ وَمِنْ اٰيَاتِهِ اَنْ يُرْسِلَ الرِّيَاحَ
اسکو نہیں بھاتے انکار والے ❊ اور اسکی نشانیوں میں ایک یہ کہ چلاتا ہے باؤن

ف ● یعنے کفر اور ظلم پھیل ● پڑا ہی زمین میں اور جہازوں میں لوٹ مار ● ہر طرف اسکا وبال پڑا چاہے ❊ سارا تو آخرت میں ہی پر کچھ یہان بھی ● شاید ڈر کر راہ پر آویں

ف ❊ یعنے دین کا غلبہ ہو اور سزا پانیوالے الگ ہون اور مقبول اللہ کے الگ

مُبَشِّرَاتٍ وَلِيُذِيقَكُم مِّن رَّحْمَتِهِ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِأَمْرِهِ
خوشخبری لانیوالی اور تا چکھاوے تمکو کچھ مزہ اپنی مہر کا اور تا چلیں جہاز اُسکے حکم سے
وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِن ٤٧
اور تا تلاش کرو اُسکے فضل سے اور شاید تم حق مانو ف اور ہم بھیج چکے ہیں
قَبْلِكَ رُسُلًا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ فَجَاءُوهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَانتَقَمْنَا
تجھ سے پہلے کتنے رسول اپنی اپنی قوم پاس پھر آئے اُن پاس نشانیاں لیکر پھر بدلا لیا ہم نے
مِنَ الَّذِينَ أَجْرَمُوا وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ ۝ اللَّهُ ٤٨
اُن سے جو گنہگار تھے اور حق ہے ہم پر مدد ایمان والوں کی ف اللہ ہے
الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهُ فِي السَّمَاءِ كَيْفَ
جو چلاتا ہے باویں پھر اُبھارتیاں ہیں بدلی پھر پھیلاتا ہے اُسکو آسمان میں جسطرح
يَشَاءُ وَيَجْعَلُهُ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ فَإِذَا
چاہے اور رکھتا ہے اُسکو تہہ بتہہ پھر تو دیکھے مینہہ نکلتا اُسکے بیچ سے پھر جب
أَصَابَ بِهِ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ۝ وَإِن كَانُوا ٤٩
اُسکو پہنچایا جسکو چاہا اپنے بندوں میں تبھی وے لگیں خوشیاں کرنے ف اور
مِن قَبْلِ أَن يُنَزَّلَ عَلَيْهِم مِّن قَبْلِهِ لَمُبْلِسِينَ ۝ فَانظُرْ إِلَىٰ آثَارِ ٥٠
پہلے ہو رہے تھے اُسکے اُترنے سے پہلے ہی ناامید سو دیکھ اللہ کی
رَحْمَتِ اللَّهِ كَيْفَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ ذَٰلِكَ لَمُحْيِي
مہر کے نشان کیونکر جلاتا ہے زمین کو اُسکے مرے پیچھے بیشک وہی
الْمَوْتَىٰ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَلَئِنْ أَرْسَلْنَا رِيحًا ٥١
مُردے جلانیوالا اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے اور جو کہیں ہم بھیجیں ایک باؤ
فَرَأَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوا مِن بَعْدِهِ يَكْفُرُونَ ۝ فَإِنَّكَ لَا تُسْمِعُ ٥٢
پھر دیکھیں وے کھیتی زرد پڑ گئی تو لگیں اس پیچھے ناشکری کرنے ف سو تو سنا نہیں سکتا

ف یعنے باد چلنے سے اپنے فائدے ہیں مینہہ کی خبر آتی ہے اور جہاز چلے ہیں

ف بیچ میں باد کا ذکر اس واسطے کہ جیسے مینہہ کی خبر لاتی ہیں بادیں اسی طرح دین کے غلبہ کی نشانیاں روشن ہوتی جاتی ہیں

ف پھیلاتا ہے جسطرح چاہے یعنے پہیلے کسی طرف پہیلے کسی طرف اسی طرح دین بھی پھیلا

ف یعنے غرض کے ساتھی شکر اور ناشکری اور ایمان اسے

فرمایا کہ مراد یا کر بندہ زندہ ہوئے
اللہ کی قدرت دکار نگ ہی

الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ۝ وَمَآ ۵۳
مُردوں کو اور نہیں سنا سکتا بہروں کو پکارنا جب پھریں پیٹھ دیکر • اور نہ
اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ
تو راہ سجھاوے اندھوں کو انکی بھٹکنے سے * تو تو سناوے اسکو جو یقین مانے
بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ ۵۴
ع۹ ہماری باتیں سو وے مسلمان ہوتے ہیں * اللہ ہی جسنے بنایا ہی تمکو کمزوری سے پھر
جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَيْبَةً ؕ
دیا کمزوری پیچھے زور پھر دی زور پیچھے کمزوری اور سفید بال •
يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ۝ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ ۵۵
بناتا ہی جو چاہے * اور وہ سب جانتا ہی کر سکتا • اور جسدن آویگی قیامت قسمیں کھاوینگے
الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ۝
گنہگار کہ ہم نہیں رہے ایک گھڑی سے زیادہ • اسی طرح تھے الٹے جاتے • ف •
وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ ۵۶
اور کہینگے جنکو ملی سمجھ اور یقین تمہارا ٹھہراو تھا اللہ کے
اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ؗ فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝
لکھے میں جی اٹھنے کے دن تک • سو یہ ہی جی اٹھنے کا دن پر تم نہ تھے جانتے *
فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۝ ۵۷
سو اس دن کام نہ آویگی ان گنہگاروں کو تقصیر بخشوانی اور نہ انسے کوئی منانا چاہے •
وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ ۵۸
اور ہمنے بتھائی ہی اس قرآن میں ہر طرح کی کہاوت
وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا
اور جو تو لاوے ان پاس آیت تو مقرر کہیں وے منکر تم سب

ف • یعنے قبر کا رہنا تھوڑا معلوم
ہوگا • اور ایسی ہی غلط باتیں جانے
تھے دنیا میں

مُبْطِلُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ ٥٩

جھوٹھہ بناتے ہو * یون مُہر کرتاہی اللہ اُنکے دلون پر جو سمجھہ نہیں رکھتے *

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ۝ ٦٠

سوتو ٹھہرا رہ بیشک اللہ کا وعدہ ٹھیک ہی اور اُچھال نہ دین تجکو جو یقین نہیں لاتے *

حروف	سورة لقمان مكية وهى اربع وثلثون آيه	كلمات
٢١٢٠٠	سورت لقمان مکی ہی چونتیس آیت کی	٥٤٨

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝ هُدًى وَّرَحْمَةً ٢ ٣

ع١٠

یہ باتین ہین پکی کتاب کی * سوجھہ اور مہر

لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ ٤

نیکی والون کو * جو کھڑی رکھتے ہین نماز اور دیتے ہین زکوٰة

وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى ٥

اور وے ہین جو آخرت کو وے یقین کرتے ہین * وے ہین سوجھہ پر اپنے

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ ٦

رب کی طرف سے اور وے ہین جنکا بھلا ہی * اور ایک لوگ ہین

مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

کہ خریدار ہین کھیل کی باتون کے تا بچلاوین اللہ کی راہ سے

بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَاِذَا ٧

بن سمجھے * اور ٹھہراوین اُسکو ہنسی * وے جو ہین انکو ذلت کی مار ہی * ف * اور جب

تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْ

سنائے اُسکو ہماری باتین پیٹھہ دے جاوے غرور سے گویا اُنکو سنا ہی نہین گویا اُسکے

ف * ایک کافر تھا جسکو دیکھتا کہ نرم دل ہوا مسلمانی کی طرف جھکا * اپنے گھر لیجاتا سراب پلاتا اور راگ اور ناچ دکھاتا اُسے

یدی کی مجلس سے ایمان کا ار
یٹ جانا اُسکو یہہ فرمایا

٨ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۖ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا
دو کان بھرے ہیں • سو خوشخبری دے اُسکو دکھ والی مار کی • جو لوگ یقین لائے
٩ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتُ النَّعِيمِ ۙ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ
اور کیے بھلا کام اُنکو ہیں نعمت کے باغ • رہا کریں اُن میں
١٠ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ
وعدہ ہو چکا اللہ کا سچا • اور وہ زبردست ہے حکمتوں والا • بنائے آسمان
بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ۖ وَأَلْقَىٰ فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ
بن ٹیکے اُسے دیکھتے ہو اور ڈالے زمین پر بوجھ کہ تمکو لیکر جھک نہ پڑے
وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ ۚ وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَنْبَتْنَا
اور بکھیرے اُسمیں سب طرح کے جانور • اور اُتارا ہمنے آسمان سے پانی پھر اُگائے
١١ فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ۝ هَٰذَا خَلْقُ اللَّهِ فَأَرُونِي مَاذَا
زمین میں ہر قسم کے جوڑے خاصے • یہ کچھ بنایا ہے اللہ کا اب دکھاؤ مجھکو کیا
خَلَقَ الَّذِينَ مِنْ دُونِهِ ۚ بَلِ الظَّالِمُونَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝
بنایا ہے اوروں نے جو اُسکے سوائے ہیں • کوئی نہیں بے انصاف صریح بہکے ہیں •
١٢ وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ لِلَّهِ ۚ وَمَنْ يَشْكُرْ فَإِنَّمَا
ع ١١
اور ہمنے دی تھی لقمان کو عقلمندی کہ حق مان اللہ کا • اور جو کوئی حق مانیگا
١٣ يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝ وَإِذْ قَالَ
تو مانیگا اپنے بھلے کو • اور جو کوئی منکر ہوگا تو اللہ بے پرواہ ہے سب خوبیوں سراہا • ف • اور جب کہا
لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّ الشِّرْكَ
لقمان نے اپنے بیٹے کو جب اُسکو سمجھانے لگا • اے بیٹے شریک نہ ٹھہرائیو اللہ کا • بیشک شریک بنانا
١٤ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ ۝ وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْنًا عَلَىٰ
بڑی بے انصافی ہے • اور ہمنے تاکید کیا انسانکو اُسکے ماں باپ کے واسطے • پیٹ میں رکھا اُسکو اُسکی ماں نے

ف • حضرت لقمان غلام تھے
حبشی • حضرت داؤد کے وقت
میں اللہ نے اُنکو حکمت دی • یعنے
عقل کی راہ سے وے باتیں کہولیں
جو ہوا ہیں پیغمبروں کے حکم کے.

وَهْنٍ وَّفِصَالُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ج اِلَيَّ
تھک تھک اور دودھ چھڑانا اُسکا ہی دو برس مین کہ حق مان میرا اور اپنے ماباپ کا * آخر
١٥ الْمَصِيْرُ ۝ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ
مجھی تک آنا ہی * ف • اور اگر وے دو نوجھے اَڑین اسپر کہ شریک مان میرا جو تجکو
عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ز وَّ
معلوم نہین تو اُنکا کہنا مان اور ساتھ دے اُنکا دنیا مین دستور سے *
وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ج ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ
اور راہ چل اُسکی جو رجوع ہوا میری طرف • پھر میری طرف ہی تمکو پھر آنا پھر مین
١٦ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰبُنَيَّ اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ
جتاؤ ونگا تمکو جو کچھ تم کرتے تھے * ف • ای بیٹے اگر کوئی چیز ہووے برابر رائی کے
خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ
دانے کے پھر رہی ہو کسی پتھر مین یا آسمانون مین یا زمین مین
١٧ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ط اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ
لا حاضر کرے اُسکو اللہ * بیشک اللہ چھپے جانتا ہی خبردار • ای بیٹے کھڑی رکھ نماز
وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا اَصَابَكَ ط
اور سکھلا بھلی بات اور منع کر برائی سے اور سہار جو تجھ پر پڑے
١٨ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝ ج وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا
بیشک یے ہین حکمت کے کام * ف • اور اپنے گال نہ پھلا لوگون کی طرف اور مت
تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ
چل زمین پر اِتراتا * بیشک اللہ کو نہین بھاتا کوئی اِترانا بڑائیان
١٩ فَخُوْرٍ ۝ ج وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ط اِنَّ
کرنیوالا • ف • اور چل بیچ کی چال اور نیچی کر اپنی آواز • بیشک بُری سے

ف • یہہ کلام بیچ مین اللہ صاحب فرماتا ہی * لقمان نے بیٹے کو ماباپ کا حق نہ کہا تھا کہ اپنی غرض معلوم ہوتی اللہ صاحب نے شرک سے پیچھے اور نصیحتون سے پہلے ماباپ کا حق فرمادیا کہ بعد اللہ کے حق کے ماباپ کا حق ہی • باپ نے اللہ کا حق بتایا اللہ نے باپ کا * اور رسول کا اور مرشد کا حق اللہ ہی کی طرف مین ہی کہ اُسی لے نایب ہین

ف * شریک نہ مان جو معلوم نہین یعنی سنتے ہی مین بھی نہ مان اور یقین سمجھکر تو کیون مانے

ف • نماز کے ساتھ زکوٰۃ نہین کہی ایسے لوگون پاس مال کہان رہتا ہی

ف • گال پھلا • یعنے غرور سے نہ دیکھ

۲۰ أَنكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ۝ أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ
ع۲ بڑی آواز گدھوں کی آواز ہی ۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کام لگائے
لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ
تمہارے جو کچھ ہیں آسمان و زمین میں اور بھر دیں تم کو اپنی نعمتیں
ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ۗ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ
کھلی اور چھپی ۔ اور ایک آدمی وے ہیں جو جھگڑتے ہیں اللہ کی بات میں
۲۱ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُنِيرٍ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا
بن سمجھے نہ رکھتے نہ سوجھ نہ کتاب چمکتی ۔ اور جب اُنکو کہئے چلو اُس حکم پر
مَا أَنْزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ
جو اُتارا اللہ نے کہیں نہیں ہم تو چلینگے اُسپر جسپر پایا ہم نے اپنے باپ دادوں کو ۔ بھلا
۲۲ النصف الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ۝ وَمَنْ يُسْلِمْ
اور جو شیطان بلاتا ہو اُنکو دوزخ کے عذاب کیطرف تو بھی ۔ اور جو کوئی تابع کرے
وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ ۗ
اپنا منہ اللہ کی طرف اور وہ ہو نیکی پر سو اُسنے گہکر محکم پکڑا ۔
۲۳ وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ ۝ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهُ ۚ
اور اللہ کی طرف آخر ہر کام کا ۔ اور جو کوئی منکر ہو تو تو غم نہ کھا اُسکے انکار سے ۔
إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ
ہمارے یہاں پھر آنا ہی اُنکو پھر ہم جتا دینگے اُنکو جو اُنھوں نے کیا ہی ۔ مقرر اللہ جانتا ہی
۲۴ الصُّدُورِ ۝ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَىٰ عَذَابٍ
جو بات ہی جیون میں ۔ کام چلا دینگے ہم اُنکا تھوڑے دنوں پھر پکڑ بلا دینگے اُنکو
۲۵ غَلِيظٍ ۝ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ
گاڑھی مار کی طرف ۔ اور جو تو پوچھے اُن سے کسنے بنائے آسمان و زمین

لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ لِلّٰهِ ۲۶

تو کہیں اللہ نے • تو کہہ سب خوبی اللہ کو ہے • پر بہت لوگ وے سمجھ نہیں رکھتے • اللہ

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ۝

کا ہے جو کچھ ہے آسمان و زمین میں • بیشک اللہ وہی ہے بے پرواہ سب خوبیوں سراہا •

وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ ۲۷

اور اگر جتنے درخت ہیں زمین میں قلم ہوں اور سمندر اُسکی سیاہی

مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ

اُسکے پیچھے سات سمندر نہ نبڑیں باتیں اللہ کی • بیشک اللہ زبردست ہے

حَكِيمٌ ۝ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ ۚ ۲۸

حکمتوں والا • تم سب کا بنانا اور مرے پر جلانا وہی جیسا ایک جی کا •

إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ ۲۹

بیشک اللہ سنتا ہے دیکھتا • تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ پیٹھاتا ہے رات کو دن میں

وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۫ كُلٌّ

اور پیٹھاتا ہے دن کو رات میں اور کام میں لگائے ہیں سورج اور چاند • ہر ایک

يَجْرِي إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى وَأَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ ذٰلِكَ ۳۰

چلتا ہے ایک ٹھہرے ہوئے وعدے تک اور یہہ کہ اللہ خبر رکھتا ہے جو کرتے ہو • ف • یہہ اسپر

بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَأَنَّ اللّٰهَ

کہ اللہ وہی ٹھیک ہے اور جو پکارتے ہیں اُسکے سوائے سو ہی جھوٹھ ہے اور اللہ

هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ ۳۱ ع۱۳

وہی ہے سب سے اوپر بڑا • تو نے نہ دیکھا کہ جہاز چلتے ہیں سمندر میں

بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِنْ آيَاتِهِ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ

اللہ کی نعمت لیکر کہ دکھاوے تمکو کچھ اپنی قدرتیں البتہ اسمیں پتے ہیں ہر

ف • ٹھہرا وعدہ یا قیامت ہے یا ہر ایک کا دور

۳۲ صَبَّارٍ شَكُورٍ ۝ وَإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ

ٹھہرنیوالے حق بوجھنے والے کو ۞ اور جب سر پر آوے انکے لہر جیسی بدلیان پکارین اللہ کو

مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۚ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ ۚ

نری کر کر اُسیکو بندگی ۞ پھر جب بچادیا انکو جنگل کیطرف تو کوئی ہوتا ہی اُنمین بیچ کی چال پر ۞

۳۳ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ ۝ يَا أَيُّهَا النَّاسُ

اور منکر وہی ہوتے ہین ہماری قدرتون سے قول کے جھوٹے ہین حق نہ بوجھنے والے ۞ ف ۞ لوگو

اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِي وَالِدٌ عَن وَلَدِهِ ز

بچتے رہو اپنے رب سے اور ڈرو اُس دن سے کہ کام نہ آوے کوئی باپ اپنے بیٹے کے بدلے ۞

وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَالِدِهِ شَيْئًا ۚ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا

اور نہ کوئی بیٹا ہو جو کام آوے اپنے باپ کی جگہ کچھ ۞ بیشک اللہ کا وعدہ ٹھیک ہی سو تمکو

تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا قف وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ ۝

نہ بہکاوے دنیا کا جینا ۞ اور نہ دھوکھا دے اللہ کے نام سے وہ دغاباز ۞ ف ۞

۳۴ إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ ج وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ح وَيَعْلَمُ مَا

اللہ جو ہی اُسی پاس ہی قیامت کی خبر ۞ اور اُتارتا ہی مینہہ ۞ اور جانتا ہی

فِي الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا

جو ہی ماکے پیٹ مین ۞ اور کوئی جی نہین جانتا کیا کریگا کل ۞ اور کوئی

تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ۝

جی نہین جانتا کس زمین مین وہ مریگا ۞ تحقیق اللہ ہی سب جانتا ہی خبردار ۞

ف ۞ کوئی ہی بیچ کی چال پر ۞ یعنے وہ چال جو طوفان کے وقت تھی سو کسیکو نہین رہتی مگر ذرا بہول بھی جاوے ایسے بھی کم ہین ۞ نہین تو اکثر منکر ہوتے ہین قدرت سے ۞ اپنی تدبیر پر رکھتے ہین یا کسی ارواح کی مدد پر

ف ۞ یعنے شیطان دھوکھا دے کہ اللہ غفور رحیم ہی ۞ اور دنیا کا جینا بہکاوے کہ جسکو یہان بھلا ہی اُسکو وہان بھی بھلا ہی

کلمات ۳۸۰ — سورة السجدة مكية وهي ثلثون آية — حروف ۱۵۱۷

سورت سجدہ مکی ہی تیس آیت کی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٢ الٓمّٓ ۚ تَنْزِيْلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ ۚ

ع ١ اُتارا کتاب کا ہی اس مین کچھ دھوکھا نہین جہان کے صاحب سے •

٣ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

کیا کہتے ہین یہہ باندھ لایا • کوئی نہین وہ ٹھیک ہی تیرے ربکی طرف سے کہ تو ڈرسنادے ایک لوگونکو

٤ مَّا اَتٰهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ

جنکو نہین آیا کوئی ڈرانیوالا تجسے پہلے شاید وے راہ پر آوین * اللہ ہی جسنے بنایا ہی

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

آسمان و زمین اور جو اُنکے بیچ ہی چھ دن مین پھر قایم ہوا

عَلَى الْعَرْشِ ۗ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۗ اَفَلَا

عرش پر • کوئی نہین تمہارا اُسکے سوا ے حمایتی نہ سفارشی * پھر کیا تم

٥ تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ

سوچ نہین کرتے • تدبیر سے اُتارتا ہی کام آسمان سے زمین تک پھر چڑھتا ہی

٦ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝ ذٰلِكَ

اُسکی طرف ایک دن مین جسکا پیمانا ہزار برس ہی تمہاری گنتی مین *ف* یہہ ہی

٧ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ الَّذِيْ اَحْسَنَ

جاننے والا چھپے اور کھلے کا زبردست رحم والا • جسنے خوب بنائی

٨ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۚ ثُمَّ

جو چیز بنائی اور شروع کی انسان کی پیدایش ایک گارے سے • پھر

ف * بڑے بڑے کام کا حکم عرش سے مقرر ہوکر نیچے اُترتا ہی * سب اسباب اُسکے آسمان و زمین سے جمع ہوکر بن جاتا ہی • پھر ایک مدت جاری رہتا ہی پھر اُٹھ جاتا ہی اللہ کی طرف • دوسرا اُسکی جگہ اُترتا ہی • جیسے بڑے بڑے پیغمبر حکم کا اثر قرنوں تک

۹ جَعَلَ نَسْلَهُ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۚ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ
بنائی اُسکی اولاد نچڑے پانی بے قدر سے * پھر اُسکو برابر کیا اور پھونکی
فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ
اُسمین اپنی جان مین سے اور بنا دئے تمکو کان اور آنکھین اور دل *
۱۰ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِى الْاَرْضِ ءَاِنَّا
تم تھوڑا شکر کرتے ہو ف • اور کہتے ہین کیا جب ہم رُل گئے زمین مین کیا ہمکو
۱۱ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ بَلْ هُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝ قُلْ
پیا بنا ہی * کوئی نہیں وے اپنے رب کی ملاقات سے منکر ہین * تو کہہ
يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ
بھر لیتا ہی تمکو فرشتہ موت کا جو تم پر تعین ہی پھر اپنے رب کی طرف
۱۲ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ ع ۱۵
پھر جاؤگے • ف • اور کبھی تو دیکھے جس وقت منکر سر ڈالے ہوگئے
عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا
اپنے رب کے پاس • ای رب ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا اب ہمکو پھر بھیج ہم کرین بھلا ہی
۱۳ اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا
ہمکو یقین آیا • اور اگر ہم چاہتے تو دیتے ہر جی کو سوجھ اُسکی راہ کی
وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ
لیکن ٹھیک پڑی میری کہی بات کہ مجکو بھرنے دوزخ جنون سے
۱۴ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ
اور آدمیون سے اکٹھے • سو اب چکھو مزہ جیسے بھلا دیا تھا اپنے اس دن کا ملنا • اپنے
۱۵ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّمَا
بھلا دیا تمکو اور چکھو مار سدا کی بدلا اپنے کئے کا * ہماری

رہا بڑی قوم مین سرداری جو عمر دن چنی • وہ ہزار برس اللہ کے یہان ایک دن ہی

ف اپنی جان مین سے • جو مخلوق ہی اُسیکا مال ہی مگر جسکو عزت دی اُسکو اپنا کہا • جیسے فرمایا ان عبادی سو انسان کی جان غیب سے آئی ہی مٹی پانی سے نہین نبی اُسکو اپنی کہا • اور یہ نہ سمجھے کہ اللہ کی جان جان ہو تو بدن بھی ہو بدن ہو تو ترکیب بھی ہو ذات پاک کہان رہی

ف • یعنے تم آپ کو دہر سمجھے ہو کہ خاک مین رُل گئے • تم جان ہو وہ فرشتہ لیجاتا ہی فنا نہین ہو جاتی

يؤمن باياتنا الذين اذا ذكروا بها خروا سجدا وسبحوا بحمد
باتونکو مانتے وے ہین کہ جب اُنکو سمجھائے اُن سے گر پڑتین سجدہ کر کر اور پاک ذات کو یاد کرین
١٦ ربهم وهم لا يستكبرون ۩ تتجافى جنوبهم عن المضاجع
اپنے رب کی خوبیون سے اور وے بڑائی نہین کرتے • الگ رہتی ہین اُنکی کروٹین اپنے سونے کی جگہ سے
١٧ يدعون ربهم خوفا وطمعا ومما رزقناهم ينفقون ۝ فلا تعلم
پکارتے ہین اپنے رب کو ڈر سے اور لالچ سے • اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہین * ف * سو کسی
نفس ما اخفي لهم من قرة اعين ج جزاء بما كانوا يعملون ۝
جی کو معلوم نہین جو چھپا دھرا ہی اُنکے واسطے جو ٹھنڈک ہی آنکھونکی بدلا اُسکا جو کرتے تھے •
١٨ افمن كان مؤمنا كمن كان فاسقا ط لا يستوون ۝ اما الذين
١٩ بھلا ایک جو ہی ایمان پر برابر ہی اُسکے جو بے حکم ہی * نہین برابر ہوتے * سو وے
امنوا وعملوا الصالحات فلهم جنات المأوى ز نزلا بما كانوا
جو یقین لائے اور کیے بھلے کام تو اُنکو باغ ہین رہنے کے • مہمانی اُسپر جو
٢٠ يعملون ۝ واما الذين فسقوا فماوىهم النار ط كلما ارادوا ان
کرتے تھے • اور وے جو بے حکم ہوے سو اُنکا گھر ہی آگ • جب چاہین کہ نکل
يخرجوا منها اعيدوا فيها وقيل لهم ذوقوا عذاب النار الذي
پڑین اُسمین سے اُلٹے جاوین پھر اُسی مین اور کہیے اُنکو چکھو آگ کی مار جسکو
٢١ كنتم به تكذبون ۝ ولنذيقنهم من العذاب الادنى
تم جھٹلاتے تھے * اور البتہ چکھاوینگے ہم اُنکو تھوڑا سا عذاب ورے
٢٢ دون العذاب الاكبر لعلهم يرجعون ۝ ومن اظلم ممن ذكر
اُس بڑے عذاب سے کہ شاید وے پھر آوین • ف • اور کون بے انصاف اُس سے جسکو سمجھایا
باٰيات ربه ثم اعرض عنها انا من المجرمين منتقمون ۝
اُسکے رب کی باتون سے پھر اُن سے مُنہہ موڑ گیا * مقرر ہمکو اُن گنہگارون سے بدلا لینا ہی •

ف • اللہ سے لالچ بری نہین نہ اُس سے ڈر • اور اِسواسطے بندگی کرے تو قبول ہی * ڈر اور لالچ دنیا کا ہو یا آخرت کا * اگر کسی اور کے خوف ور جا سے بندگی کرے تو وہاہی کچھ قبول نہین

ف • یعنے دنیا مین لوٹ مار بندی دیکھ لیگے

۲۳ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ
ع ۱۶ اور ہمنے دی ہی موسی کو کتاب سو تو مت رہ دھوکھے مین
۲۴ مِنْ لِقَائِهٖ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى لِبَنِيْ اِسْرَائِيْلَ ۚ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ
اسکے ملنے سے اور وہ کی ہمنے سوجھ بنی اسرائیل کو * ف ۰ اور کیے ہمنے اُن مین
اَئِمَّةً يَهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ وَكَانُوْا بِاٰيَاتِنَا يُوْقِنُوْنَ ۝
سردار جو راہ چلاتے ہمارے حکم سے جب وے ٹھہرے رہے ۰ اور رہے ہماری باتون پر یقین کرتے * ف *
۲۵ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ
تیرا رب جو ہی وہی چکاویگا اُن مین دن قیامت کے جس بات مین وے
۲۶ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ
پھوٹ رہے تھے * کیا اُنکو سوجھ نہ آئی اس سے کہ کتنی غارت کر دین ہمنے اِن سے پہلے
مِنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسَاكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَاتٍ ؕ
سنگتین پھرتے ہین اُنکے گھرون مین ۰ اِس مین بہت پتے ہین
۲۷ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَاءَ اِلَى الْاَرْضِ
کیا وے سنتے نہین ۰ کیا دیکھا نہین اُنھون نے کہ ہم ہانک دیتے ہین پانی ایک چٹیل
الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ
زمین کی طرف پھر نکالتے ہین اُس سے کھیتی کہ کھاتے ہین اُس مین سے اُنکے چوپائے
۲۸ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ
اور آپ * پھر کیا دیکھتے نہین ۰ اور کہتے ہین کب ہی یہہ فیصلہ اگر تم
۲۹ صَادِقِيْنَ ۝ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِيْمَانُهُمْ
سچے ہو * تو کہہ فیصلے کے دن کام نہ آویگا منکرون کو اُنکا یقین لانا
۳۰ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُنْتَظِرُوْنَ ۝
اور نہ اُنکو ڈھیل ملیگی * سو تو خیال چھوڑ اُنکا اور راہ دیکھ وے بھی راہ دیکھتے ہین ۰

ف ۰ دھوکھا نکر اُسکے ملنے مین ۰ یعنے کتاب کے یا موسی کے ۰ معراج کی رات مین اُن سے ملے تھے اور بھی کئی بار ۔

ف * یعنے تم بھی ٹھہرے رہو تو تم مین بھی وہی چال ہو ۰ آخر ہوے

كلمات	سورة الاحزاب مدنية ثلث وسبعون آية	حروف
١٢٨٨	سورت احزاب مدنی ہی تہتّر آیت کی	٥٧٩٦

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ع ١٧ ١ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ ط
ای نبی ڈر اللہ سے اور کہا نہ مان منکروں کا اور دغا بازوں کا *
٢ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۙ وَاتَّبِعْ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ط
مقرر اللہ ہی سب جانتا حکمتوں والا * ف * اور چال اُسی پر جو حکم آوے تجکو تیرے رب سے •
٣ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۙ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط
مقرر اللہ تمہارے کام کی خبر رکھتا ہی * اور بھروسا رکھہ اللہ پر •
٤ وَكَفَىٰ بِاللّٰهِ وَكِيلًا ۝ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِنْ قَلْبَيْنِ فِي
اور اللہ بس ہی کام بنانیوالا * اللہ نے رکھے نہین کسی مرد کے دو دل
جَوْفِهِ ج وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ
اُسکے اندر • اور نہین کیا تمہاری جورون کو جنکو ماں کہہ بیٹھے ہو سچ
أُمَّهَاتِكُمْ ج وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ط ذَٰلِكُمْ
تمہاری مائیں * اور نہین کیا تمہارے لے پالکون کو تمہارے بیٹے * یہہ تمہاری
قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ ط وَاللّٰهُ يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ ۝
بات ہی اپنے منہہ کی • اور اللہ کہتا ہی ٹھیک بات اور وہی سجھاتا ہی راہ • ف •
٥ ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ج فَإِنْ لَمْ تَعْلَمُوا
پکارو لے پالکون کو انکے باپکا کر کر یہی پورا انصاف ہی اللہ کے ہان * پھر اگر نہ جانتے ہو

ف • کافر چاہتے تھے اپنی طرف نرم کرنا • اور منافق چاہتے تھے اپنی چال سکھانے * اور پیغمبر کو اللہ پر بھروسا ہی اُسی سے داناکون

ف • کفر کے وقت کوئی جورو کو ماں کہتا تو ساری عمر وہ اُس سے جدا ہوتی • اور کسی کو بیٹا کر بولتا تو سچا بیٹا ہو جاتا * اللہ تعالیٰ نے دونو حکم بدل دیے * جورو کو ماں کہنا سورہ

اٰبَاءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ط وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ
انکے باپکو تو تمھارے بھائی ہیں دین میں اور رفیق ہیں * اور گناہ نہیں
جُنَاحٌ فِيْمَا اَخْطَاْتُمْ بِهٖ لا وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ط
تم پر جس چیز میں چوک جاؤ پر وہ جو دل سے ارادہ کیا *
٦ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۞ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ
اور ہی اللہ بخشنے والا مہربان * ف * نبی سے لگاو ہی ایمان والوں کو زیادہ
اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهَاتُهُمْ ط وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ
اپنی جان سے اور اُسکی عورتیں اُنکی مائیں ہیں * اور ناتے والے ایک دوسرے سے
اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهَاجِرِيْنَ
لگاو رکھتے ہیں اللہ کے حکم میں زیادہ سب ایمان والوں اور وطن چھوڑنیوالوں سے
اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيَآئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ط كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتَابِ
مگر یہہ کہ کیا چاہو اپنے رفیقوں سے احسان * یہہ ہی کتاب میں
٧ مَسْطُوْرًا ۞ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ
لکھا * ف * اور جب لیا ہمنے نبیوں سے اُنکا قرار اور تجسے اور نوح
نُّوْحٍ وَّاِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ص وَاَخَذْنَا
سے اور ابراہیم سے اور موسیٰ اور عیسیٰ سے جو بیٹا مریم کا * اور لیا
٨ مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۞ لِّيَسْئَلَ الصَّادِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ج
ہمنے اُنسے گاڑھا قرار * ف ۲ * تا پوچھے اللہ سچوں سے اُنکا سچ *
٩ وَاَعَدَّ لِلْكَافِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۞ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا
ع ١٨ اور رکھی ہی منکروں کو دکھ کی مار * ف ۱۲۳ ای ایمان والو یاد کرو
نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا
احسان اللہ کا اپنے اوپر جب تم پر آئیں فوجیں پھر ہمنے بھیجی اُنپر باد

قد سمع اللہ میں آویگا * اور لے پالک کا حکم آگے بیان ہی * اِن دو کے ساتھ تیسری بات بھی سنادی کہ ایسی باتیں کہنے کی بہتیری ہیں اُپر عمل نہیں ہوسکتا * جیسے مستقل مرد کو کہتے ہیں اِس کے دو دل ہیں چھاتی چیر کر دیکھو تو کسی کے دو دل نہیں

ف * یعنے چوک کا گناہ تو کسی چیز میں نہیں * اور ارادے کا ہی اُس میں بھی اللہ چاہے تو بخشے * چوک یہہ کہ منہہ سے نکل گیا فلانے کا بیٹا فلانا

ف * نبی نائب ہی اللہ کا اپنی جان و مال میں اپنا تصرف نہیں چلتا جسا نبی کا * اپنی جان دیکھے آگ میں ڈالنی روا نہیں * اور نبی حکم کرے تو فرض ہی * اور اُسکی عورتیں سب کی مائیں حرمت میں پردے میں ہیں * اور حضرت کے ساتھ جنہوں نے وطن چھوڑا بھائی بندوں سے توٹے اُنکو حضرت نے آپس میں بھائی کردیا تھا دو دو کو * پیچھے اُنکے ناتے والے مسلمان ہوئے فرمایا کہ اِس بھائی چارے سے ناتا مقدم ہی میراث ہی ناتے ہی پر اور سب حکم * مگر احسان اور سلوک اُسکا بھی لئے جاؤ * یہہ کتاب میں لکھا ہی * یعنے قرآن میں ہمیشہ کو یہہ حکم جاری رہا * یا تورات میں بھی حکم ہوگا

ف ۲ * ہر پیغمبر کو فرمایا کہ

وَجُنُوۡدًا لَّمۡ تَرَوۡهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرًا ۝ اِذۡ جَآءُوۡكُمۡ ١٠
اور وے فوجین جو تم نے نہین دیکھین * اور ہی اللہ جو کچھ کرتے ہو دیکھتا • ف ۴ * جب آئے تم پر
مِّنۡ فَوۡقِكُمۡ وَمِنۡ اَسۡفَلَ مِنۡكُمۡ وَاِذۡ زَاغَتِ الۡاَبۡصَارُ وَ
اوپر کی طرف سے اور نیچے سے اور جب ڈگنے لگین آنکھین اور
بَلَغَتِ الۡقُلُوۡبُ الۡحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوۡنَا ۝ هُنَالِكَ ١١
پہنچے دل گلون تک اور اٹکلنے لگے تم اللہ پر کئی کئی اٹکلین • ف ۵ * وہان
ابۡتُلِيَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ وَزُلۡزِلُوۡا زِلۡزَالًا شَدِيۡدًا ۝ وَاِذۡ يَقُوۡلُ الۡمُنَافِقُوۡنَ ١٢
جانچے گئے ایمان والے اور جھڑ جھڑائے گئے زور جھڑ جھڑانا • اور جب کہنے لگے منافق
وَالَّذِيۡنَ فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوۡلُهٗۤ اِلَّا غُرُوۡرًا ۝
اور جنکے دل مین روگ ہی جو وعدہ دیا تھا ہمکو اللہ نے اور اُنکے رسول نے سب فریب تھا • ف ۶
وَاِذۡ قَالَتۡ طَّآئِفَةٌ مِّنۡهُمۡ يٰۤاَهۡلَ يَثۡرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمۡ فَارۡجِعُوۡا ۚ ١٣
اور جب کہنے لگے ایک لوگ اُنمین ای یثرب والو تمکو ٹھکانا نہین سو پھر چلو •
وَيَسۡتَاۡذِنُ فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمُ النَّبِيَّ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّ بُيُوۡتَنَا عَوۡرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ
اور رخصت مانگنے لگے ایک لوگ اُنمین نبی سے کہنے لگے ہمارے گھر کھلے پڑے ہین اور وہ
بِعَوۡرَةٍ ۛ اِنۡ يُّرِيۡدُوۡنَ اِلَّا فِرَارًا ۝ وَلَوۡ دُخِلَتۡ عَلَيۡهِمۡ مِّنۡ اَقۡطَارِهَا ١٤
کھلے نہین پڑے • غرض اور نہین مگر بھاگنا * ف ۷ * اور اگر شہر مین کوئی پیٹھ آوے کنارون سے
ثُمَّ سُئِلُوا الۡفِتۡنَةَ لَاٰتَوۡهَا وَمَا تَلَبَّثُوۡا بِهَآ اِلَّا يَسِيۡرًا ۝ وَلَقَدۡ كَانُوۡا ١٥
پھر اُن سے چاہے دین سے بچلانا تو لے مانین اور ڈھیل نہ کرین اُسمین مگر تھوڑی • اور اقرار
عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنۡ قَبۡلُ لَا يُوَلُّوۡنَ الۡاَدۡبَارَ ۭ وَكَانَ
کر چکے تھے اللہ سے آگے کو نہ پھیرینگے پیٹھ • اور اللہ کے
عَهۡدُ اللّٰهِ مَسۡئُوۡلًا ۝ قُلۡ لَّنۡ يَّنۡفَعَكُمُ الۡفِرَارُ اِنۡ فَرَرۡتُمۡ ١٦
قرار کی پوچھ ہوتی ہی * ف ۸ * تو کہہ کام نہ آویگا تمکو بھاگنا اگر بھاگوگے

سب لوگون پر تصرف رکھتا ہی
اُنکی جان سے زیادہ • یہان فرمایا
کہ یہہ درجہ نبیونکو ملا کہ اُن پر
محنت بھی زیادہ ہی * ساری خلق
سے مقابل ہونا اور کسی سے
خوف ور جا نہ رکھنا • اِن پانچ
پیغمبرون کو کہتے ہین اولو العزم
کہ اِنکی ۴ ایت کا اثر ہزارون
برس رہا اور جب تک دنیا ہی
رہیگا • اِن مین پہلے نام فرمایا
ہمارے نبی کا

ف ۳ * یعنے اُنکی زبانی اپنے حکم
خلق کو پہنچائے تب ہر ایک سے
پوچھہ کریگا اور منکرونکو سزا دیگا

ف ۴ * ہجرت سے چوتھے
برس یہود بنی نضیر جو مدینے سے
نکالے گئے تھے سورہ حشر مین
آویگا ہر قوم مین پھرے اور قریش
کو اور فزارہ اور غطفان کو اور
بنی قریظہ کو جو مدینے کے پاس تھے
جمع کر کر حضرت پر چڑھا لائے بارہ
ہزار آدمی • مسلمان کم تھے تین ہزار
مدینے سے باہر لشکر پر آکر خندق
کھودلی • جب فوجین آئین دور
دور سے لڑتے رہے قریب ایک مہینے
تک * پھر ایک رات اللہ نے
پروا باد بھیجی تند کافرونکی آگین
بجھہ گئین ہوکے رہا اور خیمے گر پڑے
گھوڑے چھوٹ گئے سب لشکر
برباد ہوا لاچار اٹھکر چلے گئے • یہہ
جنگ احزاب کہلاتی ہی اور
جنگ خندق بھی • جاڑے کے موسم
مین اناج کی تنگی کر آئی لڑنے

١٧ مِنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ قُلْ مَنْ
مرنے سے یا مارے جانے سے اور پھر بھی پھل نہ پاؤگے مگر تھوڑے دنون ۔ ف ٩ تو کہہ
ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ
کون ہی کہ تمکو بچا دے اللہ سے اگر چاہے تم پر برائی یا چاہے تم پر
رَحْمَةً ۭ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝
مہر ۔ اور نہ پاوینگے اپنے واسطے اللہ کے سوا کوئی حمایتی نہ مددگار ۔ ف ١٠
١٨ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَاۗىِٕلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ
اللہ کو معلوم ہین جو اٹکانے ہین تم مین اور کہنے ہین اپنے بھائیون کو
١٩ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ښ
چلے آؤ ہمارے پاس ۔ اور لڑائی مین نہین آتے مگر کبھی ۔ دریغ رکھتے ہین تمہاری طرف سے ۔
فَاِذَا جَاۗءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ
پھر جب آوے ڈر تو تو دیکھے وہ دیکھنے لگے ہین تیری طرف پھر رہی ہین
كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ
آنکھین انکی جیسے کسی پر آوے بیہوشی موت کی ۔ پھر جب جاتا رہے ڈر کا وقت
سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَي الْخَيْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَمْ
چڑھ چڑھ بولین تم پر تیز تیز زبانون سے ڈھکے پڑتے ہین مال پر ۔ وے لوگ
يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝
یقین نہین لائے پھر اکارت کر ڈالے اللہ نے انکے کیے ۔ اور یہہ اللہ پر آسان ہی ۔ ف ١١
٢٠ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ
جانتے ہین فوجین نہیں گئیں ۔ اور اگر آجاوین فوجین
يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَاۗىِٕكُمْ ۭ
تو آرزو کرین کسی طرح باہر گئے ہوں گانون مین پوچھا کرین تمہاری خبرین ۔

اور خندق کھودنے اور گرد سب مخالف ۔ اس مین منافق دل کی باتین بولنے لگے اور مومن ثابت رہے ۔ اس جنگ مین حضرت نے فرمایا اب سے ہم جاوینگے کفار پر وے ہم پر نہ آوینگے وہی ہوا

ف ١٠٠ اوپر سے اور نیچے سے ۔ یعنے مدینے کی شرقی طرف سے جو اونچی ہی اور غربی طرف سے جو نیچی ہی ۔ اور آنکھین ڈگ گئیں ۔ یعنے پھر بدلنے لگے ۔ لوگون کی دہشت جانے والے لگے آنکھین پھرانے اور دل پہنچے گلون تک دھڑک دھڑک کرنے ڈر سے ۔ اور لگی اٹکلین ۔ مسلمانون نے سمجھا کہ ایکے اور سخت آزمایش آئی ۔ اور کچے ایمان والون نے سمجھا کہ اکی بار نہ بچین گے

ف ٦ ۔ یعنے منافق کہنے لگے پیغمبر کہتا ہی کہ میرا دین پہنچیگا مشرق اور مغرب یہان جاے ضرور کو نکل نہیں سکتے ۔ مسلمان کو چاہیے اب بھی ناامیدی کے وقت بےایمانی کی باتین نہ بولے

ف ٧ ۔ یثرب نام تھا مدینے کا ۔ یعنے سارے عرب بارے دشمن ہوے تو ہمکو رہنے کا ٹھکانا کہان ۔ اس لشکر سے جدا ہو جاو ۔ اور حضرت لشکر کے ساتھ باہر کھڑے تھے شہر مین محکم حویلیون کے ناکے بند کر کر زنانے امن رکھ دیے تھے ۔ یہہ بہانا کرنے لگے کہ ہمارے گھر کھلے ہین اور وہ جھوٹھی بات تھی

ف ٨ ۔ جنگ احد کے بعد یہہ قرار

۲۱ ع۱۹ ولو كانوا فيكم ما قاتلوا الا قليلا ۚ لقد كان لكم

اور اگر ہووین تم مین لڑائی نکرین مگر تھوڑے سے ف ۱۲ ٭ تمکو بھلی تھی سیکھنی

في رسول الله اسوة حسنة لمن كان يرجوا الله

رسول کی چال اُسکے لئے جو کوئی امید رکھتا ہی اللہ کی

۲۲ واليوم الاخر وذكر الله كثيرا ۚ ولما را المؤمنون

اور پچھلے دن کی اور یاد کرتا ہی اللہ کو بہت سارا ٭ ف ۱۳ ٭ اور جب دیکھین مسلمانون نے

الاحزاب قالوا هذا ما وعدنا الله ورسوله وصدق الله

فوجین بولے یہ وہی ہی جو وعدہ دیا تھا ہمکو اللہ نے اور اُسکے رسول نے اور سچ کہا اللہ نے

۳ ورسوله وما زادهم الا ايمانا وتسليما ۚ من المؤمنين

اور اُسکے رسول نے ٭ اور اُنکو اور بڑھا یقین اور اطاعت ٭ ف ۱۴ ٭ ایمان والون مین

رجال صدقوا ما عاهدوا الله عليه ۚ فمنهم من قضى

کتنے مرد ہین کہ سچ کر دکھایا جس بات پر قول کیا تھا اللہ سے ٭ پھر کوئی ہی اُنمین کہ پورا کر چکا

۲۴ نحبه ومنهم من ينتظر ۖ وما بدلوا تبديلا ۚ ليجزي

اپنا ذمہ اور کوئی ہی اُنمین راہ دیکھتا ٭ اور بدلا نہین ایک ذرہ ٭ ف ۱۵ ٭ تا بدلا دے

الله الصادقين بصدقهم ويعذب المنافقين ان شاء او

اللہ سچون کو اُنکے سچ کا اور عذاب کرے منافقون کو اگر چاہے یا

۲۵ يتوب عليهم ۚ ان الله كان غفورا رحيما ۚ ورد الله الذين

توبہ ڈالے اُنکے دل پر ٭ بیشک اللہ ہی بخشتا مہربان ٭ اور پھیر دیا اللہ نے

كفروا بغيظهم لم ينالوا خيرا ۚ وكفى الله المؤمنين

منکرون کو اپنے غصے مین بھرے ہاتھ نہ لگی کچھ بھلائی ٭ اور آپ اُٹھالی اللہ نے مسلمانون کی

۲۶ القتال ۚ وكان الله قويا عزيزا ۚ وانزل الذين ظاهروهم

لڑائی ٭ اور ہی اللہ زور آور زبردست ٭ اور اُتار دیا اُنکو جو اُنکے رفیق

کیا تھا کہ پھر ہم ایسی حرکت نکرینگے

ف ۹ ٭ یعنے جسکی قسمت مین موت ہی اُسکو بچاؤ نہ ہوگا بھاگے سے ٭ اور اگر موت نہین تو بھاگ کر بچا کبھی دن

ف ۱۰ ٭ یعنے عرب کی مخالفت سے ڈرتے ہو اگر اللہ حکم دے تو مسلمان اب تمکو قتل کر ڈالین

ف ۱۱ ٭ یعنے بُرے وقت رفاقت سے جی چُراتے ہین اور ڈر کے مارے جان نکلتی ہی اور فتح کے بعد مردانگی جتاتے ہین سب سے زیادہ اور غنیمت پر ڈھلکتے ہین ٭ اور جہان حبط اعمال کا ذکر ہی تو فرمایا ہی یہ اللہ پر آسان ہی ٭ یعنے حکمت مین اللہ کی کسی کی محنت ضایع کرنی تعجب لگتی ہی لیکن جب حبط کرنے پر آوے اُسی عمل ہی مین ایسا نقصان پکڑے جس سے وہ درست ہی نہین ہوا ٭ جیسے عمل بے ایمان کا کہ شرط ہی ہر عمل کی ایمان

ف ۱۲ ٭ یعنے نامردی کے مارے قسمین نہین آتا کہ فوجین پھر گئین اور باتون مین تمہاری خیرخواہی جتا دین اور لڑائی مین کام نکرتین

ف ۱۳ ٭ یعنے رسول کو دیکھو ان سختیون مین کیا استقلال رکھتا ہی سب سے زیادہ محنت اور اندیشہ آپ پر ہی

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

ہوئے تھے کتاب والے اُنکی گڑھیوں سے اور ڈالی اُنکے دل میں

٢٧ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۚ وَاَوْرَثَكُمْ

دھاک کتنوں کو تم جان سے مارنے لگے اور کتنوں کو بندی کیا • ف١٦ اور تمکو وارث کیا

اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ

انکی زمین اور انکے گھر اور انکے مال اور ایک زمین کا جسپر نہیں پھیرے تمنے اپنے قدم • اور ہی اللہ

٢٨ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ

ع ٢٠

سب چیز کر سکتا • ف١٧ • اے نبی کہہ دے اپنی عورتوں کو اگر

كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ

تم چاہتیاں ہو دنیا کا جینا اور یہاں کی رونق تو آؤ کچھ فایدہ دوں تمکو اور

٢٩ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

رخصت کردوں بھلی طرح سے رخصت • اور اگر تم چاہتیاں ہو اللہ کو اور اُسکے رسول کو

وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا

اور پچھلے گھر کو تو اللہ نے رکھ چھوڑا ہے اُنکو جو تم میں نیکی پر ہیں نیگ

٣٠ عَظِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ

بڑا • ف١٨ • اے نبی کی عورتو جو کوئی لاوے تم میں کام بے حیائی کا صریح

يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

دونی ہو اُسکو مار دوہری • اور ہے یہ اللہ پر

٣١ يَسِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا

آسان • اور جو کوئی تم میں اطاعت کرے اللہ کی اور رسول کی اور کرے کام نیک

٣٢ نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ

دیں ہم اُسکو اُسکا نیگ دوبار اور رکھی ہے ہمنے اُسکے واسطے روزی عزت کی • ف١٩ • اے نبی

ف١٥ • وعدہ اللہ کا یہ کہ فرمایا تھا کہ جب پاؤ گے کافر دکھے ہاتھ سے آخر انکو غلبہ ہی • اور یہ ہی کہ رسول نے فرمایا تھا آٹھ دس دن میں تم پر فوجیں آتی ہیں

ف١٥ • وعدہ پورا کر چکا • یعنے جہاد ہی میں جان دے چکا • جیسے سعد اور احد • اور راہ دیکھتا • جیسے اور اصحاب جو مدد پر مستعد ہیں موت کی راہ دیکھتے ہیں • لیکن رسول نے فرمایا کہ طلحہ انمیں ہی وشہید ہو چکے

ف١٦ • یہ یہود تھے بنی قریظہ نزدیک مدینے کے رہتے • پہلے حضرت سے صلح رکھتے تھے اس ہنگامے میں پھر گئے • اس لڑائی سے فارغ ہوئے کہ جبرئیل حکم لائے اُنکو جا گھیرا چوبیس دن گھبرا کر تھکے • راضی ہوئے کہ ہم رکھتے ہیں جو ہمارے حق میں سعد بن معاذ کہے سو قبول رکھو • حضرت نے قبول کیا • سعد نے یہی حکم کیا جوانوں کے قتل کرنے کا اور عورتوں لڑکوں کو بندی لینے کا • خدا اور رسول کی مرضی بھی یہی تھی اور اُنکی بد عہدی کی سزا

النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَاۗءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ
کی عورتو تم نہیں ہو جیسی ہر کوئی عورتیں اگر تم ڈر رکھو سو تم دب کر
بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۚ
نہ کہو بات پھر لالچ کرے کوئی جسکے دل میں روگ ہے اور کہو بات معقول ف۲۰
وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى ۳۳
اور قرار پکڑو اپنے گھروں میں اور دکھاتی نہ پھرو جیسا دکھانا دستور تھا پہلے وقت نادانی کے ف۲۱
وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا
اور کھڑی رکھو نماز اور دیتی رہو زکوٰۃ اور اطاعت میں رہو اللہ اور رسول کی اللہ
يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ
یہی چاہتا ہے کہ دور کرے تم سے گندی باتیں اس گھر والوں سے اور ستھرا کرے تمکو
تَطْهِيْرًا ۚ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۳۴
ستھرائی سے ف۲۲ اور یاد کرو جو پڑھی جاتی ہیں تمہارے گھروں میں اللہ کی باتیں
وَالْحِكْمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ۝ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ ۳۵ ع۲
اور عقلمندی بیشک اللہ ہے بھید جانتا خبردار تحقیق مسلمان مرد
وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ
اور مسلمان عورتیں اور ایمان دار مرد اور ایمان دار عورتیں اور بندگی کرنیوالے مرد
وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ
اور بندگی کرنیوالی عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور محنت سہنے والے مرد
وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ
اور محنت سہنے والی عورتیں اور دبے رہنے والے مرد اور دبے رہنے والی عورتیں اور خیرات کرنیوالے مرد
وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّاۗىِٕمِيْنَ وَالصّٰۗىِٕمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ
اور خیرات کرنیوالی عورتیں اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں اور تھامنے والے مرد

ف۱۷ یہہ زمین جو مدینے کے نزدیک ہاتھ لگی حضرت نے مہاجرین کو بانٹی انکو گذران کا ٹھکانا ہو گیا اور انصار پر سے انکا خرچ ہلکا ہوا اور اس دوسری زمین سے مراد ہے زمین خیبر کی دو برس کے پیچھے اُن یہودیوں سے وہ ہاتھ لگی اس سے حضرت کے سب اصحاب آسودہ ہو گئے

ف۱۸ حضرت کی ازواج نے دیکھا کہ لوگ آسودہ ہوئے چاہا کہ ہم بھی آسودہ ہوں بعضوں نے بول چال کی حضرت نے قسم کھائی کہ ایک مہینہ گھر میں نہ جاؤں پھر مہینے کے بعد یہہ آیت اتری حضرت گھر میں آئے اور اول حضرت عایشہ سے کہا انھوں نے اللہ اور رسول کی مرضی اختیار کی پھر اسی طرح سب نے حضرت کے یہاں ہمیشہ فقر و فاقہ تھا اپنے اختیار سے جو آتا تھا شتاب اُٹھا ڈالتے تھے پھر قرض لینا پڑتا یہہ جو فرمایا کہ جو نیکی پر ہیں انکو بڑا ثواب ہے حضرت کی ازواج سب نیک ہی رہیں الطیبات للطیبین مگر حق تعالی صاف خوشخبری کسی کو نہیں دیتا تا نڈر نہ ہو جاویں خاتمہ کا ڈر لگا ہے

ف۱۹ یہہ بڑے درجہ کو لازم ہے

فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِينَ اللّٰهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ
اپنی شہوت کی جگہہ اور تھامنے والی عورتین اور یاد کرنیوالے مرد اللہ کو بہت سا اور یاد کرنیوالی عورتین
٣٦ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ۝ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا
رکھی ہی اللہ نے اُنکے واسطے معافی اور نیگ بڑا ۰ ف ٢٣ ۰ اور کام نہین کسی ایماندار مرد کا
مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَنْ يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ
عورت کا جب ٹھہرا دے اللہ اور اُسکا رسول کچھ کام کہ اُنکو رہے اختیار اپنے
مِنْ أَمْرِهِمْ وَمَنْ يَعْصِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا مُبِينًا ۝
کام کا اور جو کوئی بے حکم چلا اللہ کے اور اُسکے رسول کے سو راہ بھولا صریح چوک کر ۰ ف ٢٤
٣٧ وَإِذْ تَقُولُ لِلَّذِي أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ أَمْسِكْ
اور جب تو کہنے لگا اُس شخص کو جسپر اللہ نے احسان کیا اور تونے احسان کیا رہنے دے
عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِي فِي نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيهِ
اپنے پاس اپنی جورو کو اور ڈر اللہ سے اور تو چھپاتا تھا اپنے دل مین ایک چیز جو اللہ اُسکو کھولا چاہتا ہی
وَتَخْشَى النَّاسَ ج وَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَاهُ ط فَلَمَّا قَضَى زَيْدٌ
اور تو ڈرتا تھا لوگون سے ۰ اور اللہ سے زیادہ چاہئے ڈرنا تجکو ۰ پھر جب زید
مِنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ حَرَجٌ
تمام کر چکا اُس عورت سے اپنی غرض ہمنے وہ تیرے نکاح مین دی تا نرہے سب مسلمانونکو گناہ
فِي أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ط وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ
نکاح کر لینا جوروؤن سے اپنے لے پالکون کی جب وے تمام کرین اُنسے اپنی غرض ۰ اور ہی اللہ کا حکم
٣٨ مَفْعُولًا ۝ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهُ ط سُنَّةَ اللّٰهِ
کرنا ۰ ف ٢٥ نبی پر کچھ مضایقہ نہین اُس بات مین جو ٹھہرا دی اللہ نے اُسکے واسطے ۰ دستور رہا ہی اللہ کا
فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ط وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَقْدُورًا ۝
اُن لوگون مین جو گذر رہے پہلے ۰ اور ہی حکم اللہ کا مقرر ٹھہر چکا ۰

ہی نیکی کا ثواب دونا اور برائی کا عذاب دونا پیغمبر کو بھی فرمایا ہی لاذقناك ضعف الحيوة

ف ٢٠ ۰ یہہ ایک ادب سکھایا کہ کسی مرد سے بات کہو تو اسطرح کہو جیسے ماکہے بیٹون کو

ف ٢١ ۰ یعنے کفر کے وقت بے پردہ پھرتین عورتین

ف ٢٢ ۰ یہہ خطاب ہی ازواج کو اور داخل ہین حضرت کے سب گھر والے

ف ٢٣ ۰ حضرت کی ایک بی بی نے کہا تھا کہ قرآن مین سب ذکر مردون کا ہی عورتون کا کہین نہین اُسپر یہہ آیت اُتری نیک عورتون کی خاطر کو ۰ نہین تو جو حکم مردون پر کہا سو عورتون پر بھی آیا ۰ ہربار جدا کہنے کی حاجت نہین

ف ٢٤ ۰ حضرت زینب رسول خدا کی پھپھی کی بیٹی اور قوم مین اشراف ۰ حضرت نے چاہا کہ اُنکو نکاح کر دین زید بن حارث سے ۰ یہہ زید اصل عرب تھے غلام پکڑ لے گیا لڑکا پن مین شہر مکہ مین بکے ۰ حضرت نے مول لیا ۰ دس برس کی عمر مین اُنکے باپ بھائی خبر پا کر آئے مانگنے کو ۰ حضرت دینے پر راضی ہوئے ۰ یہہ گھر جانے پر راضی نہوئے حضرت کی محبت سے ۰ پھر حضرت نے اُنکو بیٹا کر لیا اسلام سے پہلے ۰ اُس وقت کے

الَّذِينَ يُبَلِّغُونَ رِسَالَاتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهُ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَدًا ٣٩
وے جو پہنچاتے ہیں پیغام اللہ کے اور ڈرتے ہیں اُس سے اور نہیں ڈرتے کسی سے
إِلَّا اللّٰهَ ۗ وَكَفَىٰ بِاللّٰهِ حَسِيبًا ۝ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن ٤٠
سوائے اللہ کے ٭ اور بس ہی اللہ کفایت کرنیوالا ٭ ف ٢٦ ٭ محمد باپ نہیں کسی کا تمھارے
رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ
مردون مین لیکن رسول ہی اللہ کا اور مُہر سب نبیون پر ٭ اور ہی اللہ سب چیز
عَلِيمًا ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ۝ وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً ٤١ ٤٢
جانتا ٭ ف ٢٧ ٭ اے ایمان والو یاد کرو اللہ کو بہت سی یاد ٭ اور پاکی بولو اُسکی صبح ع٣
وَأَصِيلًا ۝ هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُم ٤٣
اور شام ٭ وہی ہی جو رحمت بھیجتا ہی تم پر اور اُسکے فرشتے کہ نکالے تمکو
مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ۝ تَحِيَّتُهُمْ ٤٤
اندھیرون سے اُجالے مین ٭ اور ہی ایمان والون پر مہربان ٭ دعا اُنکی
يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ ۚ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيمًا ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا ٤٥
جسدن اُس سے ملین گے سلام ہی ٭ اور رکھا ہی اُنکے واسطے نیگ عزت کا ٭ ف ٢٨ ٭ اے نبی ہمنے
أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝ وَدَاعِيًا إِلَى اللّٰهِ ٤٦
تجکو بھیجا بتانیوالا اور خوشی سنانیوالا اور ڈرانیوالا ٭ اور بلانیوالا اللہ کی طرف
بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُّنِيرًا ۝ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُم مِّنَ اللّٰهِ ٤٧
اُسکے حکم سے اور چراغ چمکتا ٭ اور خوشی سنا ایمان والون کو کہ اُنکو ہی اللہ کی طرف سے
فَضْلًا كَبِيرًا ۝ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ وَدَعْ ٤٨
بڑی بزرگی ٭ ف ٢٩ ٭ اور کہا نمان منکرون کا اور دغابازون کا اور چھوڑ دے
أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللّٰهِ وَكِيلًا ۝ يَا أَيُّهَا ٤٩
اُنکا ستانا اور بھروسا کر اللہ پر ٭ اور اللہ بس ہی کام بنانیوالا ٭ اے —

رواج موافق حضرت زینب اور اُنکے بھائی راضی نہ ہوئے اِس بات پر یہہ آیہ اتری پھر راضی ہوئے اور نکاح کر دیا

ف ٢٥ ٭ حضرت زینب زید کے نکاح مین آئین تو وہ اُنکی آنکھون مین حقیر لگیں مزاج کی موافقت نہ ہوئی جب تکرار ہوئی تو زید حضرت سے آکر شکایت کرتے اور کہتے مین اِسے چھوڑتا ہون حضرت منع کرتے کہ میری خاطر سے اُسنے تجکو قبول کیا اب چھوڑ دے دوسری ذلت ہی جب بار بار قضیہ ہوا حضرت کے دل مین آیا کہ اگر ناچار زید چھوڑ دیگا تو زینب کی دلجوئی بغیر اسکے نہین کہ مین نکاح کرون لیکن منافقون کی بدگوئی سے اندیشہ کیا کہ کہین گے اپنے بیٹے کی جورو گھر مین رکھی حالانکہ لے پالک کو حکم بیٹے کا نہیں کسی بات مین ٭ اللہ تعالی نے حضرت زینب کی خاطر رکھی بعد طلاق کے حضرت کی نکاح مین دے دیا اللہ کے فرمانے ہی سے نکاح بندھ گیا ظاہر مین نکاح کی حاجت نہ ہوئی جیسے آپ کوئی مالک اپنی لونڈی غلام کا نکاح باندھ دے ٭ غرض تمام کرلی ٭ یعنے چھوڑ دی

ف ٢٦ ٭ یعنے پیغمبر تو ایک کام کرنا جو شرع مین روا ہو کیا مضائقہ رکھتا ہی ٭ اللہ پیغمبرون کو اُسکے سوا کسی کا ڈر نہین رہا ٭ یا یہہ کہ بعضے حکم اللہ پیغمبرون کو خاص

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ
ایمان والو جب تم نکاح کرو مسلمان عورتوں کو پھر انکو چھوڑ دو
مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ج
پہلے اس سے کہ ہاتھ لگاؤ سو انپر حق نہیں تمھارا عدّت میں بیٹھنا کہ گنتی پوری کرواؤ
٥٠ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ
سو انکو دو کچھ فائدہ اور رخصت کرو بھلی طرح سے ف ٣٠ اے نبی ہمنے
اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ
حلال رکھیں تجکو تیری عورتیں جنکے مہر تو دے چکا اور جو مال ہو تیرے
يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ
ہاتھ کا جو ہاتھ لگا دے تجکو اللہ اور تیرے چچا کی بیٹیاں اور پھپھونکی بیٹیاں اور تیرے
خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ز وَامْرَاَةً
ماموں کی بیٹیاں اور تیری خالاؤں کی بیٹیاں جنھوں نے وطن چھوڑا تیرے ساتھ اور کوئی
مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ق
عورت ہو مسلمان اگر بخشے اپنی جان نبی کو اگر چاہے نبی کہ اسکو نکاح میں لے
خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا
یہ نری ہے تجھی کو سوائے سب مسلمانوں کے ہمکو معلوم ہے جو ٹھہرا دیا
عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ
ہمنے انپر انکی عورتوں میں اور انکے ہاتھ کے مال میں تا نہ رہے
٥١ عَلَيْكَ حَرَجٌ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ع تُرْجِيْ
تم پر تنگی اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ف ٣١ پیچھے رکھدے
مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ط وَمَنِ ابْتَغَيْتَ
تو جسکو چاہے ان میں اور جگہہ دے اپنے پاس جسکو چاہے اور جسکو جی چاہے تیرا

ہی ہے جیسی عورتوں کی گنتی حضرت داؤد کو سو عورتیں تھیں اور کوئی اپنی حد سے زیادہ کرے تو گناہ ہے اور جنکو روا ہوا انکو مضایقہ نہیں اور انکو خاص بعضے حکم اس سے ہیں کہ خدا کے خلاف حکم نہیں کرتے
ف ٢٧ حضرت کی اولاد بالغ کے گذر گئے یا بیٹیاں رہیں کوئی مرد ہوا نہیں یعنے کسیکو اسکا بیٹا جانو مگر رسول اللہ کا ہے اس حساب سے سب اسکے بیٹے ہیں اور پیغمبروں پر مہر ہے اسکے بعد کوئی پیغمبر نہیں یہ بڑائی اسکو سب پر ہے
ف ٢٨ یعنے اللہ اپر سلام بھیجیگا اور آپس میں بھی یہی دعا ہی اور ہوگی
ف ٢٩ سب امتوں سے برتر یہی امت ہے
ف ٣٠ بغیر صحبت ہوئے جو مرد چھوڑ دے عورت کو اگر اسکا مہر بندھا تھا تو آدھا دے اگر نہ بندھا تھا تو کچھ فائدہ دے یعنے ایک جوڑا پوشاک اور اسی وقت دوجا چاہے تو اور نکاح کرلے عدت نہیں اور اگر خلوت ہوئی گو صحبت نہوئی تو مہر بھی پورا دینا اور عدت بھی بیٹھانا یہہ مسئلہ یہاں فرمایا حضرت کی ازواج کے ذکر میں شاید اسواسطے کہ حضرت نے ایک عورت نکاح کی تھی جب اسکے نزدیک گئے کہنے لگی اللہ تجھسے پناہ دے حضرت نے اسکو جواب دیا کہ تو نے بڑے کی پناہ پکڑی اسپر یہہ حکم فرمایا ہو

مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ أَدْنٰىٓ أَنْ تَقَرَّ
انمین سے جو کنارہ کر دے انمین تو کچھ گناہ نہیں تجھپر ۰ اس مین لگتاہی کہ ٹھنڈی رہین
أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ
آنکھین انکی اور غم نکہاوین اور راضی رہین اسپر جو تونے دیا ساریان ۰ اور اللہ
۵۲ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ۝ لَا يَحِلُّ
جانتاہی جو تمہارے دلون مین ہی ۰ اور ہی اللہ سب جانتا تحمل والا ۰ ف ۳۲ ۰ حلال نہین
لَكَ النِّسَآءُ مِنْ بَعْدُ وَلَآ أَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ
تجکو عورتین اسکے پیچھے اور نہ یہ کہ انکے بدلے اور کرے عورتین
وَّلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
اگرچہ خوش لگے تجکو انکی صورت مگر جو مال ہو تیرے ہاتھ کا ۰ اور ہی اللہ
۵۳ ع عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا
ہر چیز پر نگہبان ۰ ف ۳۳ ۰ اے ایمان والو مت جاؤ
بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّآ أَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ إِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ
گھرون مین نبی کے مگر جو تم کو حکم ہو کھانے کے واسطے نہ راہ دیکھنے
إِنٰىهُ وَلٰكِنْ إِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا
اسکے پکنے کی لیکن جب بلائے تب جاؤ پھر جب کھا چکو تو آپ آپ کو چلے جاؤ اور نہ
مُسْتَأْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي
آپس مین جی لگانا باتون مین ۰ اس بات سے تمہاری تکلیف تھی
النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ؗ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ
پیغمبر کو پھر شرم کرتا تم سے ۰ اور اللہ شرم نہین کرتا ٹھیک بات بتانے مین ۰
وَإِذَا سَأَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ
اور جب مانگنے جاؤ بیبیون سے کچھ چیز کام کی تو مانگ لو پردے کے باہر سے ۰ اس مین

اور خطاب فرمایا ایمان والونکو تا معلوم ہو کہ پیغمبر کا خاص حکم نہین سب مسلمانون پر یہی حکم ہی

ف ۳۱ ۰ یعنے جو عورتین تیری ہین جنکا مہر دیا یعنے اب نکاح مین ہین خواہ قریش سے ہون اور مہاجر ہون یا ہون یہہ حلال ہین اور ماموں چچاکی بیٹیان یعنے قریش مین کی بیبیان بشرط ہجرت کے اگر ہجرت نکی تو حلال نہین ۰ اور جو عورت بخشے نبی کو اپنی جان یعنے بن مہر آپکو نیاز کرے ۰ یہہ خاص پیغمبر کو ہی اور مسلمانون پر وہی حکم ہی ان تبتغوا باموالکم بن مہر نکاح نہیں ۰ خواہ ذکر مین آیا خواہ پیچھے ٹھہرا لیا خواہ نہ ٹھہرایا تو جو قوم کا مہر ہی سو لازم آیا ۰ حضرت کی بی بیان دس مشہور ہین حضرت خدیجہ اول تھین انکے بعد سب نکاح مین آئیان نو بی بیان رہین وفات کے بعد ۰ حضرت عایشہ حضرت حفصہ حضرت سودہ حضرت ام سلمہ حضرت ام حبیبہ حضرت زینب حضرت جویریہ حضرت صفیہ حضرت میمونہ پچھلی تین قریشی نہین

ف ۳۲ ۰ کسی مرد کی کئی عورتین ہون اسپر واجب ہی باری سے سب پاس رہنا برابر ۰ حضرت پر یہہ واجب نہ رکھا اسواسطے کہ عورتین اپنا حق نہ سمجھین جو دین وہ راضی ہو کر قبول کرین ۰ پر حضرت نے فرق نہین کیا سب کی باری برابر رکھی ۰ ایک حضرت سودہ نے اپنی باری بخش

اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا
خوب ستھرائی ہی تمھارے دل کو اور اُنکے دل کو * اور تمکو نہین پہنچتا کہ تکلیف دو
رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ
اللہ کے رسول کو اور نہ یہہ کہ نکاح کرو اُسکی عورتون کو اُسکے پیچھے کبھی * البتہ یہہ بات تمھاری
كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ۝ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ ٥٤
اللہ کے یہان بڑا گناہ ہی * اگر کھول کر کہو تم کسی چیز کو یا اُسکو چھپاؤ سو اللہ ہی
كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ ٥٥
ہر چیز جانتا * ف * گناہ نہین اُن عورتون کو سامھنے ہونیکا اپنے باپون سے اور نہ
اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ
اپنے بیٹون سے اور نہ اپنے بھائیون سے اور نہ اپنے بھائی کے بیٹون سے اور نہ
اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ
اپنی بہن کے بیٹون سے اور نہ اپنی عورتون سے اور نہ اپنے ہاتھہ کے مال سے *
وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ ٥٦
اور ڈرتیان رہو اللہ سے * بیشک اللہ کے سامھنے ہی ہر چیز * ف * اللہ
وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا
اور اُسکے فرشتے رحمت بھیجتے ہین رسول پر * ای ایمان والو رحمت بھیجو
عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ ٥٧
اُسپر اور سلام بھیجو سلام کہہ کر * ف * جو لوگ ستاتے ہین اللہ کو اور اُسکے رسول کو اُنکو پھٹکارا
اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ ٥٨
اللہ نے دنیا مین اور آخرت مین اور رکھی ہی اُنکے واسطے ذلت کی مار * اور جو لوگ
يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا
تہمت لگاتے ہین مسلمان مردوں کو اور مسلمان عورتون کو بن کیے کام کے تو اُٹھایا اُنھون نے بوجھ

دی تھی حضرت عایشہ کو
ف ٣٣ * یعنے جتنی عمین کہہ
دیں اُس سے زیادہ حلال نہین
اور جو ہین اُنکو بدلنا نہین حلال یہہ
صرد ہین اور ہاتھہ کا مال * حضرت
کی دو حرم مشہور ہین یا ئین
ایک ماریہ جنکے شکم سے فرزند
ہوے ابراہیم ایک ریحانہ یا شمونہ
باد * تو حضرت عایشہ نے فرمایا یہہ
منع آخر کو موقوف ہوا سب
عورتین حلال ہو گئین
ف * یہہ اللہ تعالی نے ادب
سکھائے مسلمانون کو کبھی کھانے
کو حضرت کے گھر مین جمع ہوتے
تو پیچھے باتین کرنے لگ جاتے
حضرت کا مکان آرام کا ہی تھا شرم
سے نفرماتے کہ اٹھہ جاؤ * آپکے واسطے
اللہ نے فرمایا * اِس آیت مین حکم ہوا
پردے کا کہ مرد حضرت کی ازواج کے
سامھنے نہ جاوین * سب مسلمانونکی
عورتون پر یہہ حکم واجب نہین *
اگر عورت سامھنے ہو کسی مرد کے
سب بدن کپڑون مین ڈھکا ہو
گناہ نہین اور اگر نہ سامھنے ہو تو
بہتر ہی
ف * اپنی عورتون کا اور ہاتھہ
کے مال کا ذکر ہو چکا سورہ نور مین
ف * یہہ حکم ادا ہوتا ہی نماز مین السلام
هٰذَا عَذَابٌ اَلِيمٌ ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُونَ ۚ ١٢ ع
يهه هى دُكهه كى مار • اى رب كهول دے هم سے يهه آفت هم يقين لاتے هين •

ف • يعنے همبشه وحسنوره
والى • رات بركت كى شب
قدر هى جيسے انا انزلنا مين فرمايا
ف • جدا هوتا هى يعنے لوح
محفوظ مين سے جدا كر كر احكام
والون كو لكهه ديتے هين
ف • يعنے فرشتون كو هر كام پر

13 أَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۙ ثُمَّ تَوَلَّوْا
14 کہاں ملے اُنکو سمجھنا اور آ چکا اُن پاس رسول کھول سنانیوالا • پھر اُس سے پیٹھ
عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۘ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا 15
پھیری اور کہنے لگے سکھایا ہوا ہے باولا • ف • ہم کھولتے ہیں عذاب تھوڑے
16 اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۘ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا
دنوں تم پھر وہی کرنے سو • ف • جس دن پکڑینگے ہم بڑی پکڑ • ہم
17 مُنْتَقِمُوْنَ ۞ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ
بدلا لینے والے ہیں • ف • اور جانچ چکے ہم اُن سے پہلے فرعون کی قوم کو اور آیا اُن پاس رسول
18 كَرِيْمٌ ۙ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۙ
عزت والا • کہ حوالے کرو میرے خدا کے بندے • میں تم پاس آیا ہوں بھیجا معتبر • ف •
19 وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۚ وَاِنِّيْ
20 اور یہہ کہ چڑھے نہ جاؤ اللہ کے مقابل میں لایا ہوں تم پاس ایک سند کھلی • اور میں
21 عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ۗ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ
پناہ لے چکا ہوں اپنے اور تمہارے رب کی اس سے کہ مجھکو سنگسار کرو • ف • اور اگر تم نہیں یقین کرتے مجھ پر
22 فَاعْتَزِلُوْنِ ۞ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ۞ فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ
23 تو مجھسے پرے ہو جاؤ • ف • پھر پکارا اپنے رب کو کہ یہ لوگ گنہگار ہیں • پھر لے نکل رات سے
24 لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۙ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ
میرے بندوں کو البتہ تمہارا پیچھا کرینگے • اور چھوڑ جا دریا کو تھم رہا • البتہ وے لشکر
25 مُّغْرَقُوْنَ ۞ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۙ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ
26 ڈوبنے والے ہیں • کتنے چھوڑ گئے باغ اور سر چشمے • اور کھیتیاں اور گھر
27 كَرِيْمٍ ۙ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ۙ كَذٰلِكَ ۗ
28 خاصے • اور آرام جس میں تھے باتیں بناتے • اسی طرح •

ف • اس سے معلوم ہوتا ہی کہ قیامت کے دھوئیں کا مذکور ہی کہ اسوقت سمجھنا کام نہیں آتا • قیامت میں یہہ دھواں گھیریگا نیک آدمی کو زکام سا ہوگا اور بد کو سر میں چڑھیگا بے ہوش ہوکر گر پڑیگا

ف • یعنے عادت یوں ہی ہی

ف • یعنے آخر کا عذاب نہیں ٹلتا

ف • یعنے بنی اسرائیل کو رخصت کرو

ف • شاید دستے ڈرانے سے مجھے اس سے

ف • یعنے اپنی قوم کو لیجا اُن کو راہ نہ دو

وَاَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ ٢٩
اور وہ سب ہاتھ لگا یا ہمنے ایک اور قوم کو • ف • پھر نہ رویا اُن پر آسمان اور زمین
وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ۝ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ ٣٠
ع ١٥
اور نہ ملی اُنکو ڈھیل • ف • اور ہمنے بچا نکالا بنی اسرائیل کو ذلّت کی
الْمُهِيْنِ ۝ مِنْ فِرْعَوْنَ ط اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ ٣١
مار سے • فرعون سے • بیشک وہ تھا چڑھ رہا حد سے بڑھنے والا •
وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ ٣٢ ٣٣
اور ہم نے اُنکو پسند کیا جان بوجھکر جہان کے لوگوں سے • ف • اور دیں اُنکو
الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ۝ اِنْ هِيَ ٣٤ ٣٥
نشانیاں جن میں مدد تھی صریح • ف • یہ لوگ کہتے ہیں • اور کچھ نہیں ہمارا
اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ۝ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَا ٣٦
یہی مرنا ہی پہلا اور ہمکو پھر اُٹھانا نہیں • بھلا لے آؤ ہمارے باپ دادے
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ لا وَّالَّذِيْنَ مِنْ ٣٧
اگر تم سچے ہو • اب یہ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور جو اُن سے
قَبْلِهِمْ ط اَهْلَكْنٰهُمْ ز اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ وَمَا خَلَقْنَا ٣٨
پہلے تھے • ہم نے اُنکو کھپا دیا وے تھے گنہگار • ف • اور ہم نے جو بنایا
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا ٣٩
آسمان اور زمین اور جو اُنکے بیچ ہی کھیل نہیں • اُنکو تو بنایا ہم نے
بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ ٤٠
ٹھیک کام پر پر بہت لوگ نہیں سمجھتے • تحقیق فیصلے کا دن وعدہ ہی
اَجْمَعِيْنَ ۝ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْئًا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ ٤١
اُن سب کا • جسدن کام نہ آوے کوئی رفیق کسی رفیق کے کچھ اور نہ اُنکو مدد پہنچے •

ف • یعنے بنی اسرائیل کو جیسے سورہ شعرا میں ہی • معلوم ہوتا ہی کہ فرعون کے غرق ہونے پیچھے بنی اسرائیل کا دخل ہوا مصر میں

ف • حدیث میں فرمایا ہی کہ مسلمان کے مرنے پر روتا ہی دروازہ آسمان کا جس سے اُسکی روزی اُترتی تھی اور زمین جہان وہ نماز پڑھتا تھا

ف • یعنے اگرچہ اُنمیں یعنے بنی اسرائیل میں بُرائیاں بھی معلوم تھیں

ف • یعنے حضرت موسی کے ہاتھ سے

ف • تبع بادشاہ تھا یمن کا سب قوم اُسکی بت پرست اُسکو یقین آیا توریت پر • اپنی قوم کے سامھنے آزمایا کہ سچّا دین کونسا • ایک آگ جلائی • عالم یہود کے توراۃ بغل میں لیکر اُسمیں گھس گئے • جلے • وے بُت پرست بُت کو بغل میں لیکر چلے جلنے لگے اُلٹے بھاگے • اُسکی قوم اُسکی دشمن ہوئی آخر خراب ہوئے

٤٢ إِلَّا مَن رَّحِمَ اللَّهُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ إِنَّ شَجَرَتَ ع ١٦

مگر جس پر مہر کرے اللہ * بیشک وہی ہی زبردست رحم والا * مقرر درخت

٤٣ ٤٤ الزَّقُّومِ ۝ طَعَامُ الْأَثِيمِ ۝ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ ۝ كَغَلْيِ

٤٥ ٤٦ سینڈھ کا کھانا ہی گنہگار کا * جیسے پگھلا تانبا کھولتا ہی پیٹوں مین * جیسے کھولنا

٤٧ ٤٨ الْحَمِيمِ ۝ خُذُوهُ فَاعْتِلُوهُ إِلَىٰ سَوَاءِ الْجَحِيمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوا

پانی * پکڑو اُسکو اور دھکیل لیجاؤ بیچوں بیچ دوزخ کے * پھر ڈالو اُسکے

٤٩ فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيمِ ۝ ذُقْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ

سر پر جلتے پانی کا عذاب * یہہ چکھہ توہی ہی بڑا عزت والا

٥٠ ٥١ الْكَرِيمُ ۝ إِنَّ هَٰذَا مَا كُنتُم بِهِ تَمْتَرُونَ ۝ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي مَقَامٍ

سردار * ف * یہہ وہی ہی جسمین تم دھوکھا کرتے تھے * بیشک ڈر والے گھر مین ہین

ف * وہ آپ کو دنیا مین ایسا سمجھتا تھا

٥٢ ٥٣ أَمِينٍ ۝ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ يَلْبَسُونَ مِن سُندُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ

چین کے * باغوں مین اور چشموں مین * پہنتے ہین پوشاک ریشمین پتلی اور گاڑھی

٥٤ ٥٥ مُّتَقَابِلِينَ ۝ كَذَٰلِكَ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِينٍ ۝ يَدْعُونَ

ایک دوسرے کے سامنے * اسی طرح * اور بیاہ دین ہم نے اُنکو گوریاں بڑی آنکھوں والیاں * منگواتے ہین

٥٦ فِيهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ۝ لَا يَذُوقُونَ فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا

وہان ہر میوہ خاطر جمع سے * چکھینگے وہان مرنا مگر

٥٧ الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝ فَضْلًا مِّن

جو پہلے مر چکے * اور بچایا اُنکو دوزخ کی مار سے * فضل سے تیرے

٥٨ رَّبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ

رب کے * یہی ہی بڑی مراد ملنی * سو یہہ قرآن آسان کیا ہم نے تیری بولی مین شاید وے

٥٩ يَتَذَكَّرُونَ ۝ فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ ۝

یاد رکھین * اب تو راہ دیکھہ وے بھی راہ تکتے ہین

کلمات	سورة الجاثیه مکیة وهی سبع وثلثون آیة	حروف
٤٨٨	سورت جاثیه مکی ہی سینتیس آیت کی	٢١٩١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ع ١٧

٢ ٣ حٰمٓ ۝ تَنْزِیْلُ الْکِتَابِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ۝ اِنَّ فِیْ
اُتارا کتاب کا ہی اللہ سے جو زبردست ہی حکمت والا • بیشک
٤ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ لَاٰیَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۝ وَفِیْ خَلْقِکُمْ
آسمانون مین اور زمین مین بہت پتے ہین ماننے والونکو • اور تمہارے بنانے مین
٥ وَمَا یَبُثُّ مِنْ دَآبَّۃٍ اٰیَاتٌ لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ ۝ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ
اور جتنے بکھیرتا ہی جانور پتے ہین ایک لوگونکو جو یقین رکھتے ہین • اور بدلنے مین رات
وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ
دن کے اور وہ اُتاری اللہ نے آسمان سے روزی پھر جلایا اُس سے زمین کو
٦ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِیْفِ الرِّیَاحِ اٰیَاتٌ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝ تِلْكَ
مرگئے پیچھے اور بدلنے مین باؤن کے پتے ہین ایک لوگونکو جو بوجھتے ہین • یہ
اٰیَاتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَیْكَ بِالْحَقِّ ج فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ
باتین ہین اللہ کی ہم سناتے ہین تجکو ٹھیک ٹھیک • پھر کونسی بات کو اللہ
٧ ٨ وَاٰیَاتِهٖ یُؤْمِنُوْنَ ۝ وَیْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِیْمٍ ۝ یَّسْمَعُ اٰیَاتِ
اور اُسکی باتین چھوڑکر مانینگے • خرابی ہی ہر جھوٹے گنہگار کی • کہ سنے باتین
اللّٰهِ تُتْلٰی عَلَیْهِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا ج فَبَشِّرْهُ
اللہ کی اُس پاس پڑھی جاتین پھر ضد کرے غرور سے جیسے وہ سنی نہین • سوخوشی سنا اُسکو

9 بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا
دکھ والی مار کی ۔ اور جب خبر پاوے ہماری باتوں میں کسی چیز کی اُسکو ٹھہراوے ٹھٹھا ۔
10 أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ۝ مِنْ وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ ج وَلَا يُغْنِي
ایسوں کو ذلت کی مار ہی ۔ پرے اُنکے دوزخ ہی ۔ اور کام نہ آویگا
عَنْهُمْ مَا كَسَبُوا شَيْئًا وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ ج
اُنکو جو کمایا تھا کچھ اور نہ وے جو پکڑے تھے اللہ کے سوا رفیق ۔
11 وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ هَٰذَا هُدًى ج وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ
اور اُنکو بڑی مار ہی ۔ یہ سجھا دیا ۔ اور جو منکر ہیں اپنے رب کی
12 رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِنْ رِجْزٍ أَلِيمٌ ۝ اللَّهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ
باتوں سے اُنکو مار ہی ایک بلا کی دکھ والی ۔ اللہ وہی ہی جسنے بس میں دیا تمہارے
الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ
دریا کہ چلیں اُسمیں جہاز اُسکے حکم سے اور تا کہ تلاش کرو اُسکے فضل سے اور شاید تم
13 تَشْكُرُونَ ۝ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ
حق مانو ۔ اور کام لگائے تمہارے جو کچھ ہیں آسمانوں میں اور زمین میں
14 جَمِيعًا مِنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ قُلْ لِلَّذِينَ
سب اُسکی طرف سے ۔ اس میں پتے ہیں ایک لوگوں کو جو دھیان کرتے ہیں ۔ کہدے
آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللَّهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا
ایمان والونکو معاف کریں اُنکو جو اُمید نہیں رکھتے اللہ کے دنوں کی کہ وہ سزا دے ایک لوگونکو
15 بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ج وَمَنْ
بدلا اُسکا جو کماتے تھے ۔ ف ۔ جسنے بھلا کیا تو اپنے واسطے ۔ اور جسنے
16 أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِي
بُرا کیا تو اپنے حق میں ۔ پھر اپنے رب کی طرف پھیرے جاوگے ۔ اور ہم نے دی ہی

ف ۔ معاف کریں یعنے بدلے کا فکر نہ کریں اللہ پر چھوڑیں

إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ
اسرائیل کو کتاب اور حکومت اور پیغمبری اور کھانے کو دین ستھری
17 الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ وَآتَيْنَاهُمْ بَيِّنَاتٍ مِنَ
چیزیں اور بزرگی دی انکو جہان پر ۔ اور دین انکو کھلی باتین
الْأَمْرِ ۖ فَمَا اخْتَلَفُوا إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ
دین کی ۔ پھر پھوٹ جو ڈالی تو سمجھ آچکے پیچھے آپس کی ضد سے ۔
إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ
تیرا رب چکوتی کریگا اُن میں قیامت کے دن جس بات میں وے
18 يَخْتَلِفُونَ ۝ ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَىٰ شَرِيعَةٍ مِنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ
جھگڑتے تھے ۔ پھر تجکو رکھا ہم نے ایک رستے پر اُس کام کے سو تو اسی پر چل اور نہ چل
19 أَهْوَاءَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّهُمْ لَنْ يُغْنُوا عَنْكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۚ
چاؤن پر نادانون کی ۔ وے کام نہ آوینگے تیرے اللہ کے سامنے کچھ ۔
وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۖ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ ۝
اور بے انصاف ایک دوسرے کے رفیق ہیں ۔ اور اللہ رفیق ہے ڈر والونکا ۔
20 هَٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ ۝
یہ سوجھ کی باتیں ہیں لوگونکے واسطے اور راہ کی اور مہر اُن لوگون کو جو یقین لاتے ہیں ۔
21 أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَنْ نَجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ
کیا خیال رکھتے ہیں جنھوں نے کمائی ہیں برائیان کہ ہم کر دینگے انکو برابر انکے
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاءً مَحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۚ سَاءَ
جو یقین لائے اور کئے بھلے کام ۔ ایک سا انکا جینا اور مرنا ۔ برے
22 مَا يَحْكُمُونَ ۝ وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ
ع ١٩ دعوے ہیں جو کرتے ہیں ۔ اور بنائے اللہ نے آسمان اور زمین جیسے چاہئیں

٢٣ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ اَفَرَاَيْتَ
اور تا بدلا پاوے ہر کوئی اپنی کمائی کا اور اُنپر ظلم نہ ہوگا • بھلا دیکھہ تو جس نے
مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ
ٹھہرایا اپنا حاکم اپنی چاؤ کو اور راہ سے کھویا اُسکو اللہ نے جانتا بوجھتا اور مُہر کی اُسکے کان پر
وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ط فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ
اور دل پر اور ڈالی اُسکی آنکھہ پر اندھیری • پھر کون راہ پر لاوے اُسکو
٢٤ اللّٰهِ ط اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا
اللہ کے سواے • کیا تم سوچ نہیں کرتے • اور کہتے ہیں اور نہیں یہی ہی ہمارا جینا دنیا کا
نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ج وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ
ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہلاک کرتا ہی ہمکو زمانہ • اور اُنکو کچھہ
٢٥ مِنْ عِلْمٍ ج اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا
خبر نہیں اُسکی • نری اٹکلیں دوڑاتے ہیں • ف • اور جب سنائے اُنکو ہماری آیتیں
بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ
کھلی اور جھگڑا نہیں اُنکو مگر یہی کہ کہتے ہیں لے آؤ ہمارے باپ دادونکو اگر تم
٢٦ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى
سچے ہو • تو کہہ اللہ جلاتا ہی تمکو پھر مارےگا تمکو پھر اکٹھا کریگا تمکو
يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ط وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝
قیامت کے دن تک اُسمین کچھہ شبہہ نہیں • پر بہت لوگ نہیں سمجھتے •
٢٧ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ
ع اور اللہ کا راج ہی آسمانوں مین اور زمین مین • اور جسدن قایم ہوگی قیامت اُسدن
٢٨ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ۝ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً قف كُلُّ اُمَّةٍ
خراب ہونگے جھوٹے • اور تو دیکھے ہر فرقے زانو پر بیٹھے ہیں • ہر فرقہ

ف • یعنے زمانہ نام ہی دہرکا وہ کچھہ کام کرنیوالا نہیں ہی • مگر کسی اور چیز کو کہتے ہیں جو معلوم نہیں ہوتی اور دنیا مین تصرف اُسکا چلتا ہی • پھر اللہ ہی کو کیون نہ کہیں • اسی معنی پر حدیث مین آیا کہ دہر اللہ ہی اُسکو برا نہ کہے

تُدْعٰی اِلٰی کِتَابِهَا ؕ اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

بلایا جاتا ہی اپنے اپنے دفتر پاس * آج بدلا پاوگے جب تم کرتے تھے • ف •

هٰذَا کِتَابُنَا یَنْطِقُ عَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا کُنْتُمْ ٢٩

یہہ ہمارا دفتر ہی بولتا ہی تمہارے کام ٹھیک * ہم لکھواتے جاتے تھے جو کچھ تم

تَعْمَلُوْنَ ۝ فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَیُدْخِلُهُمْ ٣٠

کرتے تھے * سو جو یقین لائے ہیں اور بھلے کام کئے سو اُنکو داخل کریگا

رَبُّهُمْ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِکَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِیْنُ ۝ وَاَمَّا الَّذِیْنَ ٣١

اُن کا رب اپنی مہر میں * یہہ جو ہی یہی ہی صریح مراد ملنی * اور جو

کَفَرُوْا ۟ اَفَلَمْ تَکُنْ اٰیٰتِیْ تُتْلٰی عَلَیْکُمْ فَاسْتَکْبَرْتُمْ

منکر ہوئے * کیا تمکو سنائی نہ جاتی تھیں باتیں میری پھر تم نے غرور کیا

وَکُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِیْنَ ۝ وَاِذَا قِیْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ ٣٢

اور ہو رہے تم لوگ گنہگار * اور جب کہئے کہ وعدہ اللہ کا ٹھیک ہی اور اُس گھڑی میں

لَا رَیْبَ فِیْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِیْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا

دھوکا نہیں تم کہتے ہو ہم نہیں سمجھتے کیا ہی وہ گھڑی ہمکو آتی ہی تو ایک خیال سا

وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَیْقِنِیْنَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَیِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ ٣٣

اور ہمکو یقین نہیں ہوتا * اور کھلیں اُنپر برائیاں اُنکاموں کی جو کئے تھے اور اُلٹ پڑے

بِهِمْ مَّا کَانُوْا بِهٖ یَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ وَقِیْلَ الْیَوْمَ نَنْسٰىکُمْ کَمَا ٣٤

اُنپر جس چیز سے ٹھٹھا کرتے تھے • اور حکم ہوا کہ آج ہم تمکو بھلا دینگے جیسے تم نے

نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِکُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىکُمُ النَّارُ وَمَا لَکُمْ

بھلا دیا اپنے اُسدن کا ملنا اور گھر تمہارا دوزخ ہی اور کوئی نہیں تمہارا

مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ۝ ذٰلِکُمْ بِاَنَّکُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰیٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ٣٥

مددگار * ف * یہہ تم پر اسواسطے کہ تم نے پکڑا اللہ کی باتوں کو ٹھٹھا

ف • زانو پر بیٹھے عاجزی کرنیکو • اور دفتر وہی اعمال جو لکھے گئے ہیں

ف • بھلا دینگے * یعنے تم پر مہربانی نکرینگے

وَغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ج فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ
اور بہکے دنیا کے جینے پر • سو آج نہ انکو نکلنا ہی وہانسے اور نہ اُن سے
۳۶ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۝ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ
چاہیں توبہ • ف • سو اللہ کو ہی سب خوبی جو رب ہی آسمانونکا اور رب ہی زمین کا
۳۷ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط
رب سارے جہان کا • اور اُسیکو بڑائی ہی آسمانوں میں اور زمین میں •
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝
اور وہی ہی زبردست حکمت والا •

ف • دنیا کے جینے پر بہکے • جانا کہ جیسے ہم دنیا میں مسلمان کے مقابل ہیں وہان بھی ہمارا ہی زور چلیگا

کلمات	سورة الاحقاف مكية وهي خمس وثلثون اية	حروف
۶۴۰	سورت احقاف مکی ہی پینتیس آیت کی	۲۶۰۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع۳

الجزؤ السادس والعشرون ۲۶

۲ ۳ حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ مَا خَلَقْنَا
اُتارا کتاب کا ہی اللہ سے جو زبردست ہی حکمت والا • ہم نے جو بنائے
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ط
آسمان و زمین اور جو انکے بیچ ہی سو ایک کام پر اور ایک ٹھہرے وعدے پر •
۴ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّا اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝ قُلْ اَرَاَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ
اور جو منکر ہیں ڈر سنایا نہیں دھیان کرتے • تو کہہ بھلا دیکھو تو جنکو پکارتے ہو
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ
اللہ کے سوا سے دکھاؤ تو مجکو انہوں نے کیا بنایا زمین میں یا اُنکا کچھ ساجھا ہی

فِي السَّمٰوٰتِ ط اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ
آسمانوں میں لاؤ میرے پاس کوئی کتاب اس سے پہلے کی یا چلا آتا کوئی علم
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۵
اگر ہو تم سچے * اور اس سے بہکا کون جو پکارے اللہ کے سوا
مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ
ایسے کو کہ نہ پہنچے اسکی پکار کو قیامت کے دن تک اور انکو خبر نہیں انکے پکارنے کی *
غٰفِلُوْنَ ۝ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا ۶
اور جب لوگ جمع ہوئے وے ہوئے انکے دشمن اور ہوئے
بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ ۷
انکے پوجنے سے منکر * اور جب سنائیے انکو ہماری باتیں کھلی کہیں جن
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ لا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝
منکر سچی بات کو جب اُن تک پہنچی * یہہ جادو ہی صریح *
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ط قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ ۸
کیا کہتے ہیں یہہ بنا لایا * تو کہہ اگر میں یہہ بنا لایا ہوں تو تم میرا بھلا نہیں کر سکتے اللہ کے سامنے
شَيْئًا ط هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ط كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًا بَيْنِيْ
کچھ * اسکو خوب خبر ہی جن باتوں میں لگے ہو * وہ بس ہی حق بتانے والا میرے
وَبَيْنَكُمْ ط وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ ۹
تمہارے بیچ * اور وہی ہی گناہ بخشتا مہربان * ف * تو کہہ میں کچھ نیا
الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ط اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا
رسول نہیں آیا اور مجکو معلوم نہیں کیا ہونا ہی مجھسے اور تمسے * میں اُسی پر چلتا ہوں
مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ ۱۰
جو حکم آتا ہی مجکو اور میرا کام یہی ہی ڈر سنا دینا کھولکر * تو کہہ بھلا دیکھو تو اگر یہہ ہو

ف * یعنے اب بھی باز آؤ تو بخشے جاؤ

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ

اللہ کے یہاں سے اور تم نے اسکو نہیں مانا اور گواہی دے چکا ایک گواہ بنی اسرائیل کا

عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

ایک ایسی کتاب کی پھر وہ یقین لایا اور تم نے غرور کیا • بیشک اللہ راہ نہیں دیتا

۱۱ ع ۲ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ

گنہگار لوگوں کو • ف * اور کہنے لگے منکر ایمان والوں کو اگر یہہ کچھ

۱ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ط وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ

بہتر ہوتا نہ دوڑتے اسپر پہلے ہم سے • اور جب راہ نہیں آئے اسکے بتانے سے تو اب کہینگے یہہ

۱۲ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ۝ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ط

جھوٹھ ہی مدت کا * ف • اور اس سے پہلے کتاب موسی کی ہی راہ بتانیوالی اور مہر

وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ق

اور یہہ کتاب ہی اسکو سچا کرتی عربی زبان میں کہ ڈر سناوے گنہگاروں کو

۱۳ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا

اور خوشخبری نیکی والوں کو • مقرر جنھوں نے کہا رب ہمارا اللہ ہی پھر ثابت رہے

۱۴ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

تو ڈر نہی انپر نہ وے غم کھاوینگے • وے ہیں بہشت کے

۱۵ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ج جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَوَصَّيْنَا

لوگ * سدا رہینگے اسمیں * بدلا اسکا جو کرتے تھے • اور ہمنے تقید کیا ہی

الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ط حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ

انسان کو اپنے ماباپ سے بھلائی کا * پیٹ میں رکھا اسکو اسکی ماں نے تکلیف سے اور جنا اسکو

كُرْهًا ط وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ط حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ

تکلیف سے • اور حمل میں رہنا اسکا اور دودھ چھوڑنا تیس مہینے میں ہی یہانتک کہ جب پہنچا

ف * کہ مینہ میں کوئی عالم یہود کا آیا تھا کام کو • اس سے پوچھا کافروں نے • اسنے بتایا کہ ایک رسول اور کتاب آنی مقرر ہی اس شہر میں ہے • اور یہہ دی لکھا ہی

ف • مدت کا • یعنے ہمیشہ لوگ ایسی باتیں کہا کرتے ہیں

اشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً لا قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ
اپنی قوت کو اور پہنچا چالیس برس کو کہنے لگا ای رب میری قسمت میں کر کہ شکر کروں تیرے احسان کا
الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ
جو تجھ پر کیا اور میرے ماباپ پر اور یہہ کہ کروں نیک کام جس سے تو راضی ہو
وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ج اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ
اور نیک ہو سے مجکو اولاد میری • میں نے توبہ کی تیری طرف اور میں ہوں
16 الْمُسْلِمِيْنَ ۞ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا
حکم بردار • وے وے لوگ ہیں جنسے ہم قبول کرتے ہیں بہتر سے بہتر کام جو کئے ہیں
وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ط وَعْدَ الصِّدْقِ
اور معاف کرتے ہیں ہم برائیاں انکی جنت کے لوگوں میں • سچا وعدہ
17 الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۞ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ
جو انکو ملتا تھا • اور جس شخص نے کہا اپنے ماباپ کو میں بیزار ہوں
لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ
تم سے کیا مجکو وعدہ دیتے ہو کہ میں نکالا جاؤنگا قبر سے اور گذر چکی ہیں اتی سنگتیں مجھ سے
قَبْلِيْ ج وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ق صلے اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ
پہلے اور وے دونوں فریاد کرتے ہیں اللہ سے کہ ای خرابی تیری تو ایمان لا بیشک وعدہ اللہ کا
18 حَقٌّ صلے فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۞ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
ٹھیک ہی • پھر کہتا ہی یہہ سب نقلیں ہیں پہلوں کی • ف • وے لوگ جن پر
حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ
ثابت ہوئی بات جو گذرے ہیں اور فرقوں میں پہلے انسے جنوں کے
19 وَالْاِنْسِ ط اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ۞ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا
اور آدمیوں کے بیشک وے تھے ٹوٹے میں • اور ہر فرقے کے کئی درجے ہیں

ف • پیٹ میں رہنا اور دودھ چھوڑنا تیس مہینے میں لڑکا اگر قوی ہو تو اکیس مہینے میں دودھ چھوڑتا ہی اور نو مہینے حمل کے • یہہ آیت کسی کے حال کا بیان نہیں • حضرت نے باپ کے حق میں دعا نہیں کی • صدیق اکبر چالیس برس کی عمر میں مسلمان ہوے اور انکے ماباپ بھی مسلمان ہوے • یہہ بات اور کسی صحابی کو میسر نہیں ہوئی • لیکن باپ اسوقت نہیں مسلمان ہوا تو یہہ احوال فرضی ہی لیے سعادتمند لوگ ایسے ہوتے ہیں

ف • یہہ اسکا حال ہی جو کافر ہی اور ماباپ سمجھاتے ہیں ایمان کی بات وہ نہیں سمجھتا

٢٠ عَمِلُوا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ○ وَيَوْمَ يُعْرَضُ

اپنے کیئے کاموں سے • اور تاپورے انکو دے کام انکے اور اُنپر ظلم نہوگا • ف • اور جسدن لائے

الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ ۖ أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا

جاوینگے منکر آگ کے سرے پر • ضایع کر چکے تم اپنے مزے دنیا کے جیتے

وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۖ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ

اور انکو برت چکے • اب آج سزا پاوگے ذلّت کی مار بدلا اسکا جو تم

تَسْتَكْبِرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُونَ ○

غرور کرتے تھے ملک میں ناحق اور اسکا جو تم بےحکمی کرتے تھے • ف •

٢١ ع ٣ وَاذْكُرْ أَخَا عَادٍ ۖ إِذْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ

اور یاد کر عاد کے بھائی کو جب ڈرایا اپنی قوم کو احقاف میں اور گذر چکے تھے

النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنِّي

ڈرانیوالے آگے سے اور پیچھے سے کہ بندگی مکرو کسی کی اللہ کے سوا • میں

٢٢ أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ○ قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَأْفِكَنَا

ڈرتا ہوں تمپر آفت سے ایک بڑے دن کی • ف • بولے کیا تو آیا کہ پھیرے ہمکو

٢٣ عَنْ آلِهَتِنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ○ قَالَ

ہمارے ٹھاکروں سے • سو لا ہم پر جو وعدہ دیتا ہی اگر ہی تو سچا • کہا یہ

إِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللَّهِ وَأُبَلِّغُكُمْ مَا أُرْسِلْتُ بِهِ وَلَٰكِنِّي

خبر تو اللہ کو ہی • اور میں پہنچا دیتا ہوں جو کہہ بھیجا ہے انکے لیکن میں

٢٤ أَرَاكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُونَ ○ فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ لا

دیکھتا ہوں تم لوگ نادانی کرتے ہو • پھر جب دیکھا اسکو ابر سامنے آیا انکے نالوںکے

قَالُوا هَٰذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا ۚ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهِ ۖ رِيحٌ

بولے یہ ابر ہے ہم پر برسیگا • کوئی نہیں یہ وہ ہی جسکی تم شتابی کرتے تھے • باد ہی

ف • یعنے جنت والے بھی اسی وجہہ سے بہشت میں ہیں اور دوزخ والے بھی اسی طرح اپنے اعمال سے

ف • جن لوگوں نے آخرت نچاہی فقط دنیا چاہی انکی نیکیوں کا بدلا اسی دنیا میں ہو چکا

ف • یعنے حضرت ہود نے عاد کو ڈرایا • احقاف ایک ضلع ہی جس میں تھی اُسکے منے ریت کی ٹیلی

۲۵ فِيهَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَمْرِ رَبِّهَا فَأَصْبَحُوا

جس مین دکھہ کی مار ہی • اُکھاڑ مارتی ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے پھر کل کو رہ گئے

لَا يُرَىٰ إِلَّا مَسَاكِنُهُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ ۝

کوئی نظر نہین آتا سوائے اُنکے گھر دیکھے • یون ہم سزا دیتے ہین گنہگار لوگون کو •

۲۶ وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِنْ مَكَّنَّاكُمْ فِيهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا

اور ہم نے مقدور دی تھی اُنکو جو مقدور نہین دی تمکو اور اُنکو دئے تھے کان

وَأَبْصَارًا وَأَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَا أَبْصَارُهُمْ

اور آنکھین اور دل • پھر کام نآئے اُنکو کان اُنکے نہ آنکھین اُنکی

وَلَا أَفْئِدَتُهُمْ مِنْ شَيْءٍ إِذْ كَانُوا يَجْحَدُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ

نہ دل اُنکے کسی چیز مین اسپر کہ تھے منکر ہوتے اللہ کی باتون سے

۲۷ وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ

ع ۳ اور اُلٹ پڑی اُنپر جس بات سے ٹھٹھا کرتے تھے • ف • اور ہم کھپا چکے ہین جتنے تمھارے

۲۸ مِنَ الْقُرَىٰ وَصَرَّفْنَا الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ فَلَوْلَا

آس پاس ہین گانون اور پھیر پھیر سنائین اُنکو باتین شاید وے پھر آدین • پھر کیون نہ

نَصَرَهُمُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ قُرْبَانًا آلِهَةً ۖ بَلْ ضَلُّوا

مدد پہنچی اُنکی جنکو پکڑا تھا اللہ سے ورے معبود رہ جانے کو • کوئی نہین گم ہو گئے

۲۹ عَنْهُمْ ۚ وَذَٰلِكَ إِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ وَإِذْ صَرَفْنَا

اُن سے • اور یہی جھوٹھ تھا اُنکا اور جو باندھتے تھے • اور جب متوجہ کر دئے

إِلَيْكَ نَفَرًا مِنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ

ہم نے تیری طرف کتنے لوگ جنون سے سنتے لگے قرآن • پھر جب وہان پہنچے

۳۰ قَالُوا أَنْصِتُوا ۖ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ مُنْذِرِينَ ۝ قَالُوا

بولے چپ رہو • پھر جب تمام ہوا اُلٹے پھرے اپنی قوم کو ڈر سنانے • ف • بولے

ف • اُنکو دل اور کان اور آنکھہ دئے تھے • یعنے دنیا کے کام مین عقلمند تھے وہ عقل نہ آئی جس مین آخرت بھلی ہو

ف • حضرت نکلے تھے حج کے دنو مین شہر سے باہر نماز صبح

يَاقَوْمَنَا اِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا اُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا
اى قوم ہمارى ہم نے سُنى ايك كتاب جو اترى ہى موسى كے پيچھے سچا كرتى سب
لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝
اگلیوں كو سمجھاتى سچا دین اور راہ سيدھى ۞ ف
۳۱ يَاقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ
اى قوم ہمارى مانو اللہ کے بلانے والے کو اور اُسپر یقین لاؤ کہ بخشے تمکو کچھ تمھارے گناہ
۳۲ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ
اور بچادے تمکو ایک دُکھ کی مار سے ۞ اور جو کوئی نہ مانیگا اللہ کے بلانیوالے کو
فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءُ ط
تو وہ نہ تھکا سکیگا بھاگکر زمین میں اور کوئی نہیں اُسکو اُسکے سوا مددگار ۞
۳۳ اُولٰۗئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ
وے لوگ بھٹکتے ہیں صریح ۞ ف ۞ کیا نہیں دیکھتے کہ وہ اللہ جسنے بنائے
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ
آسمان اور زمین اور نہ تھکا اُن کے بنانے میں وہ سکتا ہی کہ
۳۴ يُّحْيِ الْمَوْتٰى ط بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَيَوْمَ
جلاوے مُردے ۞ کیوں نہیں وہ ہر چیز کر سکتا ہی ۞ اور جسدن
يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ط اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ط قَالُوْا
سامھنے لاوے منکر ونکو آگ کے ۞ اب یہ ٹھیک نہیں ۞ کہینگے
۳۵ بَلٰى وَرَبِّنَا ط قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ فَاصْبِرْ
کیوں نہیں قسم ہی ہمارے رب کی ۞ کہا تو چکھو مار بدلا اُسکا جو تم منکر ہوتے تھے ۞ سو تو ٹھہرا رہ
كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ط كَاَنَّهُمْ
جیسے ٹھہرے رہے ہیں ہمت والے رسول اور شتابی نکر اُنکے لیٔے ۞ یہ لوگ

کی پڑھنے لگے اپنے یاروں کے ساتھ ۞ اُسوقت کتنے جن سن گئے اور مسلمان ہوئے ۞ پھر اپنی قوم کو جاکر سمجھایا ۞ آپ بار حضرت سے ملے پھر بہت لوگ مسلمان ہوکر ایک رات تھے سے باہر آئے ۞ حضرت اکیلے باہر گئے سبنے قرآن سیکھا اور دین قبول کیا ۞ سورۂ جن میں اُنکی باتیں مفصل ہیں ۞ اور جب سے حضرت کو وحی آئی تب سے جنوں پر خبر آسمان کی بند ہوئی ۞ اُنکو سبب معلوم نہ تھا قرآن جب سنا تو جانا کہ اسکا نزول ہوتا ہی اس سے خبر بند کی ہی
ف ۞ حضرت سلیمان کے وقت سے توراۃ اُنمیں مشہور تھی
ف ۞ بھاگکر زمین میں ۞ اوپر سے فرشتے مارتے ہیں تو زمین ہی کو بھاگتے ہیں

يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ط
جسدن دیکھینگے جس چیزکا انسے وعدہ ہی، ڈھیل نپائی تھی مگر ایک گھڑی دن •
بَلٰغٌ ج فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ع
پہنچا دینا اب وہی ہلاک ہونگے جو لوگ بے حکم ہین •

كلمات سورة محمد صلى الله عليه وآله وسلم مدنية وهي ثمان وثلثون آية حروف
٦٣٩ سورت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینے مین نازل ہوئی اڑتیس آیت کی ٢٣٤٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع
١ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝
جو لوگ منکر ہوے اور روکا انھون نے اللہ کی راہ سے کھو دئے اسنے انکے کیے •
٢ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى
اور جو یقین لائے اور کیے بھلے کام اور مانا جو اترا
مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ
محمد پر اور وہی ہی سچا دین انکے رب کی طرف سے اتارین انکی برائیان اور سنوارا
٣ بَالَهُمْ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ
انکا حال • ف • یہہ اسپر کہ جو منکر ہین وے چلے جھوٹی بات پر اور جو
الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ط كَذٰلِكَ يَضْرِبُ
یقین لائے انھون نے مانی سچی بات اپنے رب کی طرف سے یون بتاتا ہی
٤ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ
الربع
اللہ لوگونکو انکے احوال • سو جب تم بھڑو منکرونسے تو مارنی ہین

ف • پہلے زمانے مین سب خلق کو تکلیف نتھی ایک شرع کی • اسوقت سب جہان کو ایک حکم ہی • اب سچا دین یہی ہی اور کام بھلے بُرے مسلمان بھی کرتے ہین اور کافر بھی • لیکن سچا دین ماننے سے یہہ دولت ہی کہ نیکی ثابت اور

الرِّقَابِ ط حَتّٰى اِذَا اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ لا فَاِمَّا مَنًّا
گردنین* یہان تک کہ جب کنا ڈال چکے اُنمین تو مضبوط باندھو قید* پھر یا احسان کریو
بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا قف ذٰلِكَ ط وَلَوْ يَشَاءُ
پیچھے اور یا چھڑوائی لیجو جبتک کہ رکھدے لڑائی اپنے بوجھ* یہہ سُن چکے• اور اگر چاہے
اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ط وَالَّذِيْنَ
اللہ تو بدلا لے اُنسے پر جانچے کو تمہارے ایک سے دوسرے کو* اور جو لوگ
٥ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ
مارے گئے اللہ کی راہ مین تو نہ کھو دیگا وہ اُنکے کئے• اُنکو راہ دیگا اور سنوار دیگا
٦ بَالَهُمْ ۝ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
٧ اُنکا حال* اور داخل کریگا اُنکو بہشت مین معلوم کروا دی ہی اُنکو• ف• ای
٨ اٰمَنُوْا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝ وَالَّذِيْنَ
ایمان والو اگر تم مدد کروگے اللہ کی تو وہ تمہاری کریگا اور جما دیگا تمہارے پانو• اور جو لوگ
٩ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا
منکر ہوئے اُنکو ہی ٹھوکر اور کھوئے اُنکے کئے• ف* یہہ اسپر کہ اُنھون نے پسند نرکھا
١٠ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ
جو اُتارا اللہ نے پھر اکارت کر دئے اُنکے کئے• کیا پھرے نہین ملک مین
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط دَمَّرَ اللّٰهُ
کو دیکھین آخر کیسا ہوا اُنکا جو پہلے تھے اُن سے• اُکھاڑ مارا اللہ نے
١١ عَلَيْهِمْ ز وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ
اُنکو• اور منکرونکو ملتی ہین ایسی چیزین* یہہ اسپر کہ اللہ ہی رفیق اُنکا جو
١٢ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ
ع٦ یقین لائے اور یہہ کہ جو منکر ہین اُنکا رفیق نہین کوئی• تحقیق اللہ داخل

برائی معاف• اور نہ ماننے کی یہہ سزا
ہی کہ نیکی برباد گناہ لازم

ف• جبتک کافر کا زور نہیں
تو تبتک قتل ہی چاہئے اور
جب زور ٹوٹ چکا سب قیدهی
کفایت ہی* تا دیکر مسلمان ہوین
یا احسان کرکر چھوڑ دیجیو تو ہمیشہ
احسان مانین اور دین کی محبت
آوے• یا چھڑوائی لیکر چھوڑئے تو
دو فایدے اب احتیاط ہی
کہ کافر قید مین آوے تو اُسکو
پھر اپنے گھر جانے دیجے یا نہیں
اگر چھوڑئے تو اس طرح کہ رعیت
ہو کر رہے

ف• اللہ چاہے تو ابھی
کافرونکو مسلمان کر ڈالے پر یہہ
بھی منظور نہین جانچنا منظور ہی•
سو بندے کی طرف سے کمر باندھنی
اور اللہ کی طرف سے کام بنانا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا
کریگا اُنکو جو یقین لائے اور کئے بھلے کام باغوں میں نیچے بہتیں اُنکے
الْاَنْهٰرُ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ
ندیاں ٭ اور جو منکر ہیں برتتے ہیں اور کھاتے ہیں جیسے کھاویں
١٣ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ
ڈھور اور آگ ہی اُنکا گھر ٭ ف ٭ اور کتنی تھیں بستیاں جو
اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا
زیادہ تھیں زور میں اس تیری بستی سے جسنے تجکو نکالا ٭ ہمنے اُنکو کھپادیا پھر کوئی نہیں
١٤ نَاصِرَ لَهُمْ ۝ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ
اُنکا مددگار ٭ بھلا ایک جو چلتا ہی سوجھی راہ پر اپنے رب کی برابر اُسکے جسکو بھلا دکھایا
سُوْۗءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَاۗءَهُمْ ۝ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ
اُسکا برا کام اور چلتے ہیں اپنی چاؤں پر ٭ احوال اُس بہشت کا جو وعدہ ہی
الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ
ڈر والونکو ٭ اُس میں نہریں ہیں پانی کی جو بو نہیں کر گیا ٭ اور نہریں ہیں دودھ کی
١٥ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝ وَاَنْهٰرٌ
جسکا مزا نہیں پھرا ٭ اور نہریں ہیں شراب کی جسمیں مزا ہی پینے والونکو ٭ اور نہریں ہیں
مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ
شہد کی جھاگ اُتارا ہوا ٭ اور اُنکو وہاں سب طرح کے میوے
وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَاۗءً حَمِيْمًا
اور معافی ہی اُنکے رب سے ٭ برابر اُسکے جو سدا رہتا ہی آگ میں اور پایا ہی کھولتا پانی تو
١٦ فَقَطَّعَ اَمْعَاۗءَهُمْ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓي اِذَا خَرَجُوْا
کاٹ نکالا اُنکی آنتوں کو ٭ اور بعضے اُنمیں ہیں کہ کان رکھتے ہیں تیری طرف یہانتک کہ جب نکلیں

ف ٭ جانورکا سا کھانا یعنے حرص سے ٭ اور مسلمان کھاوے دفع حاجت کو

ف ٭ وہاں کا شراب بامزا ہی جیسا یہاں کا بےمزا ٭ بہشت میں

مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا قف
تیرے پاس سے کہتے ہیں اُنکو جنکو علم ملا کیا کہا تھا اُس شخص نے ابھی •
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ۝
وہی ہیں جنکے دل پر مہر رکھی اللہ نے اور چلے ہیں اپنی چاؤں پر • ف •
۱۷ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ۝ فَهَلْ
۱۸ اور جو لوگ راہ پر آئے ہیں انکو اور بڑھی اُسنے سوجھ اور اُنکو اُس سے بچکر چلنا • ف • اب یہی
يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ج فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ج
راہ دیکھتے ہیں اُس گھڑی کی کہ آکھڑی ہو اُنپر اچانک • کیونکہ آچکی ہیں اُسکی نشانیاں •
۱۹ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ۝ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
سو کہاں ملیگی انکو جب وہ آپہنچے سمجھ پکڑنی • ف • سو تو جان رکھ کہ کسی کی بندگی نہیں سوا اللہ کے
وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
اور معافی مانگ اپنے گناہ کیواسطے اور ایماندار مردوں اور عورتوں کے لئے • اور اللہ کو معلوم ہے
۲۰ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ج
ع ۷ گشت تمہاری اور گھر تمہارا • ف • اور کہتے ہیں ایماندار کیوں نہ اُتری ایک سورت
فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ لا رَاَيْتَ
پھر جب اُتری ایک سورت جانچی ہوئی اور اُس میں ہوا ذکر لڑائی کا تو تو دیکھتا ہے
الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ
جنکے دل میں روگ ہے تیری طرف تکتے ہیں جیسے تکتا ہے کوئی بیہوشی پڑا
۲۱ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ط فَاَوْلٰى لَهُمْ ۝ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ قف
مرنے کے وقت • سو خرابی ہے اُنکی • ف • حکم ماننا ہے اور بھلی بات کہنی •
۲۲ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۝ فَهَلْ
پھر جب تاکید ہو کام کی تو اگر سچے رہیں اللہ سے تو اُنکا بھلا ہے • ف • پھر تم سے

ہر کسی کے گھر میں چار پہر تین پہر رہیں اور بعضوں کے زیادہ •

ف • یعنے کُند ذہن جنکا نہ سمجھہ نہ یاد

ف • یعنے حضرت کے کلام سے اثر پایا اور گناہوں سے بچ چلنے لگے

ف • بڑی نشانی قیامت کی ہمارے نبی کا پیدا ہونا • سب نبی راہ دیکھتے تھے خاتم النبیین کی جب وے آچکے اب قیامت ہی رہی باقی

ف • یعنے جیتے پھرو دنیا میں پھر دگے پھر بہشت یا دوزخ میں پہنچو گے اپنے گھر میں

ف • مسلمان سورت مانگتے تھے یعنے کافروں کی ایذا سے عاجز ہوکر آرزو کرتے تھے کہ اللہ حکم دے جہاد کا تو جو ہو سکے کر گذریں • جب حکم آیا جہاد کا تو کچے لوگوں پر بھاری پڑا مُردے کی طرح بے رونق آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ کاشکے ہمکو اس حکم سے معاف رکھیں • بے حد خوف میں بھی آنکھ کی رونق نہیں رہتی جیسے مرتے وقت

ف • یعنے حکم شرع کو نہ ماننے سے

عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ۝
یہی توقع ہی کہ اگر تمکو حکومت ہو کر خرابی ڈالو ملک میں اور توڑو اپنے ناتے ۞ف۞
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ۝ ٢٣
ایسے لوگ وہی ہین جنکو پھٹکارا اللہ نے پھر کر دیا اُنکو بہرے اور اندھی اُنکی آنکھین ۞ف۞
اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا۝ اِنَّ ٢٤ ٢٥
کیا دھیان نہین کرتے قرآن مین یا دلون پر لگ رہے ہین اُنکے قفل ۞ بیشک
الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ
جو لوگ اُلٹے پھر گئے اپنی پیٹھ پر پیچھے اِس سے کہ کھل چکی اُنپر
الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ ٢٦
راہ شیطان نے بات بنائی اُنکے دل مین ۞ اور دیر کے وعدے دئے ۞ف۞ یہہ اِسواسطے
قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ
کہ اُنھون نے کہا اُنسے جو بیزار ہین اللہ کے اُتارے سے ہم تمھاری بات بھی مانینگے بعضے
الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ۝ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ٢٧
کام مین ۞ اور اللہ جانتا ہی اُنکا مشورہ کرنا ۞ ف ۞ پھر کیسا ہوگا جب کہ فرشتے جان لینگے اُنکی
يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ ٢٨
مارتے جاتے ہین اُنکے منہہ پر اور پیٹھ پر ۞ف۞ یہہ اُسپر کہ وے چلے اِس راہ جس سے اللہ
اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ۝ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ ٢٩ ع٨
بیزار اور نہ پسند کی اُسکی خوشی پھر اُسنے اکارت کر دئے اُنکے کیے ۞ کیا خیال رکھتے ہین جنکے
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ۝ وَلَوْ نَشَآءُ ٣٠
دل مین روگ ہی کہ اللہ نکھولیگا اُنکے جیو کی بیر ۞ اور اگر ہم چاہین
لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۭ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ
تجکو دکھاوین اُنکو تو پہچان تو چکا ہی اُنکو چہرے سے ۞ اور آگے پہچان لیگا بات کے

کافر ہو ۞ ہر طرح سے مانا ہی جاوے ۞ پھر رسول بھی جانتا ہی کہ نامردونکو کیون لڑوائے اور جو بہت ہی تاکید آپڑے اُسی وقت ضرور ہوگا لڑنا تو لڑنے والے بہت ہین

ف ۞ آرزو کرتے ہو جہاد کی جان سے تنگ ہوکر ۞ اور اگر اللہ تمھین کو غالب کرے تو فساد نکریو

ف ۞ یعنے حکومت کے غرور مین ظلم کرنے لگے پھر کسی کا سمجھایا نہ سمجھے

ف ۞ یعنے منافق قرآن کو نہین سمجھتے کہ جہاد مین کئی فایدے ہین ۞ اور قرار ایمان سے پھرے جاتے ہین کہ لڑائی مین بچا دینگے تو دیر تک جیوینگے

ف ۞ منافقون نے کافرون سے کہا کہ ہم مسلمان ہوئے ہین لیکن تم سے نہ لڑینگے

ف ۞ یعنے سب موت سے کیونکر بچینگے اور سب نفاق کا مزا اُٹھا چکینگے

۳۱ الْقَوْلِ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ
وضب سے * اور اللہ کو معلوم ہیں تمہارے کام • اور البتہ تمکو جانچینگے تا معلوم کریں جو تم میں
الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ لا وَنَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ ۝
لڑائی والے ہیں اور ٹھہرنے والے اور تحقیق کریں تمہاری خبریں •
۳۲ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ
جو لوگ منکر ہوئے اور روکا اللہ کی راہ سے اور خلاف ہوئے رسول سے
مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى لا لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا ط
پیچھے اسکے کہ کھل چکی انپر راہ • نہ بگاڑینگے اللہ کا کچھ •
۳۳ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا
اور وہ اکارت کر دیگا انکے کئے • اے ایمان والو حکم پر چلو اللہ کے اور حکم پر چلو
۳۴ الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا
رسول کے اور ضایع نکرو اپنے کئے • ف • جو لوگ منکر ہوئے اور روکا
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۝
اللہ کی راہ سے پھر مر گئے اور وے منکر ہی رہے تو ہرگز نہ بخشیگا اللہ انکو *
۳۵ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ق وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ صلے ق وَاللّٰهُ
سو تم بودے نہو جاؤ اور پکارنے لگو صلح • اور تمہیں رہوگے اوپر • اور اللہ
۳۶ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ۝ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ
تمہارے ساتھ ہی اور نقصان نہ دیگا تمکو تمہارے کاموں میں • ف • یہ دنیا کا جینا تو کھیل ہی
وَّلَهْوٌ ط وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ
اور تماشا • اور اگر تم یقین لاؤگے اور بچ چلوگے دیگا تمکو تمہارے نیگ اور نمانگیگا تمسے
۳۷ اَمْوَالَكُمْ ۝ اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ
تمہارے مال ف * اگر مانگے تم سے وہ مال پھر تنگ کرے تو بخیل ہو جاؤ اور نکالے

ف * یعنے جہاد کرنا یا کچھ محنت کرنی اللہ کی راہ میں جب قبول ہی کہ موافق ہو حکم کے • اپنی چاہ پر کوئی کام نکرے

ف * محنت سے بھاگ کر صلح نچاہے * اور اگر بھلائی نظر آوے اسمیں تو درست ہی • آگے آویگا سورہ فتح میں

ف • حق تعالی نے ملک فتح کر دئے مسلمانوں کو زر خرچ کرنا ٹھہرا ہے

٣٨ اَضْغَانَكُمْ ۝ هَآ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ج

تمھارے دلکی خفگیان ۔ سنتے ہو تم لوگ تمکو بلاتے ہین کہ خرچ کرو اللہ کی راہ مین ۔

فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ج وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ط

پھر تم مین کوئی ہی کہ نہین دیتا ۔ اور جو کوئی نہ دیگا سو نہ دیگا آپ کو ۔

وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ج وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ لا

اور اللہ بے نیاز ہی اور تم محتاج ہو ۔ اور اگر تم پھر جاوگے بدل لیگا لوگ سوائے تمھارے

ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝

پھر وے نہوینگے تمھاری طرح کے ۔ ف ٢

كلمات	سورة الفتح مدنية وهي تسع وعشرون اٰية	حروف
٥٦٠	سورت فتح مدینے مین نازل ہوئی ٭ انتیس آیت کی	٢٤٣٨

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ١ ٢ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ

ہم نے فیصلہ کر دیا تیرے واسطے صریح فیصلہ ٭ تا معاف کرے تجکو اللہ جو آگے ہو چکے

ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝

تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے اور پورا کرے تجھپر احسان اپنا اور چلاوے تجکو سیدھی راہ ۔

٣ ٤ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ

اور مدد کرے تجکو اللہ زبردست مدد ۔ ف ٢ ٭ وہی ہی جسنے اتارا چین

قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ط وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ

دل مین ایمانداروں کے کہ اور بڑھے انکا ایمان انکے ایمان کے ساتھ ٭ اور اللہ کے ہین لشکر

ہی دنیوں پر آ ٭ سو جتنا خرچ کیا تھا اُس سے سو سو برابر ہاتھ لگا ٭ اسواسطے فرمایا کہ اللہ کو قرض دو

ف ٢ ۔ تاکید جو سنتے ہو مال خرچ کرنے کی یہہ نہو کہ اللہ مانگتا ہی یا رسول ٭ یہہ تمھارے بھلے کو فرماتا ہی پھر ایک ایک کے ہزار ہزار پاوگے ۔ اللہ کو کیا پروا ہی اور اُسکے رسول کو

ہجرت سے چھ برس پر حضرت نے خواب دیکھا کہ مکے مین گئے ہین عمرے کو فراغت سے حلق کرتے ہین ٭ ارادہ کیا عمرے کا اگرچہ قریش سے دشمنی تھی ۔ لیکن دستور تھا کہ دشمن کو بھی حج اور عمرے سے مانع نہو تے تھے اور حرم مین شہر نا بیچ ۔ پندرہ سو آدمی کے ساتھ چلے ۔ قریش نے لوگ جمع کئے شہر سے باہر جا پڑے لڑنے کو ٭ جب حضرت پہنچے قریب جہان سے مکہ نظر آیا سواری کی اونٹنی بیٹھ گئی ہرگز نا اُٹھی ۔ جب حضرت نے قسم کھائی کہ مین ادب کعبے کا رکھونگا اگرچہ یہ لوگ چڑھ چڑھ بولین ۔ تب وہ اُٹھی ۔ حضرت مقابلہ چھوڑکر حدیبیہ کے میدان مین اُترے ۔ پیغام دیا کہ اگر چاہو مجسے صلح کرو ایک مدت دم لو اتنے ہم اوروں کو مسلمان کرین ۔ پھر چاہو کے مسلمان ہو جیو چاہو کے لڑیو ۔ آخر صلح ہوئی لیکن اُس برس عمرہ نکرنے دیا ۔ اگلے

٥ السموات والارض وكان الله عليما حكيما ليدخل
آسمانون اور زمین کے ۰ اور ہی اللہ خبردار حکمت والا ۰ ف ۳ ۰ تا پہنچا دے
المؤمنين والمؤمنات جنات تجري من تحتها
ایمان والے مردونکو اور عورتونکو باغون مین نیچے بہتی انکے
الانهار خالدين فيها ويكفر عنهم سيئاتهم وكان ذلك
نہرین سدا رہین انمین اور اتارے اُنسے اُنکی بُرائیان ۰ اور یہہ ہی
٦ عند الله فوزا عظيما ويعذب المنافقين والمنافقات
اللہ کے یہان بڑی مراد ملنی ۰ ف ۴ اور تا عذاب کرے دغاباز مردونکو اور عورتونکو
والمشركين والمشركات الظانين بالله ظن السوء
اور شرک والے مردونکو اور عورتونکو جو اٹکلتے ہین اللہ پر بُری اٹکلین ۴
عليهم دائرة السوء وغضب الله عليهم ولعنهم واعد لهم
اُنہین پر پڑے پھیر مصیبت کا ۰ اور غصہ ہوا اللہ اُنپر اور اُنکو پھٹکارا اور موجود کیا اُنکے واسطے
٧ جهنم وساءت مصيرا ولله جنود السموات والارض
دوزخ ۰ اور بُری جگہہ پہنچے ۰ ف ۰ اور اللہ کے ہین لشکر آسمانوکے اور زمین کے ۴
٨ وكان الله عزيزا حكيما انا ارسلناك شاهدا ومبشرا
اور ہی اللہ زبردست حکمت والا ۰ ہم نے تجکو بھیجا احوال بتانیوالا اور خوشی
٩ ونذيرا لتؤمنوا بالله ورسوله وتعزروه وتوقروه
اور ڈر سنانیوالا ۰ تو تم لوگ یقین لاؤ اللہ پر اور اُسکے رسول پر اور اُسکی مدد کرو اور اُسکا ادب رکھو ۴
١٠ وتسبحوه بكرة واصيلا ان الذين يبايعونك انما يبايعون الله
اور اُسکی پاکی بولو صبح اور شام ۰ جو لوگ ہاتھہ ملاتے ہین تجسے وے ہاتھہ ملاتے ہین اللہ سے ۴
يد الله فوق ايديهم فمن نكث فانما ينكث على نفسه
اللہ کا ہاتھہ اوپر ہی اُنکے ہاتھہ کے ۰ پھر جو کوئی قول توڑے سو توڑتا ہی اپنے بُرے کو ۰

الربع

سال فیصلہ کیا ۴ اُس صلح کے بعد یہہ سورت اتری
ف ۲ ۰ یعنے اِس تحمل سے بڑے درجے رکھے ۴ اور یہہ بات اللہ نے کسی بندے کو نہین فرمائی کہ اگلے پچھلے گناہ بخشے اگرچہ بہت بندے ہین بخشے ہوے ۰ اِسمین بدر کر دیا ہوتا ہی
ف ۳ ۴ جی تنگ آنا یعنے رسول کے حکم پر رہے تشدید ہونگے سب نعرہ صد نکرنے لگے اِسمین اُنکو ایمان کا درجہ بڑھا
ف ۰ لوگ جو کہتے ہین جنت کی طلب نقصان ہی ۰ یہان سے معلوم ہوا کہ اللہ کے یہان یہی بڑا کمال ہی

ف ۴ بُری اٹکلین یہہ کہ مدینے سے چلے وقت منافق جانے کہ کر ساتھہ رہے ۰ جانا کہ یہ لڑائی ہین تباہ ہونگے وطن سے دور ہین اور فوج کم اور دشمن کا دیس ۰ اور کافرون نے جانا کہ عمرے کے نام سے آتے ہین دغا سے چاہتے ہین کہ شہر کے لے لیوین

ف ۔ ہاتھ ملاتے تھے قول کے وقت ۔ اور مسلمانوں کا قول ہوتا تھا پھر جس بات کا تقید منظور ہوا ۔ لڑائیوں میں قول مرتے تک نہ بھاگنے کا

وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ع
اور جو کوئی پورا کرے جس پر قرار کیا اللہ سے وہ دیگا اسکو نیگ بڑا ۔
ع۱۰ ۱۱ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا
اب کہینگے پیچھے رہنے والے گنوار ہم لگے رہ گئے اپنے مالوں میں
وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ج يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ط
اور گھروں میں سو ہمارا گناہ بخشوا ۔ کہتے ہیں اپنی زبان سے جو نہیں انکے دلمیں ۔
قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا
تو کہہ کسی کا چلتا ہی کچھ تمہارے واسطے اللہ سے اگر وہ چاہے تم پر تکلیف
۱۲ اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ط بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ بَلْ ظَنَنْتُمْ
یا چاہے تمہارا فائدہ ۔ بلکہ اللہ ہی تمہارے کام سے خبردار ۔ کوئی نہیں تم نے خیال کیا
اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ
کہ پھر کر نہ آوینگے رسول اور مسلمان اپنے گھر کبھی اور بھلا
ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ج وَكُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا ۝
نظر آیا تمہارے دل میں اور برا اٹکل کی تم نے بری اٹکل ۔ اور تم لوگ تھے ہلاک ہونے والے ۔
۱۳ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ۝
اور جو کوئی یقین نہ لاوے اللہ پر اور اسکے رسول پر تو ہم نے رکھی ہے منکروں کے واسطے دہکتی آگ ۔
۱۴ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ
اور اللہ کا راج آسمانوں کا اور زمین کا بخشے جسکو چاہے اور مار دے
۱۵ مَنْ يَّشَآءُ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ
جسکو چاہے ۔ اور ہی اللہ بخشنے والا مہربان ۔ اب کہینگے پیچھے رہ گئے ہوئے
اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ج يُرِيْدُوْنَ
جب چلو گے غنیمتیں لینے کو چھوڑو ہم چلیں تمہارے ساتھ ۔ چاہتے ہیں

أَنْ يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللّٰهِ ۚ قُلْ لَنْ تَتَّبِعُونَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ

عذاب جسم ہی پر ہوگا اور اسکیطرف سے حسرت اور ندامت کا عذاب گنہگار کی روح پر ہوگا • یہہ فایدہ تفسیر عزیزیہ سے لکھا

ف • یعنے شہر مکہ

ف • مکے منن لڑائی کی قید ہی ہر شخص کو یعنے وہان کوئی لڑائی نہین کرتا مگر حضرت کو فتح مکے کے دن قید معاف ہوئی تھی جو کوئی آپ سے لڑا اسکو مارا • پھر وہی قید قایم ہی قیامت تک

ف • یعنے حضرت آدم ع م اور بنی آدم

ف • ساری عمر محنت منن رہا خالی کبھی نہین

ف • شادیون منن ناموں منن نام کی جگہون منن مال خرچ کرنے کو بڑائی گنتا ہی اور خرچنے کی جگہہ اڑا دی

ف • یعنے کفر اور ایمان یا دودھ کے ستان

ف • یعنے بردہ آزاد کرنا یا قرضدار کو خلاص کروانا

ف • یتیم کا ایک حق ناتے دار کا ایک حق جو دونون ہووے تو دو حق ہوا

۱۹ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ
ہیں برے نصیب والے • اور جو منکر ہوے ہماری آیتوں سے وے ہیں
۲۰ الْمَشْأَمَةِ ۝ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُؤْصَدَةٌ ۝
کم بختی والے • انھیں کو آگ میں موندا ہی •

حروف	سورة الشمس مكية وهي خمس وعشر آية	كلمات
۲۴۷	سورت شمس مکی ہی پندرہ آیت کی	۵۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۱۶
۱ ۲ وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا ۝ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا ۝ وَالنَّهَارِ إِذَا
۳ قسم ہی سورج کی اور اسکی چڑھتی دھوپ کی • اور چاند کی جب آوے اسکے پیچھے • اور دن کی جب
۴ ۵ جَلَّاهَا ۝ وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا ۝ وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا ۝ وَالْأَرْضِ
۶ اسکو روشن کرے • اور رات کی جب اسکو ڈھانپ لیوے • اور آسمان کی اور جیسا اسکو بنایا • اور زمین کی
۷ وَمَا طَحَاهَا ۝ وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا ۝ فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا ۝
۸ اور جیسا اسکو پھیلایا • اور جی کی اور جیسا اسکو ٹھیک بنایا • پھر سمجھہ دی اسکو ڈھٹائی کی اور بچ چلنے کی •
۹ ۱۰ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا ۝ كَذَّبَتْ
۱۱ مراد کو پہنچا جس نے اسکو سنوارا • اور نامراد ہوا جس نے اسکو خاک میں ملایا • جھٹلایا
۱۲ ۱۳ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا ۝ إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ
ثمود نے اپنی شرارت سے • جب اٹھ کھڑا ہوا انمیں کا بڑا بدبخت • پھر کہا اُنکو اللہ کے
۱۴ اللَّهِ نَاقَةَ اللَّهِ وَسُقْيَاهَا ۝ فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا
رسول نے خبردار رہو اللہ کی اونٹنی اور اسکے پینے کی باری سے • پھر جھٹلایا انھوں نے اُسکو پھر کوٹ ڈالا اُسے
۱۵ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْبِهِمْ فَسَوَّاهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا ۝
پھر اُلٹ مارا اُنپر اُنکے رب نے اُنکے گناہ سے پھر برابر کر دیا • اور وہ نہیں ڈرتا کہ پیچھا کریگی •

سورۂ لیل کے نازل ہونیکا سبب • تھے مکہ میں دو شخص مالدار ایک حضرت ابو بکر صدیق رض دوسرا امیہ بن خلف اسکے کئی غلام تھے ہر ایک کو ایک کام پر مقرر کر دیا تھا کسی سے کھیتی کا کسی سے تجارت کا کسی سے مویشی کی نگہبانی کا کام لیتا تھا • اس سبب سے بہت دولت حاصل کی تھی مگر کبھی فقیر کو کچھ نہ دیتا • حضرت بلال بھی اُسکے غلاموں سے تھے • جنکی بزرگی یہانتک پہنچی تھی کہ حضرت نے اُنکو اپنے آگے بہشت میں دیکھا • اور فرمایا کہ بہشت مشتاق ہی بلال کی • بلال جبکہ مسلمان ہوئے تھے • یہہ خبر کمبخت امیہ کو پہنچی • وہ بدبخت اِس دین سے پھر جانے کے واسطے بڑی بڑی تکلیف اُنکو دینے لگا • دھوپ میں لٹا کر گرم پتھر اُنکے بدن پر رکھواتا آس پاس اُسکے آگ جلواتا اور کوڑے لگواتا • بلال اُس دکھ میں احد احد پکارتے تھے کہ میرا خداوند ایک ہی • ایکدن حضرت ابو بکر وہاں جا نکلے یہہ حال دیکھکر امیہ کو نصیحت کرنے لگے • اُس مردود نے نہ مانا • پھر کہا کہ اگر تیرا دل اُسپر جلتا ہی تو تجھے اُسکو مول لے • اُنھوں نے کہا پھر کیا قیمت لیگا

کلمات سورة اللیل مکیة وهي احدى وعشرون آية حروف
٧١ سورت لیل مکی ہی اکیس آیت کی ٣١٠

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ١٧

١ ٢ وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ
٣ قسم ہی راتکی جب چھا جاوے ٭ اور دنکی جب روشن ہووے ٭ اور اُسکی جن نے پیدا کیا نر
٤ ٥ وَالْاُنْثٰى ۝ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝
٦ اور مادہ ٭ تمہاری کمائی بھانت بھانت ہی ٭ سو جس نے دیا اور ڈر رکھا ٭
٧ ٨ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝ وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ
اور سچ جانا بھلی بات کو ٭ تو سہج سہج پہنچا دینگے ہم اُسکو آسانی مین ٭ اور جس نے نہ دیا
٩ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝
١٠ اور بے پروا رہا ٭ اور جھوٹھ جانا بھلی بات کو ٭ سو سہج سہج پہنچا دینگے ہم اُسکو سختی مین ٭
١١ ١٢ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ۝ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝ وَاِنَّ لَنَا
١٣ اور کام نآویگا اُسکو مال اُسکا جب گڑھے مین گریگا ٭ ہمارا ذمہ ہی سمجھا دینا ٭ اور ہمارے
١٤ ١٥ لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝ لَا يَصْلٰىهَاۤ
ہاتھ مین ہی پچھلا اور پہلا ٭ سو مین نے تمکو سنا دی ایک بھڑکتی آگ کی ٭ اُسمین وہی پڑیگا
١٦ ١٧ اِلَّا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝ وَسَيُجَنَّبُهَا
جو بڑا بدبخت ہی ٭ جسنے جھٹلایا اور منہہ موڑا ٭ اور بچا دینگے اُس سے
١٨ ١٩ الْاَتْقَى ۝ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ
بڑے ڈر والے کو ٭ جو دیتا ہی اپنا مال دل پاک کرنے کو ٭ اور نہین کسی کا اُسپر احسان جس کا
٢٠ ٢١ نِّعْمَةٍ تُجْزٰۤى ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝
بدلا دے ٭ مگر چاہ کر منہہ اپنے رب کا جو سب سے اوپر ٭ اور آگے وہ راضی ہوگا ٭

اُسنے کہا کہ نسطاس رومی کو اُسکے عوض دے ٭ حضرت ابو بکر نے بڑی خوشی سے نسطاس کو مع دو ہزار دینار جو اُسکا مایہ تھا اور چالیس اوقیہ اور بڑھا کر دیا اور بلال کو لیکر اللہ تعالی کی رضامندی کے واسطے آزاد کیا ٭ اُسدن سے بلال جناب پیغمبر کی خدمت مین حاضر رہنے لگے ٭ اسی طرح کتنونکو خرید کر آزاد کیا ٭ عامر بن فہیرہ زنیرہ نہدیہ ام عیث وغیرہ ٭ اور چالیس ہزار درم جو اُنکا سرمایہ تھا حضرت کے حکم سے مسلمانون پر خرچ کیا ٭ اور چھ ہزار درم کہ باقی رہا تھا ہجرت کے وقت اور مدینے مین صرف کر دیا ٭ حضرت نے فرمایا ہی جس قدر ابو بکر کے مال نے مجھے نفع دیا کسی کے مال نے نہین ٭ جب سب خرچ کرکے فقیر ہوگئے ایکدن کمبل گلے مین ڈال کر بیٹھے تھے حضرت جبرئیل آئے ٭ حضرت سے پوچھا کہ ابو بکر تو دولتمند تھے یہہ کیا ہوا ٭ حضرت نے فرمایا کہ اُسنے سب اپنا مال اللہ کی رضامندی اور میرے کام مین خرچ کیا ٭ جبرئیل نے کہا کہ اللہ تعالی نے ابو بکر کو سلام کہا ہی اور پوچھا ہی کہ اس دکھ مین تو مجھ سے راضی ہی یا ناخوش ٭ حضرت ابو بکر کا اِس بات کے سُنتے ہی عجب حال ہوا کہ وجد مین آکر کہنے لگے انا عن

کلمات سورۃ الضحی مکیہ وھی احدی عشر آیہ حروف
۴۰ سورت ضحی مکی ہے اگیارہ آیت کی ۱۷۲

ع ۱
بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱ ۲ ۳ وَالضُّحٰى ۝ وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ
قسم دھوپ چڑھتے وقت کی ۝ اور رات کی جب چھا جاوے ۝ نہ رخصت کیا تجکو تیرے رب نے
۴ ۵ وَمَا قَلٰى ۝ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُولٰى ۝ وَلَسَوْفَ
نہ بیزار ہوا ۝ ف۲ ۝ اور البتہ پچھلی بہتر ہے تجکو پہلی سے ۝ ف۳ ۝ اور آگے
۶ ۷ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝ وَوَجَدَكَ
دیگا تجکو تیرا رب پھر تو راضی ہوگا ۝ بھلا نہ پایا تجکو یتیم پھر جگہ دی ۝ ف۴ ۝ اور پایا تجکو
۸ ۹ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ
بھٹکتا پھر راہ سجھائی ۝ ف۵ ۝ اور پایا تجکو مفلس پھر محفوظ کیا ۝ ف۶ ۝ سو جو یتیم ہو
۱۰ ۱۱ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝
اسکو نہ دبا ۝ اور جو مانگتا ہو اسکو نہ جھڑک ۝ اور جو احسان ہے تیرے رب کا اسکو بیان کر ۝

کلمات سورۃ الانشراح مکیۃ وھی ثمان آیات حروف
۲۷ سورت انشراح مکی ہے آٹھ آیت کی ۱۰۳

ع ۱۹
بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱ ۲ ۳ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ
کیا ہم نے نہیں کھولدیا تیرا سینہ ۝ ف۱ ۝ اور اتار رکھا ہم نے تجھ پر سے تیرا بوجھ ۝ جسنے کر توڑی
۴ ۵ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝
تیری پیٹھ ۝ ف۸ ۝ اور اونچا کیا مذکور تیرا ۝ ف۹ ۝ سو البتہ مشکل کے ساتھ آسانی ہے ۝

رہی راضی انا عن ربی و راضی حق تعالی اس سورت میں دونوں کی دست اور کام کے اختلاف کو بیان فرماتا ہے کہ ہر شخص کا نیکی اور بدی کے حاصل کرنے میں اعمال علاحدہ ہے ۝ اسی پر سب معاملوں کو قیاس کیا جاتا ہے ۝ یہہ فایدہ تفسیر عزیزی سے لکھا

ف۳ ۝ یعنے ہمارے اختیار میں ہی آخرت کا عالم اور وہ جو گذر گیا سو جو کوئی ہم سے آخرت مانگے آخرت پاوے اور جو کوئی دنیا مانگے دنیا پاوے ۝ اور جو دونوں مانگے دونوں پاوے ۝ اور دونوں جہان کی آبادی کے واسطے آدمیوں کی دست مختلف پیدا کی اور ہر کسی کے دل میں وہی خواہش ڈالی جہان وہ جاویگا ۝ یہہ فایدہ تفسیر عزیزی سے لکھا

ف۲ ۝ حضرت کو کئی دن وحی نہ آئی دل کمدر رہا تو انکے کافروں نے کہا اسکے رب نے اسکو چھوڑ دیا ۝ پھر یہہ سورت نازل ہوئی ۝ پہلے قسم کھائی دھوپ کی اور رات اندھیری کی یعنے ظاہر میں بھی اسی کی دو قدرتیں ہیں باطن میں بھی کبھی چاندنا ہے کبھی اندھیرا دونوں اسکی ہیں ۝ اسسے بندہ کبھی دور نہیں

ف۳ ۝ یعنے پچھلی حالت بہتری تیری پہلی حالت سے ۝ عزیزی

ف۴ ۝ حضرت کا باپ مر گیا

۶ ۷ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَإِلَىٰ رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

۸ البتہ مشکل کے ساتھ آسانی ہی تو پھر جب فارغ ہو تو محنت کر ۱۰ اور اپنے رب کیطرف دل لگا ف ۱

کلمات	سُورَةُ التِّينِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانُ آيَاتٍ	حروف
۳۴	سورت تین کی ہی آٹھ آیتون کی	۱۵۰

ع ۲۰ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

۱ ۲ ۳ ۴ وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ ۝ وَطُورِ سِينِينَ ۝ وَهَٰذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ ۝ لَقَدْ

قسم انجیر کی اور زیتون کی ۱ اور طور سینین کی ۲ اور اس شہر امن والے کی ۳ ف ۱۱

۵ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِينَ ۝

ہم نے بنایا آدمی خوب سے خوب انداز سے ۴ پھر پھینک دیا اسکو نیچون سے نیچے ۵ ف ۱۲

۶ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝

مگر جو یقین لائے اور کیں بھلائیان سو ان کو نیگ ہی بے انتہا ۶

۷ ۸ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّينِ ۝ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ ۝

پھر تو کیون جھٹلاوے تو اس پیچھے بدلا ملنا ۷ کیا نہین اللہ سب حاکمون سے بہتر حاکم ۸

کلمات	سُورَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعَ عَشْرَةَ آيَةً	حروف
۷۲	سورت علق کی ہی انیس آیت کی	۲۸۰

ع ۲۱ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

۱ ۲ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝

پڑھ اپنے رب کے نام سے جسنے بنایا ۱ بنایا آدمی لہو کی پھٹکی سے ۲

۳ ۴ ۵ اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ ۝ الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْإِنْسَانَ

پڑھ اور تیرا رب بڑا کریم ہی ۳ جسنے علم سکھایا قلم سے ۴ سکھایا آدمی کو

یوسف مین چھوڑ کر دادا نے پالا وہ بھی مر گیا آٹھ برس کا چھوڑ کر پھر چچا نے پالا جبتک جوان ہوئے
ف ۵ جب حضرت جوان ہوئے قوم کی راہ و رسم سے بیزار تھے ان پاس کوئی راہ و رسم نہتی اسنے دین حق نازل کیا
ف ۶ حضرت خدیجہ اپنی قوم مین اشراف تھین اور مالدار انسے نکاح ہوا سبب مال انکو غنی کیا ناجار
ف ۷ یعنے خود لو گناہ و بالا تھا بڑا کام اٹھانے کو اور فہم بعض فرشتون نے حضرت کا سینہ چاک کیا دل مین سے سیاہی نکال کر دھو ڈالی
ف ۸ وحی کا اترنا اول مشکل تھا پھر آسان ہوگیا
ف ۹ یعنے پیغمبرون میں اور فرشتون میں تیرا نام بلند ہی
ف ۱۰ یعنے خلق کے سمجھانے سے فراغت پاوے تو خلوت کی عبادت مین محنت
ف ۱۱ یہ شہر فرمایا مکہ کو اور انجیر اور زیتون کے دو باغ ہین وہ پہاڑ پر بیت المقدس کے آس پاس وہ مکان برکت کا ہی تھا اور طور سینین جہان حضرت موسی سے کلام ہوا یہ چار مکان فرمائے بہت برکت ہنکے
ف ۱۲ یعنے اسکو لایق بنایا فرشتون کے مقام کے پھر جب بگڑ ہوا تو جانورون سے بدتر ہی

٦ ٧ ۔ أَلَمْ يَعْلَمْ ۞ كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَىٰ ۞ أَن رَّآهُ اسْتَغْنَىٰ ۞
جو نہ جانتا تھا • ف • کوئی نہیں آدمی سر چڑھتا ہی • اس سے کہ دیکھے ہی آپکو محفوظ •
٨ ٩ ١٠ إِنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الرُّجْعَىٰ ۞ أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَىٰ ۞ عَبْدًا
بیشک تیرے رب کیطرف پھر جانا ہی • تو نے دیکھا وہ جو منع کرتا ہی • ایک بندے کو
١١ ١٢ إِذَا صَلَّىٰ ۞ أَرَأَيْتَ إِن كَانَ عَلَى الْهُدَىٰ ۞ أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوَىٰ ۞
جب وہ نماز پڑھے • بھلا دیکھ تو اگر ہوتا نیک راہ پر • یا سکھلاتا ڈر کے کام •
١٣ ١٤ ١٥ أَرَأَيْتَ إِن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ۞ أَلَمْ يَعْلَم بِأَنَّ اللَّهَ يَرَىٰ ۞ كَلَّا
بھلا دیکھ تو اگر جھٹلایا اور منہ موڑا • کیا نہ جانا کہ اللہ دیکھتا ہی • کوئی
١٦ ١٧ لَئِن لَّمْ يَنتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۞ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۞ فَلْيَدْعُ
نہیں اگر باز نہ آویگا ہم گھسیٹینگے چوٹی پکڑ کر • کیسی چوٹی جھوٹی گنہگار • اب بلاوے
١٨ ١٩ نَادِيَهُ ۞ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۞ كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِب ۩
اپنی مجلس کو • ہم بلاوینگے پیادے • کوئی نہیں مت اسکا کہا مان اور سجدہ کر اور نزدیک ہو • ف

سورة القدر مكية وهي خمس آيات
[illegible] سورت قدر مکی [illegible] آیتیں [illegible]

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

١ ٢ إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۞ وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۞
ہم نے یہ اتارا شب قدر میں • اور تو کیا بوجھا کیا ہی شب قدر •
٣ ٤ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۞ تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا
شب قدر بہتر ہی ہزار مہینے سے • اترتے ہیں فرشتے اور روح اس میں
٥ بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ ۞ سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۞
اپنے رب کے حکم سے • ہر کام پر • امان ہی • وہ رات صبح کے نکلنے تک • ف

ف • اول جبرئیل وحی لائے تو یہی پانچ آیتیں • حضرت نے کبھی پڑھا نہ تھا فرمایا کہ قلم سے بھی علم دی دنیا ہی بولنا بھی دیگا

ف • یہہ ابو جہل کا ذکر تھا کہ حضرت کو نماز پڑھتے دیکھتا تو چڑاتا

ف • یعنے نیک راہ پر ہوتا بھلے کام سکھاتا تو کیا اچھا آدمی ہوتا اب جو منہ موڑا تو اپنا کیا بگاڑا

ف • ایکبار ابو جہل حضرت کو نماز میں دیکھکر چلا کہ دبی گردن پر پاؤں رکھے • وہاں جا کر جھجکا الٹے پاؤں پھرا پھر کبھی یہہ خیال نکیا • معلوم ہوا کہ سجدے میں بندہ اللہ سے نزدیک ہوتا ہی

ف • شاید اول اسی شب میں نزول شروع ہوا قرآن اترنا پھر اہستہ اہستہ بیس برس میں اللہ نے رحمت اس رات میں جو نیکی کرے گویا ہزار مہینے کی • اور دنیا کے کام جو مقدر ہیں اس میں بتھے اترتے ہیں • اور اللہ کیطرف سے چین اور دل جمعی اترتی رہتی ہی • ساری رات عبادت حلاوت سے ہوتی ہی • وہ رات قرآن سے دریافت ہوا کہ رمضان میں ہی حدیث سے

كلمات	سورة البينة مكية وهي ثمان آيات	حروف
٩٤	سورت بینہ مکی ہے آٹھ آیت کی	٣٩٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ١٣

١ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ
نہ تھے وے لوگ جو منکر ہوئے کتاب والوں اور شرک والے
٢ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۙ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا
باز آنیوالے جب تک نہ پہنچے انکو کھلی بات • ف ایک رسول اللہ کا پڑھتا ورق
٣ مُّطَهَّرَةً ۙ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ؕ ٤ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
پاک • ان میں لکھیں کتابیں مضبوط • ف اور پھوٹ جو ڈالی جنکو ملی کتاب
اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ؕ ٥ وَمَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِيَعْبُدُوا
سو جب آچکی انکو کھلی بات • ف اور انکو حکم یہی ہوا کہ بندگی کریں
اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا
اللہ کی نری کر کر اسکے واسطے بندگی • ابراہیم کی راہ پر اور کھڑی کریں نماز اور دیں
الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ؕ ٦ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
زکوٰۃ اور یہ ہے راہ مضبوط لوگوں کی • ف وے جو منکر ہوئے
اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ
کتاب والے اور شرک والے دوزخ کی آگ میں سدا رہیں
فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ؕ ٧ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
انمیں • وے لوگ ہیں بدتر سب خلق سے • وے لوگ جو یقین لائے اور کئے
الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ؕ ٨ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ
بھلے کام وے لوگ ہیں بہتر سب خلق کے • بدلا انکا انکے رب کے یہاں

معلوم ہوا کہ رمضان کے آخر دہے میں طاق راتوں میں اکیسویں سے ستائیسویں تک • والغیب عند اللہ

ف • حضرت سے پہلے سب دین والے بگڑ گئے تھے پھر ایک اپنی غلطی پر مغرور رہا اب چاہئے کوئی حاکم ہادی یا بادشاہ عادل کہ سمجھا کے راہ پر لاوے سو ایسی ہم نے بھیجا ایسا رسول اور وہ عظیم القدر اللہ کی کتاب اور قوی ہو کے ساتھ کہ کئی برس میں ملک ملک ایمان سے بھر گیا

ف • ہر سورہ ایک کتاب ہے

ف • یعنی اس میں شبہ نہ تھا اکثر کتاب کے آنے پیچھے شبہ نکالا پھر اب اہل کتاب محمد سے مخالف ہیں شبہ سے نہیں [illegible]

ف • یعنی بے طرفی [illegible] میں [illegible] ہیں

جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ
باغ ہیں بسنے کے نیچے بہتی اُنکے نہریں سدا رہیں اُن میں

اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝
ہمیشہ • اللہ اُن سے راضی اور وے اُس سے • یہہ ملتا ہی اُسکو جو ڈرا اپنے رب سے •

کلمات سورة الزلزال مكية او مدنية ثمان ايات حروف
۵۳ سورت زلزال کی ہی یا مدنی آٹھہ آیتوں کی ۱۴۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۲۴

۱ ۲ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝
جب ہلا دے زمین کو اُسکی بھونچال سے • اور نکالدے زمین اپنے بوجھہ • ف •

ف • قیامت سے پہلے جو مال زمین کے اندر وہاں سونا روپا اُس سے نکل پڑیگا نہ لینے والے ہونگے

۳ ۴ ۵ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ
اور کہے آدمی اُسکو کیا ہوا • اُس دن بتاویگی وہ اپنی باتیں • اِس واسطے کہ تیرے رب نے

۶ اَوْحٰى لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۬ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝
حکم بھیجا اُسکو • ف • اُسدن ہو پڑینگے لوگ بھانت بھانت • کہ اُنکو دکھائے اُنکے کیے •

ف • یعنے بدون کے گناہ بتاویگی حساب کے وقت

۷ ۸ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝
سو جسنے کی ذرہ بھر بھلائی وہ دیکھہ لیگا اسے • اور جسنے کی ذرہ بھر برائی وہ دیکھہ لیگا اُسے •

کلمات سورة العاديات مكية او مدنية وهي احدي عشر اية حروف
۴۰ سورت عادیات کی ہی یا مدنی اگیارہ آیت کی ۱۶۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۲۵

۱ ۲ ۳ وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝ فَالْمُغِيْرٰتِ
قسم ہی دوڑتے گھوڑوں کی ہانپتے • پھر آگ سلگاتے جھاڑ کر • پھر دھاوا دیتے

۴ ۵ صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ
۶ صبح کو ۔ پھر اُٹھاتے اُسمین گرد ۔ پھر پیٹھ جاتے اُسوقت فوج مین ۔ ف ۔ بیشک آدمی
۷ ۸ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ
اپنے رب کا ناشکر ہی ۔ ف ۔ اور وہ یہہ کام سامھنے دیکھتا ہی ۔ اور آدمی مال کی محبت پر
۹ ۱۰ لَشَدِيْدٌ ۝ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۝ وَحُصِّلَ مَا فِي
مضبوط ہی ۔ کیا نہین جانتا وہ وقت کہ کرید ے جادین جو قبرون مین ہین ۔ اور تحقیق ہو جو
۱۱ الصُّدُوْرِ ۝ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۝
جیون مین ہی ۔ بیشک اُنکو اُنکے رب کو اُسدن سب خبر ہی ۔

كلمات	سورة القارعة مكية وهي احدى عشر آية	حروف
۳۶	سورت قارعہ کی ہی اگیارہ آیتون کی	۱۵۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۲۶

۲ ۳ اَلْقَارِعَةُ ۝ مَا الْقَارِعَةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝ يَوْمَ
۴ وہ کھڑکھڑاتی ۔ کیا ہی وہ کھڑکھڑاتی ۔ اور تو کیا بوجھا کیا ہی وہ کھڑکھڑاتی ۔ جس دن
۵ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۝ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ
ہوونگے لوگ جیسے پتنگے بکھرے ۔ اور ہوونگے پہاڑ
كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَهُوَ
۷ جیسے رنگی اون دھنی ۔ سو جسکی بھاری ہوئین تولین ۔ تو اُسکو
۸ ۹ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝
گذران ہی من مانتی ۔ اور جسکی ہلکی ہوئین تولین ۔ تو اُسکا ٹھکانا گڑھا ۔
۱۰ ۱۱ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝
اور تو کیا بوجھا وہ کیا ہی ۔ آگ دہکتی ۔

ف ۔ یہہ جہاد والے سواروں کی قسم ہی ۔ اس سے بڑا کون عمل ہی کہ اللہ کے کام پر اپنی جان دینے کو حاضر

ف ۔ یعنے کفران نعمت کرتا ہی اور وہ کئی طرح کا ہوتا ہی ۔ ایک تو یہہ کہ اُسکی نعمت کو دوسرے کی سمجھے ۔ دوسرا یہہ کہ جو فایدہ اُس نعمت سے چاہئے وہ نلیوے بلکہ اُسکے برخلاف اُسے خرچ کرے ۔ تیسرا یہہ کہ اُس نعمت کی محبت اِس قدر دل مین اثر کر جاے کہ نعمت دینے والے کو بھول جاوے ۔

عزیزیہ سے

كلمات	سورة التكاثر مكية وهي ثمان آيات	حروف
۲۸	سورت تکاثر مکی ہی آٹھ آیتون کی	۱۲۰

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۷ع

۱ ۲ ۳ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ ۝ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ كَلَّا سَوْفَ
غفلت مین رکھا تمکو بہتایت کی حرص نے * جبتک جا دیکھین قبرین * کوئی نہین آگے
۴ ۵ تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ
جان لوگے * پھر بھی کوئی نہین آگے جان لوگے * کوئی نہین اگر تم جانو
۶ ۷ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝
یقین کر جاننا * بیشک تمکو دیکھنا دوزخ * پھر دیکھنا اُسکو یقین کی آنکھ سے *
۸ ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝
پھر پوچھینگے تم سے اُسدن آرام کی حقیقت *

كلمات	سورة العصر مكية وهي ثلاث آيات	حروف
۱۴	سورت عصر مکی ہی تین آیتون کی	۷۱

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۸ع

۱ ۲ ۳ وَالْعَصْرِ ۝ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝ إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا
قسم ہی آخر دن کی * مقرر انسان ٹوٹے مین ہی * مگر جو یقین لائے اور کئے
الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝
بھلے کام اور آپس مین تاکید کیا سچے دین کا اور آپس مین تاکید کیا سہارنے کا *

اس سورت کے نازل ہونیکا سبب * قریش مین دو گروہ تھے بنو عبد مناف کہ ہمارے پیغمبر اُس مین تھے * اور بنو سہم کہ عاص بن وایل سہمی اُسکا سردار تھا * ایکدن دونون آپس مین اپنی اپنی بزرگی پر فخر کرنے لگے * مال اور کامون کا حساب کرتے کرتے آدمیون پر نوبت پہنچی * بنو عبد مناف کے لوگ گنتی مین زیادہ ہوئے بنو سہم نے کہا کہ ہمارے لوگ لڑائی مین بہت مارے گئے سو موت جیسے سب کو گنا چاہئے * جب یہ گنا تو بنو سہم زیادہ ہوئے * پھر تحقیق کے واسطے مقبرون پر گئے * حق تعالی نے دونو کی جہالت اور غفلت پر کہ اپنے ضروری کام کو بھولکر کیسے ناکارے کام مین جا لگے ہیں یہ سورت نازل کی کہ آدمی آخر عمر مین کسقدر مال اور اولاد اور لوگونکی بہتایت پر حریص ہوتا ہی کہ اُن سے اُسکے نام وجاہ کا سلسلہ باقی رہے * اور یہ بات اُسکو اسکی پہچان سے اور اداے حقوق سے جو اُسپر واجب ہی باز رکھتی ہی * عزیزیہ سے

اِس سورہ کے نازل ہونیکا سبب کلدہ ابن رشید ایک کافر جو حضرت ابو بکر رض سے جاہلیت مین ہم صحبت تھا * ایکدن حضرت ابوبکر سے کہنے لگا کہ تمہاری ایسی ہوشیاری اور دانائی تھی کہ تجارت مین خوب نفع اٹھاتے تھے

کلمات	سورة الهمزة مكية وهي تسع آيات	حروف
۳۵	سورت ہمزہ مکی ہی نو آیتوں کی	۱۳۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۲۹

۱ ۲ وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۙ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۙ

خرابی ہی ہر طعنہ دینے عیب چننے والے کی • جسنے سمیٹا مال اور گن گن رکھا •

۳ ۴ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۚ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۙ

کیا خیال رکھتا ہی کہ اُسکا مال سدا رہیگا اُسکے ساتھ • کوئی نہیں اُسکو پھینکنا ہی اُس روندنے والی میں •

۵ ۶ ۷ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ؕ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۙ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى

اور تو کیا بوجھا کیا ہی وہ روندنے والی • آگ ہی اللہ کی سلگائی • وہ جو جھانک لیتی ہی

۸ ۹ الْاَفْـِٕدَةِ ؕ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۙ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۠

دل کو • ف • اُن کو اُس میں موندا ہی • لمبے لمبے ستونوں میں •

کلمات	سورة الفيل مكية وهي خمس آيات	حروف
۲۳	سورت فیل مکی ہی پانچ آیتوں کی	۹۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۳۰

۱ ۲ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ؕ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ

کیا تو نے نہیں دیکھا کیسا کیا تیرے رب نے ہاتھی والوں سے • نہ کر دیا انکا داؤ

۳ ۴ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۙ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۙ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ

غلط • اور بھیجے اُن پر جانور ٹکڑیاں ٹکڑیاں • پھینکتے اُن پر پتھریاں •

۵ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۠

کھنگر کی • پھر کر ڈالا اُنکو جیسا بھس کھایا ہوا • ف •

پھر اب کیا ہوا اگر ایسے خراب ہوئے جو باپ دادا کے دین کو چھوڑا اور لات وعزا کی شفاعت سے محروم ہوئے • صدیق نے جواب دیا ای نادان جو حق کو قبول کرتا ہی اور نیک کام پر چلتا ہی اُسکو کبھی نقصان نہیں پہنچتا • اللہ تعالی نے صدیق کے قول کی سچائی پر یہہ سورت نازل کی

اِس سورہ کے نازل ہونیکا سبب • بعض شخص کافروں سے عاص بن وائل سہمی اور ولید بن مغیرہ مخزومی اور اخنس بن شریق ثقفی پیغمبر علیہ السلام اور ایمان والونکی بدگوئی کیا کرتے اور انکے حق میں طعن کی زبان کھولتے • حضرت اسامہ سے کہ اخنس بن شریق نے پیغمبر علیہ السلام کے روبرو سخت باتیں کہا اور سچائی کا مرتبہ اونچا • اُسکے حق میں یہہ سورت اُتری • سو جو کوئی کسی کی عزت برباد کر دے اور لوگونکو پیچھے برا کہے وہ اِس خرابی اور عذاب کے لائق ہووے • پھر ایسے شخص کا جو اللہ تعالی اور اُسکے رسول مقبول کو اور قرآن مجید کو جھٹلاوے اور اُسکے احکام سے دشمنی رکھے کیا حال ہوگا

ف • یعنے جس دل میں ایمان ہی جلا دے اور جو کفر ہی تو جلا دے

ف • یمن کے ملک پر ایک مدت تک حبشی غالب رہے • ابرہا

کلمات		حروف
	سورة القريش مكية وهي اربع آيات	
١٧	سورت قریش مکی ہی چار آیتون کی	٧٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ٣١

١ ٢ ٣ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا

اس واسطے کہ ہلا رکھا قریش کو • ہلا رکھا انکو کوچ سے جاڑے کے اور گرمی کے • تو چاہیے بندگی کریں

٤ رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

اس گھر کے رب کی • جس نے کھانا دیا انکو بھوک میں اور امن دیا ڈر میں • ف •

کلمات		حروف
	سورة الماعون مكية وهي سبع آيات	
٢٥	سورت ماعون مکی ہی سات آیتون کی	١٣٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ٣٢

١ ٢ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ

تو نے دیکھا وہ جو جھٹلاتا ہی انصاف ہونا • سو وہی ہی جو دھکیلتا ہی

٣ ٤ الْيَتِيْمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝

یتیم کو • اور نہیں تاکید کرتا محتاج کے کھانے پر • پھر خرابی ہی آن نمازیوں کی

٥ ٦ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝

جو اپنی نماز سے بے خبر ہیں • ف • وے جو دکھاوا کرتے ہیں •

٧ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝

اور مانگی نہ دیں برتنے کی چیز •

کہ سارے عرب حج کرتے ہیں کعبے کا • چاہا کہ سب ہمارے پاس جمع ہوا کریں • کعبہ کی نقل ایک کعبہ بنایا دنیا کا تکلف بہاں سے زیادہ • کوئی ناپاز بازت کو جھنجھلا کر فوج چڑھائی کعبہ شریف پر اور ساتھ لائے کتنے ہاتھی ڈھانے کو • بیچ میں کسی قوم عرب کی مزاحم ہوئی سب کو مارا • جب حرم کی حد میں پہنچے آسمان سے جانور آئے سبز چڑیونکے برابر منھ میں کنکر لیکر • دو پنجوں میں ایک منھ میں لاکھوں جانور لگے مارنے • کنکر چلنے جیسے گولی بندوق کی اکر اونٹ کی پیٹھ میں لگا پیٹ سے نکلتا پھر آدمی کیا چیز ہی • ساری فوج میں ایک نہ بچا • اسی سال آخر میں حضرت پیدا ہوئے

ف • حضرت سے بارھویں پشت میں ایک شخص تھا نضر بن کنانہ قریش اسکی اولاد ہیں • سب جمع تھے مکہ میں • عرب جو حج کو آتے انکو دیکھتے کعبے کے خادم • جب قریش جاتے انکے گھر تو عزت کرتے اور سلوک کرتے وہی انکی معاش تھی • جاڑے میں یمن کیطرف گرمی میں شام کو • اور آپس میں پھر سے لڑتے • قریش پر حرم کے ادب سے چوردھاڑا کوئی نہ تھا • فرمایا کہ اس گھر کے طفیل تمکو روزی ہی اور امن پھر اس گھر والے کی بندگی کیوں نہیں کرتے ناشکر

ف • یعنے قضا کرتے ہیں یا تنگ وقت میں پڑھتے ہیں جا ملکر

کلمات سورۃ الکوثر مکیۃ وھی ثلث آیات حروف
۱۲ سورت کوثر کی ہے تین آیتوں کی ۴۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۳۳
۱ ۲ ۳
اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝
ہمنے دی تجھکو کوثر ف۲ سو نماز پڑھ اپنے رب کے آگے اور قربانی کر ف۳ بیشک جو بیری ہے تیرا وہی رہا پچھا کٹا ف۴

کلمات سورۃ الکافرون مکیۃ وھی ست آیات حروف
۲۶ سورت کافرون کی ہے چھ آیتوں کی ۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۳۴
۱ ۲
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ
تو کہہ اے منکرو میں نہیں پوجتا جسکو تم پوجو ہو اور نہ تم
۳ ۴ ۵
عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ
پوجو ہو جسکو میں پوجوں اور نہ مجھکو پوجنا ہے اسکا جسکو تم نے پوجا اور نہ تم
۶
عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝
پوجنے والے اسکے جسکو میں پوجوں تمکو تمھاری راہ مجھکو میری راہ ف۵

کلمات سورۃ النصر مدنیۃ وھی ثلث آیات حروف
۱۹ سورت نصر مدنی ہے تین آیتوں کی ۷۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۳۵
۱ ۲
اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ
جب پہنچ چکی مدد اللہ کی اور فیصلہ اور تو نے دیکھے لوگ پیٹھتے اللہ کے دین میں

ف۲ کوثر نام ہے ایک نہر کا بہشت میں اسکا پانی دودھ سے سفید اور شہد سے میٹھا ہے کوئی ایکبار اسمیں پیوے کبھی پیاسا نہ ہووے اسکا پانی ایک حوض میں بھرا ہے محشر میں دو پر نالے گرتے ہیں ایک سونے کا ایک روپے کا حوض چوکھونٹا ہے دو مہینے کی راہ چاروں طرف اسکے فرش ہے موتیوں سے روپے اور سونے کے اور کنارے پر نکلے ہیں ایک ایک موتی کے اندر سے خالی حوض میں آبخورے ترتے ہیں سونے روپے کے جتنے آسمان کے تارے حضرت اور انکے یار وہاں کھڑے ہیں امت کھچی جاتی ہے جو وہاں سے پیوے اسکے اسکا پانی پیا پھر ساری مدت محشر کی پیاس نہ لگی اور اپنے کرتوتوں جانا اسمیں ملتی آیا جو نہ پیا اسپر افسوس

ف۳ قربانی حضرت پر ضرور تھی اور امت میں مالدار پر ہے مفلس کو ضرور نہیں

ف۴ کافر کہتے اس شخص کے بیٹا نہیں زندگی تک اسکا نام ہے پیچھے کون نام لیگا سو انکا نام روشن ہے قیامت تک اس کافر کو کوئی نہیں جانتا

ف۵ یعنی تم نے ضد باندھی ہے اب سمجھانا کیا فائدہ کریگا مشہور یوں ہے کہ یہہ سورہ منسوخ ہے پر صحیح یہہ ہے کہ نہیں

3 اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۗ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

فوج فوج ۞ اب پاکی بول اپنے ربکی خوبیان اور گناہ بخشوا اُس سے ۞ تحقیق وہی معاف کرنیوالا ہے ف ۞

كلمات	سورة تبت مكية وهي خمس آيات	حروف
۲۴	سورت تبت کی ہے پانچ آیتون کی	۸۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۳۶

1 تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا
2
ٹوٹ گئے ہاتھ ابی لہب کے اور ٹوٹ گیا وہ آپ ۞ نہ کام آیا اُسکو اُسکا مال اور جو
3 كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۚ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ
4
کمایا ۞ اب پیٹھیگا ڈیک مارتی آگ میں ۞ اور اُسکی جورو ۞ سر پر لئے پھرتی
الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝
ایندھن ۞ اور اُسکی گردن میں رسی ہے موج کی ۞ ف ۞

كلمات	سورة الاخلاص مكية وهي اربع آيات	حروف
۱۰	سورت اخلاص کی ہے چار آیتون کی	۴۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع ۳۷

2
3 قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝
تو کہہ وہ اللہ ایک ہے ۞ اللہ نرادھار ہے ۞ ف ۞ نہ کسی کو جنا نہ کسی سے جنا ۞
4 وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝
اور نہیں اُسکے جوڑ کا کوئی ۞ ف ۞

کیونکہ اِسمین بیان یہی ہے کہ مسلمانون اور کافرونکے دین مین کسیطرح کا میل نہیں۔ یہہ کہ اُنسے تجھ پکا تھین ۞ بلکہ مسلمانونکے دین مین جہاد اور قتال بھی داخل ہے تفسیر عزیزیہ سے لکھا

ف ۞ یعنے قرآن مین ہر جگہ وعدہ ہی فیصلے کا اور کافر سزا کی کرتے تھے ۞ حضرت کے آخر عمر مین مکہ فتح ہو چکا ملک عرب مسلمان ہونے لگے دل کے دل وعدہ سچا ہوا ۞ اب اُمت کے گناہ بخشوا کر درجہ شفاعت کا بھی ملا ۞ یہہ سورہ آتری آخر عمر مین حضرت نے جانا کہ میرا جو کام تھا دنیا مین سو کر چکا اب سفر ہی آخرت کا

ف ۞ ابو لہب حضرت کا چچا تھا کفر کے مارے حضرت کی ضد مین تھا ۞ ایکبار حضرت نے سب قریش کو پکار کر جمع کیا ۞ اُسنے پتھر پھینکا کہ دیوانہ لوگونکو ناحق پکارتا ہے ۞ اور اُسکی عورت سخت دشمنی کرتی۔ خست کے مارے ایندھن جنگل سے آپ لاتی اور کانٹے حضرت کی راہ مین ڈالتی کہ اُسکے جانے کو چبھین

ف ۞ یعنے کھاتا پیتا نہین
ف ۞ یعنے اُسکے نسب کا کوئی نہیں کہ جورو رکھے یا بیٹا

اِس سورت کے نازل ہونیکا سبب کافرونکے سرداروں نے حضرت رسالت پناہ صلوات اللہ علیہ وآلہ کے پاس آکر سوال کیا کہ تم ہمارے معبود کو بُرا کہتے ہو

کلمات	سورة الفلق مكية وهي خمس آيات	حروف
٢٣	سورت فلق مکی ہی پانچ آیتون کی	٧٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٨ ٣ع

٢ ٣ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ
تو کہہ میں پناہ میں آیا صبح کے ربکی • ہر چیز کی بدی سے جو اُسنے بنائی • اور بدی سے
٤ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝
اندھیرے کی جب سمٹ آئی • ف • اور بدی سے پھونکنے والی عورتوں کی گرہون میں • ف •
٥ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝
اور بدی سے بُرا چاہنے والے کی جب لگے سونسنے • ف •

کلمات	سورة الناس مكية وهي ست آيات	حروف
٢٠	سورت ناس مکی ہی چھ آیتون کی	٨١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٣٩ ع

٢ ٣ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ إِلٰهِ النَّاسِ ۝
تو کہہ میں پناہ میں آیا لوگون کے رب کی • لوگونکے بادشاہ کی • لوگون کے معبود کی •
٤ ٥ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ
بدی سے اُسکی جو سٹکارے اور چھپ جاوے • ف • وہ جو خیال ڈالتاہی لوگون کے
٦ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝
دل میں • جنون یا آدمیون میں سے • ف •

اور عاجزی و ناتوانی اور بیاس طرح کے عیب اُسمین بتائے ہین جیسا کہو تو تمہارا ایہہ کیا کیا صفتین رکھتاہی وہ کسسے پیدا ہوا اور اُس سے کون • اور بعضی روایت مین یون بھی آیاہی کہ کافرونکے سوال مین یہہ بھی تھا کہ وہ کیا چیز ہی اور کیا کھاتا پیتاہی اور خدائی کو کہان سے پائی اور اُسکے پیچھے پھر وہ کسکو دیگی اور اُسکا مددگار اور صلاح کار خدائی کے کارخانے مین کون ہی • اسپر حضرت جبرئیل یہہ سورہ لائے • اور اس سورہ کو سورہ اخلاص کہتے ہین کہ مسلمانونکے دل کو خالص کرتی ہی اللہ تعالی کی ذات اور صفات کی پہچان کے واسطے
ف • یعنے رات کا اندھیرا یا چاند کا گہن • اور اُسمین آگہن سب تاریکیان ظاہر اور باطن کی اور تمامی پریشانی گمراہی
ف • یعنے جادوگر
ف • اُسونت اُنکی ٹوک لگتی ہی
ف • شیطان گناہ پر سٹکارے اور آپ سٹرجاوے
ف • حدیث مین فرمایاہی اِن سورتون کے برابر کوئی دعا نہیں پناہ کے واسطے
بعضے محقق نے لکھاہی کہ قرآن کے اول مین حرف با اور آخر مین اُسکے حرف سین آیاہی • اِس مین اسبات پر اشارہ ہی کہ قرآن مجید دونون جہان کے واسطے بس ہی

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۵۲۳	۵	الْعَالَمِیْنِ	الْعَالَمِیْنَ
۵۲۶	۳	الْمَلَؤُا	الْمَلَؤُ
۵۲۷	۴	الْجِنِّ	الْجِنِّ
۵۲۷	۸	فَضْلَ	فَضْلِ
۵۲۸	۵	قَوَازِیْرَ	قَوَارِیْرَ
۵۳۰	۴	ذَاتَ	ذَاتَ
۵۳۱	۲	یَبْدَؤُا	یَبْدَؤُ
۵۳۲	۳	اَن	اَنْ
۵۳۷	۵	[illegible]	[illegible]
۵۴۵	۶	وَیَخْتَارُ	وَیَخْتَارُ
۵۴۶	۴	لِتَسْکُنُو	لِتَسْکُنُوْا
۵۴۸	۶	یَجْرِی	یَجْزِی
۵۴۸	۸	اَعْلَمُ	اَعْلَمُ
۵۵۷	۳	لَارْتَابَ	لَارْتَابَ
۵۶۰	۱۰	لِابْنِهٖ	لِابْنِهٖ
۵۷۴	۳	خَتَّارٍ	خَتَّارٍ
۵۷۴	۵	جَازِ	جَازِ
۵۷۵	۱۱	خَلَقَهٗ	خَلَقَهٗ
۵۹۲	۳	[illegible]	اتیهم
۵۹۷	[illegible]	قُلْ	قُلْ
۶۰۳	۳	[illegible]	یس
۶۰۶	۵	وَالْبَصِیْرلب	وَالْبَصِیْرَةِ
۶۰۸	۳	اَذْهَبْ	اَذْهَبَ
۶۱۱	۴	مُسْتَقِیْمٍ	مُسْتَقِیْمٍ
۶۱۲	۹	قَالُوْا	قَالُوْا
۶۱۳	۹	کُمْ	کَمْ
۶۱۴	۸	الْقَدِیْمِ	الْقَدِیْمِ
۶۱۶	[illegible]	اٰدَمُ	اٰدَمَ
۶۱۹	۳	الْمَلَاءُ	الْمَلَاُ
۶۲۰	۳	الَّذِیْنَ	الَّذِیْنِ
۶۲۳	۱	اٰبَاءَهُمْ	اٰبَاءَهُمْ
۶۵۰	۸	لَّذِیْنَ	الَّذِیْنَ
۶۵۰	[illegible]	یَحْمِلُوْنَ	یَحْمِلُوْنَ
۶۶۰	[illegible]	ثُمَّ	ثَمَّ
۶۶۳	[illegible]	اٰتِنَا	اٰتِنَا
۶۶۵	۹	یَسْتَعْتِبُو	یَسْتَعْتِبُوْا

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۶۹۶	[illegible]	اَوْلِیَائَ	اَوْلِیَاءَ
۶۹۸	[illegible]	بَنِیَّة	بَنِی
۷۰۲	[illegible]	اَبَلِّغُکُمْ	اَبَلِّغُکُمْ
۷۰۵	[illegible]	رَبِّهِ	رَبِّهِ
۷۰۷	[illegible]	الثَّمَرَاتِ	الثَّمَرَاتِ
[illegible]	[illegible]	عَنْ نَفْسِهِ	عَنْ نَفْسِهِ
[illegible]	[illegible]	اَمْثَالُکُمْ	اَمْثَالُکُمْ
۷۱۵	[illegible]	کَثِیرَةً	کَثِیرَةً
۷۲۰	۵	ذَکَرٍ	ذَکَرٍ
۷۲۷	۷	کَذَٰلِکَ	کَذَٰلِکَ
۷۳۸	۸	سَرْنَا	یَسَّرْنَا
۷۷۰	۱۶	اَنْفِقُو	اَنْفِقُوا
[illegible]	[illegible]	اَیَّانَ	اَبَانَ
۸۱۱	۵	بَرْقٍ	بَرِقَ
[illegible]	۱۱	[illegible]	زُبِنَا
۸۱۹	[illegible]	وَنَبَاتًا	وَنَبَاتًا
۸۲۵	۵	الْقُبُورُ	الْقُبُورُ
[illegible]	[illegible]	بَلَی	بَلَی

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۸۳۵	۱۱	حُبًّا جَمًّا	حُبًّا جَمًّا
۸۳۶	۱۲	لَااُقْسِمُ	لَااُقْسِمُ
۸۴۲	۱۱	الْبَرِیَّهِ	الْبَرِیَّةِ

جلد ندا بموجب فهرست تصحیح کرده باشد

خاتمہ

الحمد لله رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خیر خلقه سیدنا ومولانا محمد وآله واصحابه اجمعین * بعد حمد حق جل وعلی ونعت خاتم انبیا صبر و اصفیا کے احقر العباد سید عبد الله ابن سید بہادر علی ابن سید حسن ابن سید جعفر مدنی پھر اُسکے ترمذی پھر اُسکے لاہوری پھر اُسکے سوانی سب مومنین کی خدمت مین عرض کرتا ہی * جب اِس وقت مین اِس خاکسار نے دیکھا کہ اکثر مسلمان اِس سبب سے کہ احتساب امر ملک سے موقوف ہوگیا اور صحبت اور آمیزش مین غیر قوم کی پھنس گئے اور خطرہ الله و رسول اور حاکم کا دل سے جاتا رہا سبب تم اسلام کی چھوڑ کر شرک اور بدعت کے طریق مین آکر اور بے مزاحمت غیر جو چاہا سو مانا کرنے لگے * اور جو کوئی ترے مسلمان مردے آدمی عرف مین کہتے ہین اور وے اپنے تئین پڑھا عالم جانتے ہین اُنھون نے بھی طریق وعظ اور نصیحت اور دوسرے کا پڑھنا پڑھانا دینداری کے احکام کا اُنکو دنیا کی عزت اور دولت اور جاہ طلبی کے سبب موقوف کیا * اِس باعث سے نہایت غم اور غصہ اِس خاکسار کی خاطر مین گذرتا تھا * بعد چند روز کے الله تعالی کے فضل و کرم سے ایسا اتفاق ہوا کہ جناب پیر و مرشد برحق امیر المومنین امام المسلمین حضرت سید احمد صاحب دام اقباله و برکاته حج کے ارادہ سے یہان تشریف لائے * یہہ خاکسار اور بہتیرے مسلمان نعمت بیعت کی اُس جناب پاک سے حاصل کر کے ہمرکاب اُنکے حرمین شریفین کی زیارت سے کامیاب ہوئے * اور یہہ ترجمہ ہندی قرآن شریف کا حضرت مولانا شاہ عبد القادر دہلوی مرحوم نے کیا ہی سید احمد علی صاحب جو حضرت پیر و نے کمال شوق سے اُسکی نقل اُسی مکان مبارک مین لی * اور خیال کیا کہ اگر یہہ قرآن شریف مع تر قت کے مسلمانون کو ہاتھ لگے تو شاید اپنے پروردگار کا کلام سمجھ کر آگے دیکھین اور اِس کلام کی برکت سے جو خود خالق کی زبان سے ہی اُنکے دل مین کچھ ہدایت آوے تو آوے * مگر کثرت اسکی بغیر اسکے کہ چھاپا جاوے نہین ہو سکی * تب اِس قلیل البضاعت نے بعد مراجعت اُس سفر کے مولانا عبد الحی صاحب اور مولانا محمد اسحق صاحب دہلوی اور مولوی حسن علی صاحب لکھنوی کی ایما اور استصلاح سے کمر ہمت اپنی مستحکم باندھی اور ارادہ مصمم کیا کہ جسطرح ہو اِسکو چھپوایا چاہئیے اور قیمت ایسی مقرر کیجئے کہ اپنا خرچ نکل آوے اور کسی مسلمان بھائی پر جسکو الله تعالی کے کلام سمجھنے کا کچھ بھی ذوق شوق ہو لینے مین بوجھ نہ پڑے * اِس مین اکثر لکھے مسلمان جو نافہم اور اِسکے فوائد دینی سے آگاہ نہین باوجود اِسکے کہ آپ دنیا کی دولت اور یہان کی زندگی کے آرام اور نام کے واسطے کیا کیا فکر تدبیرین خلاف شرع کرتے ہین اور رات دن اعانت اور استعانت مین گمراہون کی لگے ہوئے رہتے ہین بعضی ادنا باتونکا عذر درپیش کر کر اِسکے انجام ہونے مین خلل انداز ہوئے بلکہ اِس بات پر طعن کرنے لگے * لیکن الله تعالی کی مرضی جو اِس خاکسار کے ارادے کے موافق ہوئی تو اُسی نے اِس کار خیر کو انجام کو پہنچایا اور اُنکے طعن اور حسد کو اُنہین پر پھینکا اور خاکسار کو اُنکے ضرر سے بچا رکھا بفضله وکرمه * آخر اِس فقیر نے اپنے پروردگار پر بھروسا کر کے جان و دل سے ہمت باندھی اور نیت اپنی مسلمان بھائیون کے نفع دینی پہنچانے پر مضبوط اور خالص کی * پھر قریب دو برس کے عرصے مین بہت سے روپئے خرچ کر کے بڑی محنت اور جانفشانی سے بے مساعدت غیر اِسکو انجام کیا * اور چھاپنے کے وقت خوب اہتمام رکھا کہ کاریگر اِس کام کے سب طاہر اور نمازی ہون اور کسی طرح کی بے احتیاطی اور بے ادبی واقع نہو * اُس کریم برحق کے فضل سے حسب خواہش دلی جس طرح ارادہ کیا تھا اُسی طرح سے انجام کو پہنچا * اور چھاپنے کے وقت جہان شبہہ گذرتا تھا کہ قرآن شریف صحیح اور تفسیر عزیزی حضرت مولانا شاہ عبد العزیز قدس سره اور

تفسیر حسینی اور ایک ترجمہ ہندی اُردو کی زبان مین جو اس خاکسار کے والد منشی سید بہادر علی مرحوم اور کئی فاضلون نے ملکر لکہکے
مین کیا تھا موجود تھے اُن نسخونکی مدد سے وہ عقدہ حل ہوجاتا تھا * اور اِس قرآن شریف کے اشتہار ملنے کے جاری ہونے کے وقت سے یہہ
بھی التزام کیا ہی کہ سوائے اہل اسلام اور کسی قوم پاس باوجود فایدہ زاید بہ یہ اسکا نہووے اور اگر کوئی دنیا کی طمع سے اپنا
دین بیچے اور ایسا کام کر دے جاوے اور اُسکا ایمان اور اُسکا کام * سوانا ایک بستی کا نام ہی شہر تھانیسر کے تیرہ کوس پچہم کطرف
دلی سے پانچ منزل مغرب جسکو اس خاکسار کے اجداد مین سے حضرت شاہ زید شہید نے لاو لشکر لے لاہور سے مع
اپنی برادری آکر وہان کے ہندو راجا سے جہاد کرکے فتح کیا تھا پھر وہین شہید ہوئے * اور برادری اور اولاد اُنکی
اُس گرد پیش کی کئی بستیون پر عمل کرکے وہان بسی * بڑے بڑے سید بزرگ اُنکے سلسلے مین ہوئے جیسے
حضرت سید شاہ میرا اور حضرت سید نظام الدین اور حضرت سید اعز الدین نوبہار اور سید شاہ محمد حاجی اور حضرت سید شاہ
بھیکہہ جنکی مزار کہرام اور تہسکے مین ہی * اِن بزرگونکا سلسلہ حضرت امام علی اصغر و حضرت امام زین العابدین
علیہما السلام تک پہونچتا ہی * اگرچہ خاکسار چند مدت سے بنگالے مین ہی پر اب تک آمد و شد بھائیون کی
وطن سے یہان اور قرابت بیاہ شادی کی اُن سے جاری ہی

فائدہ

ترجمہ اصلی اگرچہ بطور تفسیر کے لکہا ہوا تھا مگر اِس خاکسار نے رعایت سہولت قرات کی کرکے اِس طور پر
چھاپا گیا * کیونکہ تفسیر ... جگہہ سے اُٹھانے اور دوسری جگہہ فاصلے پر
جانے سے مشکل ہو ... تو یہان کے مروج قاعدے سے لکہا کہ ہندی زبان کے ناواقف لوگ
تانیث و تذکیر مین غلطی ... * چنانچہ کاف و جیم اور دال وغیرہ با یائے معروف کو اِس طرح لکہا * کی * جی * دی *
اور کاف اور جیم اور دال وغیرہ با یائے مجہول کو اِس طرح * کے * جے * دے * اور کاف اور جیم اور تا اور با
وغیرہ ہندی ثقیلہ کو اِس طرح کہہ جہہ تہہ بہہ * واو اور یائے مجہول جسکے پہلے زبر ہو اُسکی علامت ۸ اور یائے مجہول جسکے
پہلے زیر خفیف ہو اُسکی علامت ہ اور تائے ثقیلہ کی علامت * اور رائے ثقیلہ کی علامت - اور یائے ساکن جسکے
پہلے زبر ہو اُسکو یائے مثلث سے لکہا جیسا ہی شی * اور جائز مطلق آیت وغیرہ کو نسخہ اوقاف سجاوندی سے
اور رکوعون کو نسخہ نجوم الفرقان سے تصحیح کیا * اور قاری کی آسانی کے واسطے ہر صفحے پر سورے کا نام اور سپارے کا
ہندسہ لکہا * اور آیات کے شمار کے لیے ہر آیت کے مقابلے مین ہندسہ دیا * اور فایدون کو حاشیے مین حرف ف کے
برابر رکہا مگر جہان جگہہ نہ تھی تو ہندسہ حوض اور حاشیے مین دے دیا کہ اُسکے فایدے کا تتمہ کا نا تتمہ لکہا ہے * اور سورۂ نحل
اور شوری اور فتح مین صفحے کے ہندسے مین غلطی ہوئی ہی وہ غلطی آیات کے ہندسون سے دفع ہو گی * اور ہر سورے کی
بسم اللہ کے اوپر تعداد کلمات اور حروف کا بہی لکہہ دیا * اور مصرخی کے مد کو چہوٹا اور سپارہ کے مدکو بڑا کیا * کہین کہین
فایدہ اصل کتاب سے زیادہ بہی لکہا خصوصاً شان نزول تیسویں سپارے مین ہو اُسکی پہچان کو کتاب کا نام وہان ذکر کر دیا *
اور احوال چھاپے کی کتاب کا خصوصاً جسمین اعراب ہون اور چھاپے کے وقت جو نقص اُسمین واقع ہوتا ہی اِس قرآن
شریف کی پہلی جلد کے آخر مین لکہہ دیا ہی مکرر ضرور نہین * منصفون اور دانشمندون کی سمجہہ کو اِسقدر بس ہی

ہزار ہزار شکر اُس پاک پروردگار کا جسنے محض اپنے فضل و کرم سے شہر جمادی الاول کی ستائیسوین تاریخ
ہجری نبوی کے بارہ سو سینتالیس سن مین اِس قرآن شریف کو مطبع احمدی کے بیچ اتمام کو پہنچایا * اب اُسکی جناب پاک سے
اُمیدوار ہون کہ بسبب جبلت انسانی کے اگر کچہہ بہول چوک یا کسی طرح کی بے ادبی اِس خاکسار سے اِس مین

ہوئی ہو تو یا اللہ یا کریم تو اپنے وصف کریمی اور رحیمی پر نظر کرکے اور صفت ستاری اور غفاری کے صدقے سے اور اپنے رسول مقبول اور اُنکی آل و اصحاب کی عزت اور حرمت کے طفیل اِس قصور سے مجکو بچائیو • اور میری اِس محنت کے کام کو دنیا میں یادگار اور باقیات صالحات ٹھہرائیو • اور آخرت میں اِس گنہگار کی اور اسکے ماباپ کی اور اولاد کی اور بھائی بندونکی اور سب رشتہ دارونکی اور دینی دوستونکی چھوٹے بڑے سے جیتے مُوئے سب کی مغفرت کا وسیلہ کیجیو • اور اُنمیں سے جو اب زندہ ہیں اُنکو اور اسکے پڑھنے والونکو اور اسکے حکموں پر چلنے والونکو اور اس چھاپہ خانے کے اہل کارونکو اپنی رضامندی کی راہ پر لا اور ہدایت نصیب کر • آمین ثم آمین

وہ فایدہ جو پہلی جلد کا جگہ کی تنگی کے سبب چھوڑ دیا گیا تھا اُنکو یہاں لکھ دیا

۸ صفحہ نویں سطر عربی لفظ المعتلٰین کے نیچے • ف ۹ • حج کے ساتھ یہہ مذکور بھی ہوتا ہی کہ حضرت ابراہیم کے وقت سے شہر مکہ جائے امان تھا • اگر یہاں دشمن کو دشمن پاتا تو بھی کچھ نکہتا • اور حج کے اول اور آخر میں مہینے ذی قعدہ و ذی الحجہ و محرم اور چوتھا رجب کہ وہ بھی وقت زیارت تھا یہ چار مہینے وقت امان تھے • کہ تمام ملک عرب میں راہیں جاری ہوتیں اور لڑائی موقوف رہتی • اللہ تعالی اُنکا حکم فرماتا ہی • اِس بیچ میں اور بھی لڑائی کے حکم اور جہاد کے آداب فرماتا ہی • یہہ جو فرمایا کہ زیادتی نکرو • اُسکے معنی یہہ • کہ لڑائی میں لڑکے اور عورتیں اور بوڑھے قصد ا نمارے لڑنے والونکو مارئے صفحہ ۹۳ پہلی سطر عربی لفظ الکافرین کے نیچے • ف ۷ • یعنے مکہ جائے امان ہی لیکن جب اُ ... ن لانے پر ستانے لگے کہ یہہ مارڈالنے سے زیادہ ہی • اب اُنکو امان نرہی جہان پاوہ ... نے بھی حکم کیا • کہ جو کوئی ہتھیار سامھنے کرے اُسی کو مار و باقی سب کو امن دیا

ہندی لفظوں کا فرہنگ مترادف لفظوں کے ساتھ

باڑ	تتی • کھیرا	جنلی مٹی	چکنی مٹی	کریدنا	کھودنا
بانا	نشان	جھپکا •	پڑ کی مار	کُہکنا	چینخنا • چلانا
پاتا بھونڈا	ناقص حصہ	دل	فوج	کھنکھنانی	سولھی بولنی
پاسنا	ڈھیلا • کمزور ہونا	دہکنا	گرم ہونا	کھنگر	پتھریلی مٹی
پیدا	بدن	ڈیک	شعلہ	کمند	قطعہ • تختہ
پھنکی	ذرہ نشان	دھارنا	فرض کرنا	گوت	خاندان
پسا	گرم	دھار دینا • دھار مارنا	لوٹنا	گھات	داؤ
ٹھنی	چھوٹی صراحی	ڈھڑوہر	امانت	گھاٹی	پہاڑ کی راہ
ٹونس	گرمی	ڈھنڈھ	بے ڈالیوں کا درخت	لجھی	لسی • لعوبانی مال
ٹیور	نظر	رج	بہت بھر	لو	لپٹ • تپش
ٹیوری چڑھانا	نظر بدلنا	ڑج	بے نقصان		
بھیر	مردی	اڈل بڑے	بھیل بڑے	ماون • میل کی خرخوبی اور برے کیواسطے	
چھاک	پھینی • کف	سانپ	بددعا	منہ تھتھایا	منہ ٹیڑھا کیا
جھرمٹ	سر منہ کپڑے سے لپٹنا	صر اٹل رہے	صر او بچے رہے	موندنا	بندکرنا
جھوبحل	غصہ	سکارنا	اشارہ کرنا	ناڑ	ہرکنا
چچرجانا	تالدینا	سبن کرنا	آنکھ مارنا	نوی	بچی
چندھلانا	آنکھ کی روشنی کا کم ہونا	کاناپھوسی	کان میں بات	ٹنس	گلے کے بچے کی ہڈی
چنائی	کھان	کٹھری	ماپ کی	ہکاسا •	بڑھنا • کودنا